إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا۔

ربط ہر جان محمدؐ سے مری جاں کو مدام ❊ دل کو وہ جام لبالب ہے پلایا ہم نے
چھوڑ کے دامن ترا ہر دام سے ملتی ہے نجات
لاجرم در پہ ترے سر کو جھکایا ہم نے





رسالہ

# درود شریف

ماخوذ از

احادیث رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم، الہامات و ارشادات حضرت
مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام وافادات حضرت خلیفۃ اول و حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ

مرتبہ

مکرم محترم مولنا محمد اسمٰعیل صاحب مولوی فاضل و منشی فاضل پروفیسر جامعہ احمدیہ کالج قادیان

باہتمام

محمد یامین اینڈ سنز مالک احمدیہ کتبخانہ قادیان

بار اول ماہ دسمبر ۱۹۲۸ء قیمت ۸/
وزیر ہند پریس امرتسر میں باہتمام سردار لکھبیر سنگھ منیجر و پرنٹر چھپا

# عظمت رسول پاک ﷺ

محمد پر ہماری جاں فدا ہے
کہ وہ کوئے صنم کا رہنما ہے

خدا کو اس سے مل کر ہم نے پایا
وہی اک راہِ دیں کا رہنما ہے

ہوا اس کے نام پہ قربان سب کچھ
کہ وہ شاہنشہ ہر دوسرا ہے

مرا ہر ذرہ ہو قربانِ احمدؐ
مرے دل کا یہی اک مدعا ہے

اسی کے عشق میں نکلے مری جاں
کہ یادِ یار میں بھی اک مزا ہے

اسی سے میرا دل پاتا ہے تسکیں
وہی آرام میری روح کا ہے

مرا دل اس نے روشن کر دیا ہے
اندھیرے گھر کا میرے وہ دیا ہے

سنو اے دشمنانِ دینِ احمدؐ
نتیجہ بد زبانی کا برا ہے

کسان کو اک نظر دیکھو خدارا
جو بوتا ہے اسی کو کاٹتا ہے

نہیں لگتے کبھی کیکر کو انگور
نہ حنظل میں کبھی خرما لگا ہے

لگیں گو زخم دل تلوار کے زخم
زباں کا ایک زخم ان سے برا ہے

خزاں آتی نہیں زخمِ زباں پر
یہ رہتا آخری دم تک ہرا ہے

ہمارے انبیاء کو گالیاں دو
پھر اس کے ساتھ دعویٰ صلح کا ہے

ہماری صلح ہو گی تم سے کیونکر
تمہارے دل میں جب یہ کچھ بھرا ہے

محمد کو برا کہتے ہو تم لوگ
ہماری جان و دل جس پر فدا ہے

محمد جو ہمارا پیشوا ہے
محمد جو کہ محبوبِ خدا ہے

بزرگوں کو ادب سے یاد کرنا
یہی اکسیر ہے اور کیمیا ہے

مجھے اس بات پر ہے فخر محمودؔ
مرا معشوق محبوبِ خدا ہے

(خلیفۃ المسیح الثانیؓ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

# حمد باری تعالیٰ

سُبْحَانَ اللّٰہِ - وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ - وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ - وَ اللّٰہُ اَکْبَرُ - وَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ - وَلَا مَنْجَی مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہِ - لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَ لَہُ الْحَمْدُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ - یُحْیِیْ وَ یُمِیْتُ وَ ھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ - سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ - سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ - اَللّٰہُ اَکْبَرُ کَبِیْرًا - وَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ کَثِیْرًا - وَسُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ - وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ - لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ - سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ عَدَدَ خَلْقِہٖ وَ رِضٰی نَفْسِہٖ وَ زِنَۃَ عَرْشِہٖ وَ مِدَادَ کَلِمَاتِہٖ -

وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ حَیٌّ وَ قَدِیْر — لم یزل لایزال سمیع و بصیر
کارساز جہان و پاک و قدیم — خالق و رازق و کریم و رحیم
رہنماو معلم رہ دین — ہادی و ہم علوم یقین
متصف با ہمہ صفات کمال — برتر از احتیاج آل و عیال
نیست از حکم او بدون چیزے — نہ ز چیزے است او نہ چون چیز
ہمہ پیدا ز دست قدرت او — کثرت شان گواہ وحدت او
اے خداوند خلق و عالمیان — خلق و عالم ز قدرت حیران
چہ مہیب است شان و شوکت تو — چہ عجیب است کار صنعت تو

| | |
|---|---|
| حمد را با تو نسبت است آغاز | نے وراں کس شریک نے انباز[۱] |
| تو وحید و فرید بے نظیر و قدیم | منزہ ز ہر قسیم و سہیم |
| کس نظیر تو نیست در دو جہاں | ہر دو عالم توئی خدائے جہاں |
| قدرت تو غالب است بر ہمہ چیز | ہمہ چیزے بہ جنب تو ناچیز |
| نیست ذاتت کنہ تو شان بشر | ہر کہ عارف تر است ترساں تر |
| خلق جویند پناہ و سایۂ کس | واں پناہ ہمہ توئی و بس |
| نیست با دست تو ہیچ کارے | خاطرے بے تو خاطر آزارے |
| ہر کہ نالد بہ درگہت بہ نیاز | بخشی گر کردہ را بہ ہیچ باز |
| ذات تو پاک است یا ربّ یکے | دل یکے جاں یکے نگار یکے |
| اے خداوند اے گناہ بخش | سوئے درگاہ خویش راہم بخش |
| روشنی بخش در دل و جانم | پاک کن از گناہ پنہانم |
| دستگیری کن و رہائی کن | بہ نگاہے گرہ کشائی کن |
| در دو عالم مرا عزیز توئی | وانچہ مے خواہم از تو نیز توئی |

(بہشتی زیور حصّہ اوّل)

# ثنائے سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم

اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّیِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصّٰلِحِیْنَ۔ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

---

[۱] انباز: شریک۔ شریک حصہ دار۔

در دلم جوشد ثنائے سروری — آنکه در خوبی ندارد ہمسری
آنکه جانش عاشقِ یارِ ازل — آنکه روحش واصلِ آں دلبری
ہمہ مجذوبِ عنایاتِ حق است — ہمچو طفلے پروریدہ در برے
آنکه در بر و کرم بحرِ عظیم — آنکه در لطفِ اتم یکتا درے
آنکه در جود و سخا ابرِ بہار — آنکه در فیض و عطا یک خاورے
آں رحیم و رحمِ حق را آیتے — آں کریم و جودِ حق را مظہرے
آں رخِ فرخ کہ یک دیدارِ او — زشت را میکند خوش منظرے
آں دلِ روشن کہ روشن کردہ است — صد درونِ تیرہ را چوں اخترے
آں مبارک پے کہ آمد ذاتِ او — رحمتے زاں ذاتِ عالم پرورے
احمدِ آخر زماں کش نورِ او — شد دلِ مردم ز خلقش تاباں ترے
از بنی آدم فزوں تر در جمال — وز لآلی پاکتر در گوہرے
بر لبش جاری ز حکمت چشمۂ — در دلش پر از معارف کوثرے
بہرِ حق داماں ز غیرش برفشاند — ثانئے او نیست در بحر و برے
آں چراغش داد حق کش تا ابد — نے خطر نے خم ز بادِ صرصرے
پہلوانِ حضرتِ ربِّ جلیل — بر میاں بستہ ز شوکت خنجرے
تیرِ او تیزی بہر میداں نمود — تیغِ او ہر جا نمودہ جوہرے
خواجہ و ہر عاجزاں را بندۂ — بادشاہ و بیکساں را چاکرے
آں ترحم‌ہا کہ خلق از وے بدید — کس ندیدہ در جہاں از مادرے
از شرابِ شوقِ جاناں بیخودے — در رہش بر خاک بنہادہ سرے
روشنی از وے بہر قومے رسید — نورِ او رخشید بر ہر کشورے
آیتِ رحماں برائے ہر بصیر — حجتِ حق بہرِ ہر دیدہ ورے

ناتواناں را برحمت دستگیر — خستہ جاناں را بہ شفقت غمخوری
حسن رویش بہ ز ماہ و آفتاب — خاک کویش بہ ز مشک و عنبری
آفتاب و مہ چہ مے ماند بدو — در دلش از نور حق صد نیّری
یک نظر بہتر ز عمر جاوداں — گر فتد کس را بداں خوش پیکری
تافت آں روئے کزاں روسر نتافت — یافت آں دوراں کہ بگزید آں دری
ختم شد بر نفس پاکش ہر کمالی — لاجرم شد ختم ہر پیغمبری
جائے او جائے کہ طیر قدس را — سوزد از انوار آں بال و پری
ہست او در روضۂ قدس و جلال — و از خیال ما جہاں بالا تری
اے خدا بر وے سلام ما رساں — ہم بر اخوانش ز ہر پیغمبری
ما ہمہ پیغمبراں را چاکریم — ہمچو خاکے اوفتادہ بر دری
اے خداوندم بخیل انبیاء — کش فرستادی بفضل اوفری
معرفت ہم دہ چو بخشیدی دلم — مے بدہ زانساں کہ دادی ساغری
اے خداوندم بنام مصطفیٰ — کش شدی در ہر مقامے ناصری
دست من گیر از رہ لطف و کرم — در مہمم باش یار و یاوری
تکیہ بر زور تو دارم گرچہ من — ہمچو خاکم بلکہ زاں ہم کمتری

(براہین احمدیہ حصہ اول)

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی نَبِیِّكَ وَحَبِیْبِكَ سَیِّدِ الْاَنْبِیَاءِ وَاَفْضَلِ الرُّسُلِ وَخَیْرِ الْمُرْسَلِیْنَ وَخَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ۔

(براہین احمدیہ ص ۲۲۴)

چوں زمن آید ثنائے سرور عالی تبار — عاجز از مدحش زمین و آسمان و ہر دو دار

آں مقامِ قرب کو دارد بہ دلدارِ قدیم ‎ ‎ کس نداند شانِ آں از واصلانِ کردگار

آں عنایتہا کہ محبوبِ ازل دارد بدو ‎ ‎ کس بخواب ہم ندیدہ مثلِ آں اندر دیار

سرورِ خاصانِ حق شاہِ گروہِ عاشقاں ‎ ‎ آنکہ رویش کرد طے سیرِ خزانِ وصلِ نگار

آں مبارک پے کہ آمد ذاتش با آیاتِ او ‎ ‎ رحمتے زاں ذاتِ عالم پرور و پروردگار

آنکہ دارد قربِ خاص اندر جنابِ پاکِ حق ‎ ‎ آنکہ بشانِ او نہ فہمد کس ز خاصان و کبار

احمدِ آخر زماں کو اولیں را جائے فخر ‎ ‎ آخریں را مقتدا و ملجا و کہف و حصار

ہست درگاہِ بزرگش کشتیِ عالم پناہ ‎ ‎ کس نگردد روزِ محشر جز بہ بابش رستگار

زیں ہمہ چیزے فزوں تر در ہمہ نوعِ کمال ‎ ‎ آسمانہا پیشِ اوجِ ہمتِ او خوار و زار

مظہرِ نورے کہ پنہاں بود از عہدِ ازل ‎ ‎ مطلعِ شمسے کہ بود از ابتدا در استتار

مصدرِ بزمِ آسماں و حجۃ اللہ بر زمیں ‎ ‎ ذاتِ خالق را نشانے بس بزرگ و استوار

ہر رگ و تارِ وجودش خانۂ یارِ ازل ‎ ‎ ہر دم و ہر ذرہ اش پر از جمالِ دوستدار

حسنِ روئے او بسے افزوں ز آفتاب و ماہتاب ‎ ‎ خاکِ کوئے او بسے افزوں ز نافہ مشکِ تتار

ہستی او از حقیقتِ فکر و وہمِ مردم دور تر ‎ ‎ کے مجالِ فکر تا آں بحر را پیدا کنار

روحِ او بود از گزشتن قرنہا پیشے اول کسے ‎ ‎ آدم و توحید پیش از آدمش پیوند یار

جاں نثار و دادہ پیشے خلقِ خدا در فطرتش ‎ ‎ جاں نثارِ خستہ جاناں بیدلاں را غمگسار

اندر آں وقتے کہ دنیا پر ز شرک و کفر بود ‎ ‎ ہیچ کس را چشمِ دل جز طالبِ آں شہریار

ہیچ کس از غیبتِ شرک و بت آگہ نشد ‎ ‎ ایں خبر شد جانِ احمد را کہ بود از عشق زار

کس چہ پیدا کرد آں نالہ کہ باشد خبر ‎ ‎ کاں شفیعے کرد از بہرِ جہاں در کنجِ غار

من نمے دانم چہ در شب بود کاندرو غمے ‎ ‎ کاندراں تاریکئ شب آورد حزیں و دلفگار

نے ز تاریکی بترسش نے ز تنہائی ہراس ‎ ‎ نے ز سردی غم نہ خوفِ کژدم و نے بیمِ مار

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلَيْهِ وَآلِهٖ بِعَدَدِ هَمِّهٖ وَحُزْنِهٖ لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ وَاَنْزِلْ عَلَيْهِ اَنْوَارَ رَحْمَتِكَ اِلَى الْاَبَدِ۔

(برکات الدعاء ص)

وہ پیشوا ہمارا۔ جس سے ہے نور سارا — نام اس کا ہے محمدؐ دلبر مرا یہی ہے
سب پاک ہیں پیمبر اک دوسرے سے بہتر — لیک از خدائے برتر خیر الوریٰ یہی ہے
پہلوں سے خوب تر ہے خوبی میں اک قمر ہے — اس پر ہر اک نظر ہے۔ بدر الدجیٰ یہی ہے
پہلے تو رہ میں ہارے۔ پار اس نے ہیں اتارے — میں جاؤں اس کے وارے۔ بس ناخدا یہی ہے
پردے جو تھے ہٹائے۔ اندر کی رہ دکھائے — دل یار سے ملائے۔ وہ آشنا یہی ہے
وہ یار لامکانی۔ وہ دلبر نہانی — دیکھا ہے ہم نے اس سے۔ بس رہنما یہی ہے
وہ آج شاہِ دیں ہے۔ وہ تاج مرسلیں ہے — وہ طیب و امیں ہے۔ اس کی ثنا یہی ہے
حق سے جو حکم آئے۔ اس نے وہ کر دکھائے — جو راز تھے بتائے۔ نعم العطا یہی ہے
آنکھ اس کی دوربیں ہے دل یار سے قریں ہے — ہاتھوں میں شمع دیں ہے عین الضیا یہی ہے
جو راز دیں تھے بھارے۔ اُسنے بتائے سارے — دولت کا دینے والا۔ فرماں روا یہی ہے
اس نور پر فدا ہوں۔ اسکا ہی میں ہوا ہوں — وہ ہے میں چیز کیا ہوں بس فیصلہ یہی ہے
وہ دلبر یگانہ۔ علموں کا ہے خزانہ — باقی ہے سب فسانہ۔ سچ بے خطا یہی ہے
سب ہم نے اس سے پایا۔ شاہد ہے تو خدایا — وہ جس نے حق دکھایا۔ وہ مہ لقا یہی ہے
ہم تھے دلوں کے اندھے سو سو دلوں پہ پھندے — پھر کھولے جسنے جندرے۔ وہ مجتبیٰ یہی ہے

(قادیان کے آریہ اور ہم)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

(کشتی نوح ص)

عجب نوریست در جانِ محمدؐ — عجب لعلے است در کانِ محمدؐ

ز ظلمتہا دلے آنگہ شود صاف — کہ گردد از محبانِ محمدؐ

عجب دارم دلِ آں ناکساں را — کہ رو تابند از خوانِ محمدؐ

ندانم ہیچ نفسے در دو عالم — کہ دارد شوکت و شانِ محمدؐ

خدا زاں سینہ بیزارست صد بار — کہ ہست از کینہ دارانِ محمدؐ

خدا خود سوزد آں کرم دنی را — کہ باشد از عدوانِ محمدؐ

اگر خواہی نجات از مستئ نفس — بیا در ذیلِ مستانِ محمدؐ

اگر خواہی کہ حق گوید ثنایت — بشو از دل ثنا خوانِ محمدؐ

اگر خواہی دلیلے عاشقش باش — محمدؐ ہست برہانِ محمدؐ

سرے دارم فدائے خاکِ احمدؐ — دلم ہر وقت قربانِ محمدؐ

بہ گیسوئے رسول اللہ کہ ہستم — نثارِ روئے تابانِ محمدؐ

دریں رہ گر کشندم ور بسوزند — نتابم رو ز ایوانِ محمدؐ

بکارِ دیں نترسم از جہانے — کہ دارم رنگِ ایمانِ محمدؐ

بسے سہل است از دنیا بریدن — بیادِ حسن و احسانِ محمدؐ

فدا شد در رہش ہر ذرۂ من — کہ دیدم حسنِ پنہانِ محمدؐ

دگر استاد را نامے ندانم — کہ خواندم در دبستانِ محمدؐ

بہ دیگر دلبرے کارے ندارم — کہ ہستم کشتۂ آنِ محمدؐ

مرا آں گوشۂ چشمے بباید — نخواہم جز گلستانِ محمدؐ

دلِ زارم بہ پہلویم مجوئید — کہ بستیمش بہ دامانِ محمدؐ

من آں خوش مرغ از مرغانِ قدسم — کہ دارد جا بہ بستانِ محمدؐ

تو جانِ ما منور کردی از عشق — فدایت جانم اے جانِ محمدؐ

دریغا گر دہم صد جاں دریں رہ ۔ نباشد نیز شایانِ محمد
چہ نسبت ہا بداوند ایں جواں را ۔ کہ ماند کس بہ میدانِ محمد
الا اے دشمنِ نادان و بے راہ ۔ بترس از تیغِ برّانِ محمد
رہ مولا کہ گم کردند مردم ۔ بجو در آل و اعوانِ محمد
الا اے منکر از شانِ محمد ۔ ہم از نورِ نمایانِ محمد
کرامت گرچہ بے نام و نشان است ۔ بیا بنگر ز غلمانِ محمد

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى نَبِيِّكَ وَ حَبِيْبِكَ مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَ خَيْرِ الْمُرْسَلِيْنَ وَ اٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ وَ اَصْحَابِهِ عَمَائِدِ الْمِلَّةِ وَ الدِّيْنِ وَ عَلٰى جَمِيْعِ عِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ اٰمِيْنَ ۔ (سر الخلافہ)

آں شہِ عالم کہ نامش مصطفٰے ۔ سید عشاق حق شمس الضحٰے
آنکہ ہر نورے طفیلِ نورِ اوست ۔ آنکہ منظورِ خدا منظورِ اوست
آنکہ بہرِ زندگی آبِ رواں[2] ۔ در معارف ہمچو بحرِ بیکراں
آنکہ بر صدق و کمالش در جہاں ۔ صد دلیل و حجتِ روشن عیاں
آنکہ انوارِ خدا بر روئے او ۔ مظہرِ کارِ خدائی کوئے او
آنکہ جملہ انبیاء را ستواں[1] ۔ خادمانش ہمچو خاکِ آستاں
آنکہ مہرش مے رساند تا سما ۔ مے کند چوں ماہِ تاباں در صفا
صد دہد فرعونیاں را ہر زماں ۔ چوں ید بیضائے موسیٰ صد نشاں
شانِ عشقش آں مہ دل را کشد ۔ کس نہ بیند کس بصد سالہ جہاں

[1] استوان ۔ مددگاراں ۔ [2] آبِ رواں ۔ یعنی آبِ حیات ۔

از شعاعش دل فروزد جاں دہد — جلوۂ از طاقت یزداں دہد
از شعاعش سینہ ایمانی کند — با خبر از یار پنہانی کند
تابش چوں انبیاء گردد ز نور — نورش افتد بر ہمہ نزدیک و دور
شیر حق ہم ہیبت از رب جلیل — دشمناں پیشش چہ روباہ ذلیل
مصطفےٰ آئینۂ روئے خدا است — منعکس در وے ہماں خوئے خدا است
گر ندید استی خدا او را ببیں — من رآنی فقد رای الحق[۱] ایں یقیں
مصطفےٰ مہر درخشاں خدا است — بر عدوش لعنت ارض و سما است
ایں نشان لعنت آمد کایں خفاں — ماندہ اندر ظلمتے چوں شپراں
تا نہ نور احمد آید چارہ گر — کس نہ گردد ز تاریکی بدر
از طفیل اوست نور ہر نبی — نام ہر مرسل بنام او جلی

(براہین احمدیہ)

عَلَيْهِ صَلَوٰتُ اللّٰهِ وَ مَلٰٓئِكَتِهٖ وَ اَنْبِيَآئِهٖ وَ جَمِيْعِ عِبَادِهِ الصّٰلِحِيْنَ۔
(اعجاز المسیح ص...)

# درود شریف اور قرآن کریم

اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَ سَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا۔ (الاحزاب ع ۷)

ترجمہ۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے اس نبیؐ پر درود بھیجتے ہیں (پس) اے مومنو! تم (بھی) اس پر درود بھیجا کرو۔ اور بہت خوبی سے

---

۱؎ جس نے مجھے دیکھا۔ اس نے حق (تعالیٰ) کو دیکھ لیا۔ الحدیث

(اس پر) سلام بھیجا کرو۔

# درود شریف و الہامات حضرت مسیح موعودؑ

(۱) صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ وُلْدِ اٰدَمَ وَ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ ۔ (ترجمہ) "درود بھیج محمدؐ اور آلِ محمدؐ پر جو سردار ہے آدم کے بیٹوں کا۔ اور خاتم الانبیاء ہے"۔

## تفسیر الہام مذکورہ از حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

"یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے۔ کہ یہ سب مراتب اور تفضیلات اور عنایات اسی کی طفیل سے ہیں۔ اور اسی سے محبت کرنے کا صلہ ہے۔ سبحان اللہ! اس سرور کائنات کے حضرت احدیت میں کیا ہی اعلیٰ مراتب ہیں اور کس قسم کا قرب ہے۔ کہ اس کا محب خدا کا محبوب بن جاتا ہے۔ اور اس کا خادم ایک دنیا کا مخدوم بنایا جاتا ہے۔ ؎

ہیچ محبوبے نہ ماند ہمچو یارِ دلبرم — مہر و مہ را نیست قدرے در دیارِ دلبرم

آں کجا روئے کہ دارد ہمچو رویش آب و تاب — واں کجا باغے کہ مے دارد بہارِ دلبرم

## برکات درود شریف

اس مقام پر مجھ کو یاد آیا کہ ایک رات اس عاجز نے اس کثرت سے درود شریف پڑھا کہ دل و جان اس سے معطر ہو گیا۔ اسی رات خواب میں دیکھا کہ آب زلال کی شکل پر نور کی مشکیں اس عاجز کے مکان

ہیں لئے آتے ہیں۔ اور ایک نے ان میں سے کہا۔ کہ یہ وہی برکات ہیں۔ جو تو نے محمدؐ کی طرف بھیجے تھے صلی اللہ علیہ و آلہ و سلّم۔

**برکات محبت آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم**

اور ایسا ہی عجیب ایک اور قصہ یاد آیا ہے کہ ایک مرتبہ الہام ہوا جس کے معنے یہ تھے کہ ملا اعلیٰ کے لوگ خصومت میں ہیں۔ یعنی ارادۂ الٰہی احیاء دین کیلئے جوش میں ہے۔ لیکن ہنوز ملا اعلیٰ پر شخص محیی کی تعین ظاہر نہیں ہوئی۲ تلاش کرتے پھرتے ہیں۔ اور ایک شخص اس عاجز کے سامنے آیا۔ اور اشارہ سے اس نے کہا۔ هٰذَا رَجُلٌ یُحِبُّ رَسُوْلَ اللّٰہِ یعنی یہ وہ آدمی ہے۔ جو رسوؐل اللہ سے محبّت رکھتا ہے۔ اور اس قول سے یہ مطلب تھا کہ شرط اعظم اس عہدہ کی محبتِ رسوؐل ہے۔ سو وہ اس شخص میں متحقق ہے۔

**آل رسوؐل پر درود**

اور ایسا ہی الہام متذکرہ بالا میں جو آلِ رسوؐل پر درود بھیجنے کا حکم ہے سو اس میں بھی یہی سِر ہے۔ کہ افاضۂ انوارِ الٰہی میں محبت اہل بیت کو بھی نہایت عظیم دخل ہے۔ اور جو شخص حضرتِ احدیت کے مقربین میں داخل ہوتا ہے۔ وہ انہیں طیبین طاہرین کی وراثت پاتا ہے۔ اور تمام علوم و معارف میں ان کا وارث ٹھیرتا ہے۔

درود شریف قرآن کریم کے خزائن علوم کی کلید ہے اس جگہ ایک

۲ اسلئے وہ اختلاف میں ہے۔ اسی اثنا میں خواب میں دیکھا کہ لوگ ایک محی کو

نہایت روشن کشف ہو آیا۔ اور وہ یہ ہے۔ کہ ایک مرتبہ نماز مغرب کے بعد عین بیداری میں ایک تھوڑی سی غیبت حس سے جو خفیف سے نشاء سے مشابہ تھی ایک عجیب عالم ظاہر ہوا۔ کہ پہلے یک دفعہ چند آدمیوں کے جلد جلد آنے کی آواز آئی جیسے بسرعت چلنے کی حالت میں پاؤں کی جوتی اور موزہ کی آواز آتی ہے۔ پھر اسی وقت پانچ آدمی نہایت وجیہ اور مقبول اور خوبصورت سامنے آگئے۔ جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم و حضرت علی و حسنین و فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہم اجمعین۔ اور ایک نے ان میں سے اور ایسا یاد پڑتا ہے کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے نہایت محبت اور شفقت سے مادر مہربان کی طرح اس عاجز کا سر اپنی ران پر رکھ لیا پھر بعد اس کے ایک کتاب مجھ کو دی گئی جس کی نسبت یہ بتلایا گیا کہ یہ تفسیر قرآن ہے جس کو علیؓ نے تالیف کیا ہے۔ اور اب علیؓ وہ تفسیر تجھ کو دیتا ہے۔ فالحمد للّٰہ علی ذالک (براہین احمدیہ حصہ چہارم صفحہ [illegible])۔

(۴) سَلَامٌ عَلَيْكَ يَا اِبْرَاهِيْمُ۔ اِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِيْنٌ اَمِيْنٌ۔ ذُوْ عَقْلٍ مَتِيْنٍ۔ حِبُّ اللّٰهِ۔ خَلِيْلُ اللّٰهِ۔ اَسَدُ اللّٰهِ وَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ۔ (ترجمہ) تیرے پر سلام ہے اے ابراہیم! تو آج ہمارے نزدیک صاحب مرتبہ اور امانتدار اور قوی العقل ہے۔ اور دوست خدا ہے۔ خلیل اللہ ہے۔ اسد اللہ ہے۔ اور

محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج ۔

**تفسیر:** یعنی یہ اسی نبی کریم کی متابعت کا نتیجہ ہے ۔
(براہین احمدیہ صفحہ ۵۵۶)

(۳) کُلُّ بَرَکَۃٍ مِّنْ مُّحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَتَبَارَکَ مَنْ عَلَّمَ وَ تَعَلَّمَ ۔ (براہین صفحہ ۲۳۹) **ترجمہ** ہر ایک برکت محمد صلے اللہ علیہ وسلم (آپ پر اللہ تعالیٰ خاص رحمتیں نازل کرے۔ اور آپ پر سلام بھیجے) سے حاصل ہوئی ہے۔ پس بہت ہی برکتوں والا اور پاک ہے۔ جس نے پڑھایا اور جس نے پڑھا ۔

(۴) وَأْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْہَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ ۔ اَلصَّلٰوۃُ ھُوَ الْمُرَبِّیْ اِنِّیْ رَافِعُکَ اِلَیَّ وَ اَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِّنِّیْ (براہین صفحہ ۲۴۲) **ترجمہ** نیکی کا لوگوں کو حکم دے اور بدی سے روک ۔ اور محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) پر اور آپکی آل پر درود بھیج ۔

درود ہی تربیت کرنے والی اور کمال بخشنے والی ہے میں تجھے بلند کرونگا ۔ میں اپنی طرف سے تجھے محبت کی خلعت پہناؤنگا ۔ یعنی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے سے انسان عیسیٰ بلکہ موسیٰ کا مقام پا سکتا ہے ۔ جس کا ثبوت میں تیرے وجود کو بناؤں گا ۔

# درود شریف اور شرائط بیعت

(شرط) سوئم یہ کہ بلا ناغہ پنجوقت نماز موافق حکم خدا اور رسول کے ادا کرتا رہے گا۔ اور حتی الوسع نماز تہجد کے پڑھنے۔ اور اپنے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے اور ہر روز اپنے گناہوں کی معافی مانگنے اور استغفار کرنے میں مداومت اختیار کرے گا۔ اور دلی محبت سے اللہ تعالیٰ کے احسانوں کو یاد کر کے اس کی حمد اور تعریف کو ہر روزہ اپنا ورد بنائیگا۔

# درود شریف کے برکات

(از حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسّلام)

"ایک مرتبہ ایسا اتفاق ہوا۔ کہ درود شریف کے پڑھنے میں یعنی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے میں ایک زمانہ تک مجھے بہت استغراق رہا۔ کیونکہ میرا یقین تھا۔ کہ خدا تعالیٰ کی راہیں نہایت دقیق راہیں ہیں۔ وہ بجز وسیلہ نبی کریم کے مل نہیں سکتیں جیسا کہ خدا بھی فرماتا ہے۔ وَابْتَغُوا اِلَيْهِ الْوَسِيلَةَ (ترجمہ اس کی طرف وسیلہ طلب کرو) تب ایک مدت کے بعد کشفی حالت میں میں نے دیکھا کہ دو سقے یعنی ماشکی آئے۔ اور ایک اندرونی راستے سے اور ایک بیرونی راہ سے میرے گھر میں

داخل ہوئے ہیں۔ اور ان کے کاندھوں پر نور کی مشکیں ہیں
اور کہتے ہیں۔ هٰذَا لِمَا صَلَّيْتَ عَلٰى مُحَمَّدٍ (حقیقۃ الوحی
صفحہ ۱۲۸ حاشیہ) (ترجمہ الفاظ الہام "یہ اس کی وجہ سے
ہے جو تم نے محمدؐ پر درود بھیجا ہے۔")

# درود شریف حصول استقامت اور استجابت دعا کا ذریعہ ہے

از حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

"درود شریف جو حصول استقامت کا ایک زبردست ذریعہ
ہے۔ بکثرت پڑھو۔ مگر نہ رسم اور عادت کے طور پر۔ بلکہ
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے حسن اور احسان کو مدنظر
رکھ کر اور آپکے مدارج اور مراتب کی ترقی کے لئے۔ اور
آپ کی کامیابیوں کے واسطے اس کا نتیجہ یہ ہوگا۔ کہ
قبولیت دعا کا شیریں اور لذیذ پھل تم کو ملے گا۔"
(از تقریر ۱۰ جون ۱۸۹۹ء منقول از رسالہ عقائد
احمدیہ میر بشارت احمد صاحب حیدر آبادی)
پس حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی
سب سے بڑی دعا نمازوں میں درود شریف
ہر کسے اندر نماز خود دعائے میکند من دعا ئے ... بوستانم باغ پہا

# درود شریف کے التزام کی تاکید

۱۔"غرض نماز کو مغز دار بنانا چاہیئے۔ جو دعا اور تسبیح تہلیل (یعنی کلمہ طیّبہ وکلمہ توحید پڑھنا۔ خاکسار مرتب) سے بھری ہوئی ہو۔ اور دعا اور استغفار اور درود شریف کا التزام رکھنا چاہیئے۔ اور ہمیشہ خدا تعالیٰ سے نیک کاموں اور نیک خیالوں اور نیک ارادوں کی توفیق مانگنی چاہیئے۔ کہ بجز اس کی توفیق کے کچھ نہیں ہو سکتا"
(ماخوذ از مکتوب بنام حضرت میر ناصر نواب صاحب رضی اللہ عنہ۔ منقول از البدر جلد دوم ۳۰)

۲۔" ہر ایک مرضی الٰہی پر صبر کرنا اور اپنے مولیٰ سے کامل تعلق رکھنا اور گاڑھا پیوند کرنا چاہیئے۔ اور مخالفین کی کوئی پرواہ نہ کرنی چاہیئے۔ متوکّل علی اللہ رہنا چاہیئے۔ درود۔ استغفار۔ تلاوت قرآن مجید میں لگے رہنا بہتر ہے۔ خدا تعالیٰ وہ دن لاتا ہے۔ کہ مخالف رو سیاہ اور موافق مسرور ہو جائیں گے" (ماخوذ از مکتوب بنام چوہدری اللہ داد صاحب رضی اللہ عنہ)

۳۔ ایک شخص نے بیعت کر چکنے کے بعد حضرت مسیح موعود علیہ الصّلوٰۃ والسلام کی خدمت میں عرض کیا کہ حضور مُجھے کوئی وظیفہ بتائیں۔ اس پر حضور نے فرمایا

کہ وہ نمازوں کو سنوار کر پڑھو۔ کیونکہ ساری مشکلات
کی یہی کنجی ہے۔ اور اس میں ساری لذات اور خزانے
بھرے ہوئے ہیں۔ صدق دل سے روزے رکھو۔
صدقہ و خیرات کرو۔ درود و استغفار پڑھا کرو۔ "
(الحکم ۲۸ فروری ۱۹۰۳ء)

# استخارہ اور درود شریف

از حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

(۱) "میں ایک آسان صورت رفع شک کی بتلاتا ہوں
جس سے ایک طالب صادق انشاء اللہ مطمئن ہو سکتا
ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ اوّل توبہ نصوح کر کے رات
کے وقت دو رکعت نماز پڑھیں۔ جس کی پہلی رکعت میں
سورۃ یٰسین اور دوسری رکعت میں اکیس مرتبہ سورۃ
اخلاص (یعنی سورۃ قل ھو اللہ احد۔ اکیس مرتبہ)
ہو۔ اور پھر بعد اس کے تین سو مرتبہ درود شریف
اور تین سو مرتبہ استغفار پڑھ کر خدا تعالیٰ سے یہ
دعا کریں کہ اے قادر کریم! تو پوشیدہ حالات کو
جانتا ہے اور ہم نہیں جانتے۔ اور مقبول اور مردود اور
مفتری اور صادق تیری نظر سے پوشیدہ نہیں رہ
سکتا۔ پس ہم عاجزی سے تیری جناب میں التجا کرتے

ہیں۔ کہ اس شخص کا تیرے نزدیک جو مسیح موعود اور مہدی اور مجدد الوقت ہونے کا دعویٰ کرتا ہے۔ کیا حال ہے ...... سو تو اگر خدا تعالیٰ سے کوئی خبر دریافت کرنا چاہے تو اپنے سینہ کو بکلی خالی کر کے اور دونوں پہلوؤں بغض اور محبت سے الگ ہو کر اس سے ہدایت کی روشنی مانگ۔ کہ وہ ضرور اپنے وعدہ کے موافق اپنی طرف سے ہدایت کی روشنی نازل کرے گا۔ جس پر نفسانی اوہام کا کوئی دخان نہیں ہوگا۔" (آسمانی فیصلہ طبع اول صـ۲۲)

قُوْمُوْا فِيْ آخِرِ اللَّيَالِيْ وَ تَوَضَّئُوْا ثُمَّ صَلُّوْا رَكَعَاتٍ۔ وَ ابْكُوْا وَ تَضَرَّعُوْا وَ صَلُّوْا عَلَى النَّبِيِّ الْكَرِيْمِ۔ وَ سَلِّمُوْا ثُمَّ اسْتَغْفِرُوْا لِأَنْفُسِكُمْ وَ اسْتَخِيْرُوْا۔ وَ دَاوِمُوْا عَلٰى هٰذَا أَرْبَعِيْنَ يَوْمًا وَلَا تَسْأَمُوْا۔ فَسَتُعْطَوْنَ مِنَ اللّٰهِ أَمْرًا يَقُوْدُكُمْ إِلَى الْحَقِّ وَ تَنْجُوْنَ مِنَ الشُّبُهَاتِ كَمَا يُنْجِيَ الصَّالِحُوْنَ: (آئینہ کمالات صـ۲۶۰) **ترجمہ۔** تم پچھلی رات کو اٹھو اور وضو کرو اور گریہ و زاری اور عجز و تضرع کے ساتھ چند رکعت نماز پڑھو اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجو۔ اور اپنے حق میں استغفار کرو۔ پھر خدا تعالیٰ سے حقیقت حال دریافت کرو اور چالیس روز تک برابر روزانہ ایسا ہی کرو۔ اور تھکو نہیں۔

ملفوظات ۱۹۱۱ء ۱۰ مئی ۱۹۱۱ء

اللہ تعالیٰ کی طرف سے تم پر ضرور وہ امر کھول دیا جائیگا - جو تمہیں حق کی طرف لے جائیگا - جس طرح صالحین کو شبہات سے نجات دی جاتی ہے - اسی طرح تمہیں تمام شبہات سے نجات حاصل ہو جائے گی ؟

آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلم کے احسانات کو یاد کر کے آپ پر درود بھیجنے کا ارشاد -

(۱) " صَلُّوْا عَلٰی هٰذَا النَّبِیِّ الْمُحْسِنِ الَّذِیْ هُوَ مَظْهَرُ صِفَاتِ الرَّحْمٰنِ الْمَنَّانِ وَ هَلْ جَزَاءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ وَ الْقَلْبُ الَّذِیْ لَا یَدْرِیْ اِحْسَانَهٗ فَلَا اِیْمَانَ لَهٗ اَوْ یُضِیْعُ اِیْمَانَهٗ - اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی هٰذَا الرَّسُوْلِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الَّذِیْ سَقَی الْاٰخِرِیْنَ کَمَا سَقَی الْاَوَّلِیْنَ وَ صَبَغَهُمْ بِصِبْغِ نَفْسِهٖ وَ اَدْخَلَهُمْ فِی الْمُطَهَّرِیْنَ " (اعجاز المسیح ص۶)

ترجمہ - تم اس محسن نبی پر جو اللہ تعالیٰ رحمٰن و منّان کی تمام صفات کا مظہر ہے درود بھیجو - کیونکہ احسان کا بدلہ احسان ہی ہے - اور جس دل کو آپ کے احسانات کا احساس نہیں - اس میں یا تو قطعًا ایمان ہی نہیں - اور یا پھر وہ اپنے ایمان کو تباہ کرنے کے در پئے ہے - اے خدا - اس امی نبی اور رسول پر جس نے آخرین کو بھی پانی سے

وَ شَجَّعَ قُلُوْبًا مَّذْعُوْرَةً وَّ قَوّٰى هِمَمًا مَّجْهُوْدَةً
وَّ اَبْدَعَ اَنْوَارًا مَّفْقُوْدَةً وَ جَآءَ بِاَبْهَى
الدُّرَرِ وَالْيَوَاقِيْتِ وَالْمَرْجَانِ وَاَصَّلَ الْاُصُوْلَ
وَاَدَّبَ الْعُقُوْلَ وَنَجّٰى كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ مِنْ
سَلَاسِلِ الْكُفْرِ وَالضَّلَالَةِ وَالطُّغْيَانِ وَ سَقَى
الْمُؤْمِنِيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ الرَّاغِبِيْنَ فِيْ خَيْرِهٖ كَاْسَ
الْيَقِيْنِ وَالسَّكِيْنَةِ وَالْاِطْمِئْنَانِ وَعَصَمَهُمْ مِنْ
طُرُقِ الشَّرِّ وَالْفَسَادِ وَالْخُسْرَانِ - وَ هَدَاهُمْ
اِلٰى جَمِيْعِ سُبُلِ الْخَيْرِ وَالسَّعَادَةِ وَالْاِحْسَانِ

(تا آخر کلمات اسلام دت) ترجمہ- اے لوگو! اس رسول
پر درود اور سلام بھیجو جس کے قدم پر تمام لوگوں
کو جمع کیا گیا اور وہ اپنے خداوند رحیم و منّان
کی طرف کھنچے چلے آئے- جس نے بہت سی مخلوق
کو مہلک اور پُرمشقت پر جنگلوں سے نکال کر امن
و امان کے سبزہ زاروں اور باغوں میں پہنچایا-
اور خوفزدہ دلوں کو دلیری اور بہادری بخشی اور
تھک چور ہو چکی ہوئی ماندہ ہمتوں کو قوی کیا اور
مفقود ہو چکے ہوئے انوار کو موجود کر دیا- اور حقائق
و معارف کے نہایت درخشاں اور خوبصورت موتی اور
یاقوت اور مرجان لایا- اور اصول قائم کئے و
عقول کو آداب سے مزین کیا اور لوگوں کو کفر

اور گمراہی اور سرکشی کی زنجیروں سے بکثرت چھوڑایا۔ اور مومنوں اور مسلموں کو جو آپ کی خیر و برکات کے طالب تھے۔ یقین اور جمعیت اور اطمینان کا پیالہ پلایا۔ اور انہیں شر اور فساد اور خسارہ کی راہوں سے بچایا۔ اور خیر اور سعادت اور نیکو کاری کی تمام راہوں کی طرف ان کی رہنمائی کی "۔

(۴) وہ جو عرب کے بیابانی ملک میں ایک عجیب ماجرا گذرا کہ لاکھوں مردے تھوڑے دنوں میں زندہ ہو گئے اور پشتوں کے بگڑے ہوئے الٰہی رنگ پکڑ گئے اور آنکھوں کے اندھے بینا ہوئے۔ اور گونگوں کی زبان پر الٰہی معارف جاری ہوئے۔ اور دنیا میں یک دفعہ ایک ایسا انقلاب پیدا ہوا کہ نہ پہلے اس سے کسی آنکھ نے دیکھا۔ اور نہ کسی کان نے سنا کچھ جانتے ہو کہ وہ کیا تھا؟ وہ ایک فانی فی اللہ کی اندھیری راتوں کی دعائیں ہی تھیں۔ جنہوں نے دنیا میں شور مچا دیا۔ اور وہ عجائب باتیں دکھلائیں۔ کہ جو اس امی بیکس سے محالات کی طرح نظر آتی تھیں۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ بِعَدَدِ هَمِّهٖ وَ غَمِّهٖ وَ حُزْنِهٖ لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ وَ اَنْزِلْ عَلَيْهِ اَنْوَارَ رَحْمَتِكَ اِلَى الْاَبَدِ۔ "

(برکات الدعاء صفحہ ۱۰) ترجمہ۔ اے اللہ! آپ پر اور آپ کی آل اور آپ کے اصحاب پر اس قدر درود

اور سلام اور برکات بھیج جس قدر آپ نے اس امت
کی خاطر فکر و اندوہ اور غم و حزن اپنے اوپر
لیا۔ اور آپ پر ہمیشہ اور علی الدوام اپنی رحمت
کے انوار نازل کر۔

(۵) "ہزاروں درود اور سلام اور رحمتیں اور برکتیں
اس پاک نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل
ہوں۔ جس کے ذریعے سے ہم نے وہ زندہ خدا پایا
جو آپ کلام کر کے اپنی ہستی کا آپ ہمیں نشان
دیتا ہے اور فوق العادت نشان دکھلا کر اپنی
قدیم اور کامل طاقتوں اور قوتوں کا ہم کو
چمکنے والا چہرہ دکھاتا ہے۔ سو ہم نے ایسے رسول
کو پایا جس نے خدا کو ہمیں دکھلایا۔ اور ایسے خدا
کو پایا جس نے اپنی کامل طاقت سے ہر ایک
چیز کو بنایا" (نسیم دعوت صفحہ [illegible])

## درود شریف کا ورد

درود شریف وہی بہتر ہے کہ جو آنحضرت صلی
اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے نکلا ہے اور
وہ یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ
مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰی

اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ - اَللّٰهُمَّ بَارِكْ
عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ
عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ
حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ وہیں خیال کر لینا چاہیئے کہ جو
پرہیزگاروں کا سردار اور نبیوں کا سپہ سالار
ہے - اس کے منہ سے جو نکلا ہے وہی اس
عاجز کا درود ہے - اور کسی تعداد کی پابندی
ضرور نہیں - اخلاص اور محبت اور حضور اور تضرع
سے پڑھنا چاہئے - اور اس وقت تک ضرور پڑھتے
رہیں کہ جب تک ایک حالت رقت اور بیخودی اور
تاثر کی پیدا ہو جائے - اور سینہ میں انشراح اور
ذوق پایا جائے " دوکسی تعداد کی شرط نہیں - اسقدر
پڑھا جائے - کہ کیفیت صلوٰۃ سے دل مملو ہو جائے
اور ایک انشراح اور لذت اور حیات قلب پیدا
ہو جائے اور در گرم کسی وقت کم پیدا ہو
تب بھی بیدل نہیں ہونا چاہیئے - اور کسی دوسرے وقت
کا منتظر رہنا چاہیئے - اور انسان کو وقت صفا ہمیشہ
میسر نہیں آ سکتا - سو جس قدر میسر آ جاوے
اس کو کبریت احمر سمجھے اور اس میں دل و جان
سے مصروفیت اختیار کرے " (مکتوبات احمدیہ جلد اول صفحہ ۱۸ و ۲۴)

## " درود شریف کے پڑھنے کا طریق اور اسکے برکات

آپ درود شریف کے پڑھنے میں بہت ہی متوجہ رہیں اور جیسا کہ کوئی اپنے پیارے کیلئے فی الحقیقت برکت چاہتا ہے۔ ایسے ہی ذوق اور اخلاص سے حضرت نبی کریم (صلی اللہ علیہ وسلم) کے لئے برکت چاہیں اور بہت ہی تضرع سے چاہیں اور اس تضرع اور دعا میں کچھ بناوٹ نہ ہو۔ بلکہ چاہیئے۔ کہ حضرت نبی کریم (صلی اللہ علیہ وسلم) سے سچی دوستی اور محبت ہو۔ اور فی الحقیقت روح کی سچائی سے وہ برکتیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے مانگی جائیں۔ کہ جو درود شریف میں مذکور ہیں۔ اگرچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی دوسرے کی دعا کی حاجت نہیں۔ لیکن اس میں ایک نہایت عمیق بھید ہے۔ جو شخص ذاتی محبت سے کسی کے لئے رحمت اور برکت چاہتا ہے۔ وہ بباعث علاقہ ذاتی محبت کے اس شخص کے وجود کا ایک جزو ہو جاتا ہے۔ پس جو فیضان شخص مدعو (لہ) پر ہوتا ہے۔ وہی فیضان اس پر ہو جاتا ہے۔ اور چونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر فیضان حضرت . . . کے بے انتہا ہیں۔ اس لئے درود شریف بھیجنے والوں کو کہ جو ذاتی محبت سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے برکت چاہتے

ہیں۔ بے انتہاء برکتوں سے بقدر اپنے جوش کے حصہ ملتا ہے۔ مگر بغیر روحانی جوش اور ذاتی محبت کے یہ فیضان بہت ہی کم ظاہر ہوتا ہے اور ذاتی محبت کی یہ نشانی ہے کہ انسان کبھی نہ تھکے اور نہ کبھی ملول ہو اور نہ اغراض نفسانی کا دخل ہو اور محض اسی غرض کے لئے پڑھے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلم پر خداوند کریم کے برکات ظاہر ہوں۔" (مکتوبات احمدیہ جلد اول صفحہ ۲۴)

"اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی عَبْدِکَ الْمَسِیْحِ الْمَوْعُوْدِ وَ بَارِکْ وَ سَلِّمْ" (از حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام بروایت مولوی عبدالستار صاحب کابلی مہاجر)

# آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کی بنیاد ذاتی محبت پر ہونی چاہئے

"جو کچھ بطور رسم اور عادت کیا جائے۔ وہ کچھ چیز نہیں ہے۔ اور نہ اس سے کچھ فائدہ ہو سکتا

ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ مثلاً درود شریف اس طور پر نہ پڑھیں کہ جیسا عام لوگ طوطے کی طرح پڑھتے ہیں نہ ان کو جناب حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کچھ کامل خلوص ہوتا ہے اور نہ وہ حضور تام سے اپنے رسول مقبول کے لئے برکات الٰہی مانگتے ہیں۔ بلکہ درود شریف سے پہلے اپنا یہ مذہب قائم کر لینا چاہیے کہ رابطہ محبت آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلم اس درجہ تک پہنچ گیا ہے کہ ہرگز اپنا دل تجویز نہ کر سکے کہ ابتدائے زمانہ سے انتہا تک کوئی ایسا فرد گذرا ہے۔ جو اس مرتبہ محبت سے زیادہ محبت رکھتا تھا۔ یا کوئی ایسا فرد آنے والا ہے۔ جو اس سے ترقی کریگا۔

اور قیام اس مذہب کا اس طرح پر ہو سکتا ہے۔ کہ جو کچھ محبان صادق آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلم کی محبت میں مصائب اور شدائد اٹھاتے رہے ہیں۔ یا آئندہ اٹھا سکیں یا جن جن مصائب کا نازل ہونا عقل تجویز کر سکتی ہے وہ سب کچھ اٹھانے کے لئے دلی صدق سے حاضر ہو۔ اور کوئی ایسی مصیبت عقل یا قوت واہمہ پیش نہ کر سکے۔ کہ جس کی اطاعت سے دل میں رُک یا انقباض پیدا ہو اور کوئی ایسا مخلوق دل میں جگہ نہ رکھتا ہو جو اس جنس کی محبت میں حصہ دار ہو۔

اور جب یہ مذہب قائم ہو گیا تو درود شریف . . . . اس غرض سے پڑھنا چاہئے کہ خداوند کریم اپنی کامل برکات اپنے نبی کریم پر نازل کرے اور اس کو تمام عالم کے لئے سر چشمہ برکتوں کا بنادے اور اس کی شان و شوکت اس عالم اور اس عالم میں کرے۔ یہ دعا حضور تام سے ہونی چاہئے جیسے کوئی اپنی مصیبت کے وقت حضور تام سے دعا کرتا ہے۔ بلکہ اس سے بھی زیادہ تضرع اور التجا کی جائے اور کچھ اپنا حصّہ نہیں رکھنا چاہئے کہ اس سے مجھ کو یہ ثواب ہوگا یا یہ درجہ ملے گا۔ بلکہ خالص یہی مقصود چاہئے کہ برکات کاملہ الٰہیہ حضرت رسولؐ مقبول پر نازل ہوں اور اس کا جلال دنیا اور آخرت میں چمکے اور اسی مطلب پر انعقاد ہمت ہونا چاہئے۔ اور دن رات دوام توجہ چاہئے۔ یہاں تک کہ کوئی مراد اپنے دل میں اس سے زیادہ نہ ہو۔ پس جب اس طور پر یہ درود شریف پڑھا گیا۔ تو وہ رسم اور عادت سے باہر ہے۔ اور بلا شبہ اس کے عجیب انوار صادر ہونگے۔

اور حضور تام کی ایک یہ بھی نشانی ہے کہ اکثر اوقات گریہ و بکا ساتھ شامل ہو اور یہاں تک یہ توجہ رگ و ریشہ میں تاثیر کرے کہ خواب اور

بیداری یکساں ہو جائے"۔ (ماخوذ از مکتوب حضرت اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام مورخہ ۵ر اپریل ۱۸۸۳ء مطابق ۲۷ر جمادی الثانی ۱۳۰۰ھ منقول از الحکم جلد دوم صفحہ ۲۶ و ۲۷ تک۔ (مکتوبات احمدیہ جلد اول صفحہ ۱۳)

# احادیث نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم متعلق درود شریف

(۱) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَغِمَ اَنْفُ رَجُلٍ ذُكِرْتُ عِنْدَهٗ فَلَمْ یُصَلِّ عَلَیَّ وَ رَغِمَ اَنْفُ رَجُلٍ دَخَلَ عَلَیْهِ رَمَضَانُ ثُمَّ انْسَلَخَ قَبْلَ اَنْ یُّغْفَرَ لَهٗ - وَ رَغِمَ اَنْفُ رَجُلٍ اَدْرَكَ عِنْدَهُ اَبَوَاهُ الْكِبَرَ فَلَمْ یُدْخِلَاهُ الْجَنَّةَ - رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ۔ (ترجمہ) حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے (دعا کے طور پر) فرمایا۔ کہ جس شخص کے پاس میرا ذکر کیا جائے۔ اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔ وہ رسوا و ذلیل ہو! اور جس شخص پر رمضان آئے اور قبل اس

کہ اس شخص کو بخشا نہ جائے وہ (مبارک مہینہ) گذر جائے
وہ (بھی) رسوا ہو! اور جس شخص کے ماں باپ
پر اس کی موجودگی میں بڑھاپا آئے اور وہ اسے
جنت میں داخل نہ کرائیں۔ وہ (بھی) رسوا ہو! اس
حدیث کو ترمذی نے روایت کیا ہے۔

(۳) عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ
قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ
اُحْضُرُوْا فَحَضَرْنَا فَلَمَّا ارْتَقَى الدَّرَجَةَ قَالَ
آمِيْنَ۔ ثُمَّ ارْتَقَى الدَّرَجَةَ الثَّانِيَةَ فَقَالَ
آمِيْنَ۔ ثُمَّ ارْتَقَى الدَّرَجَةَ الثَّالِثَةَ فَقَالَ
آمِيْنَ۔ فَلَمَّا فَرَغَ نَزَلَ عَنِ الْمِنْبَرِ۔ فَقُلْنَا
يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ سَمِعْنَا مِنْكَ الْيَوْمَ شَيْئًا
مَا كُنَّا نَسْمَعُهُ فَقَالَ اِنَّ جِبْرِيْلَ عَرَضَ لِيْ
فَقَالَ بَعُدَ مَنْ اَدْرَكَ رَمَضَانَ فَلَمْ يُغْفَرْ لَهُ
فَقُلْتُ آمِيْنَ۔ فَلَمَّا رَقِيْتُ الثَّانِيَةَ قَالَ بَعُدَ
مَنْ ذُكِرْتَ عِنْدَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْكَ۔ فَقُلْتُ
آمِيْنَ۔ فَلَمَّا رَقِيْتُ الثَّالِثَةَ قَالَ بَعُدَ مَنْ
اَدْرَكَ اَبَوَيْهِ الْكِبَرُ اَوْ اَحَدَهُمَا فَلَمْ يُدْخِلِ
الْجَنَّةَ فَقُلْتُ آمِيْنَ۔ رَوَاهُ الْحَاكِمُ فِي
الْمُسْتَدْرَكِ وَ قَالَ هٰذَا صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ۔ ترجمہ

کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

(ایک دفعہ) آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے (صحابہ کو ارشاد) فرمایا کہ (خطبہ سننے کے لئے) حاضر ہو! - چنانچہ ہم حاضر ہو گئے جب آپ (منبر کی پہلی) سیڑھی پہ چڑھے تو آپ نے فرمایا "آمین" اور جب دوسری سیڑھی پہ چڑھے تو آپ نے (پھر) فرمایا "آمین"۔ پھر تیسری سیڑھی پہ چڑھ کر "آمین" کہا - اور جب آپ (اپنے خطبہ سے) فارغ ہوئے تو ممبر سے اتر آئے - تب ہم نے عرض کیا - کہ یا رسول اللہ آج ہم نے حضور سے ایک ایسی بات سُنی ہے جو (پہلے) ہم نہیں سنتے تھے آپ نے فرمایا کہ (اسوقت) جبرئیل میرے سامنے آ گیا تھا - جس نے کہا کہ جس شخص نے ماہ رمضان کو پایا اور اس کو بخشش نہیں دیا گیا - اس کے لئے (خدا تعالیٰ کی رحمت سے) دوری ہو! تو میں نے کہا کہ آمین اور جب میں دوسری سیڑھی پہ پہنچا تو اس نے کہا کہ جس شخص کے پاس آپ کا ذکر کیا گیا - اور اس نے آپ پہ درود نہ بھیجا اس کے لئے (بھی خدا تعالےٰ کے قرب سے) دوری ہو! میں نے کہا کہ آمین - اور جب میں تیسری سیڑھی پہ پہنچا تو اس نے کہا کہ جس شخص کے ماں باپ نے اس کے سامنے بڑھاپے کی عمر کو پایا - اور وہ

(ان کی خدمت کر کے اور انہیں خوش کر کے) جنت میں جانے والا نہ بنا اس کے لئے (خدا تعالیٰ کی جناب سے) دوری ہو۔ تو میں نے کہا کہ آمین اس حدیث کو حاکم نے اپنی کتاب مستدرک میں روایت کیا ہے۔ اور کہا ہے کہ اس کی سند صحیح ہے۔

(۳) عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ اَلْبَخِيْلُ الَّذِيْ مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهٗ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ - رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ - (ترجمہ) حضرت علیؓ سے روایت ہے۔ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ کہ بخیل وہ شخص ہے جس کے پاس میرا ذکر آئے۔ اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔ اس حدیث کو ترمذی نے روایت کیا ہے۔

(۴) وَ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ دُعَاءٍ اِلَّا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ السَّمَاءِ حِجَابٌ حَتّٰى تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ - فَاِذَا صَلّٰى عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ اِنْخَرَقَ الْحِجَابُ وَ اسْتُجِيْبَ الدُّعَاءُ وَ اِذَا لَمْ يُصَلِّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ لَمْ يُسْتَجَبِ الدُّعَاءُ - (ترجمہ) اور حضرت علیؓ ہی سے روایت

ہے۔ آپ حضرت نبی کریم صلے اللہ علیہ و سلّم کا فرمودہ بیان کرتے ہیں۔ کہ جب تک آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلّم پر (دعا میں) درود نہ بھیجا جائے۔ اس وقت تک ہر ایک دعاء کے آسمان پر پہنچنے کے درمیان ایک حجاب حائل رہتا ہے۔ اور جب (دعاء کنندہ) آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلّم پر درود بھیجتا ہے تو وہ حجاب پھٹ جاتا ہے۔ اور وہ دعاء قبول کی جاتی ہے۔ اور جب وہ آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلّم پر درود نہ بھیجے تو وہ دعاء قبول نہیں جاتی۔

(۵) وَ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ مَا جَلَسَ قَوْمٌ مَجْلِسًا فَلَمْ یَذْکُرُوا اللہَ وَ لَمْ یُصَلُّوْا عَلٰی نَبِیِّہٖ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ اِلَّا کَانَ مَجْلِسُھُمْ عَلَیْھِمْ تِرَۃً یَوْمَ الْقِیَامَۃِ اِنْ شَاءَ عَفَا عَنْھُمْ وَ اِنْ شَاءَ اَخَذَھُمْ۔ (ترجمہ) اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلّم نے فرمایا ہے کہ جس مجلس میں لوگ اللہ تعالےٰ کا ذکر نہ کریں اور اللہ تعالیٰ کے نبی (یعنی آپؐ) پر درود نہ بھیجیں ایسی مجلس قیامت

کے روز ان لوگوں کے حق میں وبال (کا موجب) ہوگی۔ اگر خدا تعالیٰ چاہے گا۔ تو انہیں معاف کر دے گا۔ اور اگر چاہے گا تو ان پر گرفت کرے گا۔

(۶) وَ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ صَلُّوْا عَلَيَّ فَاِنَّ صَلٰوتَكُمْ عَلَيَّ زَكٰوةٌ لَّكُمْ وَ اسْاَلُوا اللّٰهَ اِلَى الْوَسِيْلَةَ ثُمَّ قَالَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ) اَلْوَسِيْلَةُ اَعْلٰى دَرَجَةٍ فِي الْجَنَّةِ لَا يَنَالُهَا اِلَّا رَجُلٌ - وَ اَرْجُوْا اَنْ اَكُوْنَ اَنَا ذٰلِكَ الرَّجُلَ - (ترجمہ)

اور ابو ہریرہؓ ہی سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا ہے کہ مجھ پر درود بھیجا کرو۔ کیونکہ مجھ پر تمہارا درود بھیجنا (خود) تمہاری پاکیزگی اور ترقی کا موجب ہے۔ اور میرے لئے خدا تعالیٰ سے وسیلہ طلب کرو۔ (اور فرمایا کہ) وسیلہ بہشت میں وہ درجہ اور مقام ہوگا۔ جو صرف ایک ہی شخص کو ملے گا۔ اور میں امید کرتا ہوں کہ وہ شخص میں ہی ہوں گا۔

(۷) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ - قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَكْثَرُهُمْ عَلَيَّ

صَلوٰۃً ۔ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَ اَبُوْ حَاتِمٍ فِیْ صَحِیْحِہٖ

(ترجمہ) عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلم نے فرمایا ہے۔ کہ قیامت کے دن سب لوگوں سے بڑھ کر میرے قریب اور میرے ساتھ تعلق رکھنے والا وہ شخص ہوگا جو مجھ پر سب سے زیادہ درود بھیجنے والا ہوگا اس حدیث کو ترمذی نے روایت کیا ہے اور نیز ابو حاتم نے اسے اپنی کتاب صحیح میں روایت کیا ہے ۔

(۸) وَ عَنْهُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ اِنَّ لِلّٰہِ مَلٰٓئِکَۃً سَیَّاحِیْنَ یُبَلِّغُوْنِیْ عَنْ اُمَّتِیَ السَّلَامَ ۔ رَوَاہُ النَّسَائِیُّ ۔

(ترجمہ) عبد اللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے ۔ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بعض فرشتے ایسے ہیں جو پھرتے رہتے ہیں ۔ اور وہ میری امت کا سلام مجھے پہنچاتے ہیں ۔ اس حدیث کو نسائی نے روایت کیا ہے ۔

(۹) وَ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ وَاحِدَۃً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ عَشْرًا ۔

رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَ اَبُوْ دَاؤُدَ وَالنَّسَائِیُّ وَ ابْنُ حَبَّانَ فِیْ صَحِیْحِہٖ وَ قَالَ التِّرْمِذِیْ حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ۔ (ترجمہ) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ و سلّم نے فرمایا ہے۔ کہ جو شخص ایک بار مجھ پر درود بھیجے گا۔ اس پر اللہ تعالیٰ دس بار اپنی خاص رحمتیں نازل کریگا۔ اس حدیث کو مسلم اور ابوداؤد اور نسائی نے اور نیز ابن حبان نے اپنی صحیح میں روایت کیا۔ اور ترمذی نے اسے روایت کرکے کہا ہے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

(۱۰) عَنْ اَوْسِ ابْنِ اَوْسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَفْضَلِ اَیَّامِکُمْ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ فِیْہِ خَلَقَ اللّٰہُ اٰدَمَ وَ فِیْہِ قُبِضَ وَفِیْہِ النَّفْخَۃُ وَفِیْہِ الصَّعْقَۃُ۔ فَاَکْثِرُوْا عَلَیَّ مِنَ الصَّلٰوۃِ فِیْہِ فَاِنَّ صَلٰوتَکُمْ مَعْرُوْضَۃٌ عَلَیَّ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ! وَ کَیْفَ تُعْرَضُ صَلٰوتُنَا عَلَیْکَ وَ قَدْ اَرِمْتَ۔ قَالَ اِنَّ اللّٰہَ حَرَّمَ عَلَی الْاَرْضِ اَنْ تَاْکُلَ اَجْسَادَ الْاَنْبِیَاءِ رَوَاہُ اَبُوْ دَاؤُدَ بِاِسْنَادٍ صَحِیْحٍ۔ (ترجمہ) اوس بن اوس سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلّم

نے فرمایا کہ جمعہ تمہارے بہترین دن ہوتے ہیں ان میں سے ایک جمعہ کا دن ہے۔ اس میں اللہ تعالیٰ نے آدم کو پیدا کیا تھا۔ اور اسی دن ان کی وفات ہوئی۔ اور اسی دن نفخ صور ہوگا۔ اور اسی میں صعقہ۔ (لوگوں کا۔ بیہوش اور حواس باختہ ہو جانا اہوال کی وجہ سے) اس لئے تم اس میں مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو کیونکہ تمہارا درود میرے پاس لایا جاتا ہے۔ صحابہ رضؓ نے عرض کیا کہ یا رسولؐ اللہ! جب آپ کا وجود پاک (وفات کے بعد) بوسیدہ ہو چکا ہوگا۔ تو اس وقت ہمارا درود کس طرح آپ کے پاس لایا جائے گا۔ آپؐ نے فرمایا کہ انبیاءؑ کے جسموں کو اللہ تعالیٰ نے زمین کے لئے حرام کر دیا ہے کہ کھا سکے۔ اس حدیث کو ابو داؤد نے صحیح سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔

اس حدیث کا مطلب یہ ہے۔ کہ جب شہداء جو انبیاءؑ سے بہت نیچے کے مقام پر ہوتے ہیں۔ اور جن شہداء اور انبیاءؑ کے درمیان صدیقین کا مقام ہے۔ بعد الموت ایک خاص نئی زندگی پا کر اور خدا تعالیٰ کی طرف سے خوشی اور رزق خاص کا انعام پا لیتے ہوتے ہیں تو انبیاءؑ کرام جن

سے انہیں کچھ نسبت ہی نہیں - وہ کیونکہ فنا ہو سکتے ہیں۔ اور جب غیر نبی لوگوں پر ہر قسم کے انعامات و اکرامات انبیاءؑ کے طفیل ہوتے ہیں تو خود انبیاءؑ ان انعامات سے کیونکر بے بہرہ ہو سکتے ہیں۔ بلکہ حق یہ ہے کہ جس قدر نسبت اور تعلق کسی شخص کو انبیاء اللہ کے ساتھ حاصل ہوتا ہے۔ اسی قدر وہ اس انعام سے بطفیل انبیاء علیہم السلام بہرہ یاب ہوتا ہے۔ خواہ صدیقین کے مقام پر ہو یا شہداء کے مقام پر یا صالحین کے مقام پر (ثُمَّ اَقُوْلُ سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ)

(۱۱) وَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ لَا تَجْعَلُوْا قَبْرِیْ عِیْدًا وَ صَلُّوْا عَلَیَّ فَاِنَّ صَلٰوتَکُمْ تَبْلُغُنِیْ حَیْثُ کُنْتُمْ - رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ بِاِسْنَادٍ صَحِیْحٍ - (ترجمہ) حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا کہ میری قبر کو بار بار آنے کی اور اجتماع کی جگہ نہ بنا لینا۔ ہاں مجھ پر درود بھیجنا۔ جہاں کہیں تم ہو گے تمہارا درود مجھ تک پہنچ جائے گا۔ اس حدیث کو بھی ابو داؤد نے صحیح سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔

(۱۲) وَ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ اَحَدٍ يُسَلِّمُ عَلَيَّ اِلَّا رَدَّ اللّٰهُ عَلَيَّ رُوْحِيْ حَتّٰى اَرُدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَ اَبُوْ دَاؤُدَ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ -

(ترجمہ) اور حضرت ابو ہریرہؓ ہی سے روایت ہے۔ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلم نے فرمایا - کہ (میری وفات کے بعد) جو بھی مجھ پر سلام بھیجے گا۔ اس وقت (سے پہلے) اللہ تعالیٰ مجھے دوبارہ زندہ کر چکا ہوا ہوگا - (یعنی اس کا سلام مجھے پہنچے گا۔ اور نہ صرف اسی قدر ہوگا - کہ اس کے سلام سے مجھے آگاہی حاصل ہو جائے گی بلکہ) یہاں تک (بھی ہوگا) کہ میں جواباً اس کے لئے سلامتی کی دعاء کرونگا۔ یعنی مجھ پر درود بھیجنے کا مبارک ثمرہ بھی وُہ پائے گا۔ اس حدیث کو امام احمدؒ نے اور ابو داؤدؒ نے صحیح سند کے ساتھ روایت کیا ہے -

(۱۳) وَ عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ رَجُلًا يَدْعُوْا فِيْ صَلَاتِهٖ لَمْ يُمَجِّدِ اللّٰهَ تَعَالٰى وَ لَمْ يُصَلِّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ عَجِلَ هٰذَا - ثُمَّ دَعَاهُ فَقَالَ لَهٗ اَوْ لِغَيْرِهٖ اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ فَلْيَبْدَءْ بِتَمْجِيْدِ رَبِّهٖ سُبْحَانَهٗ وَالثَّنَاءِ عَلَيْهِ ثُمَّ لِيُصَلِّ عَلَى النَّبِيِّ ثُمَّ يَدْعُوْا بَعْدُ بِمَا شَاءَ - رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَ قَالَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ - (ترجمہ) فضالہؓ بن عبیدؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو نماز میں دعا مانگتے سُنا - جس نے اپنی دعا میں نہ اللہ تعالیٰ کی بزرگی بیان کی تھی - اور نہ آپ پر درود بھیجا تھا - آپ نے فرمایا کہ اس نے جلدی کی ہے - پھر آپ نے اسے بلایا - اور اس سے یا یہ کہ کسی اور کو مخاطب کر کے فرمایا (یہ شک راوی کو ہے) کہ جب تم میں سے کوئی نماز پڑھے (اور اس میں دعا کرے) تو پہلے اپنے رب کی بزرگی بیان کرے - اور پھر نبیؐ پر درود بھیجے - پھر اس کے بعد جو دعا کرنی چاہتا ہو کرے - اس حدیث کو ابو داؤد نے بھی روایت کیا ہے - اور ترمذی نے بھی - اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے

(۱۴) وَ عَنْ اَبِيْ طَلْحَةَ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ اَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ يَوْمًا طَيِّبَ النَّفْسِ يُرٰى فِيْ وَجْهِهِ الْبِشْرُ - قَالُوْا

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَصْبَحْتَ الْيَوْمَ طَيِّبَ النَّفْسِ يُرٰى فِيْ وَجْهِكَ الْبِشْرُ - قَالَ اَجَلْ - اَتَانِيْ آتٍ مِّنْ رَّبِّيْ عَزَّ وَ جَلَّ فَقَالَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْكَ مِنْ اُمَّتِكَ صَلٰوةً كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ بِهَا عَشْرَ حَسَنَاتٍ وَ مَحَا عَنْهُ عَشْرَ سَيِّئَاتٍ وَ رَفَعَ لَهٗ عَشْرَ دَرَجَاتٍ وَّ رَدَّ عَلَيْهِ مِثْلَهَا - رَوَاهُ اَحْمَدُ - (ترجمہ) ابو طلحہ انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلم ایک روز صبح کو بہت خوش (معلوم ہوتے) تھے۔ اور خوشی کے آثار آپ کے چہرہ مبارک پر نظر آ رہے تھے - اس پر بعض صحابہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ! حضور آج (خاص طور پر) خوش (معلوم ہوتے ) ہیں - اور خوشی کے آثار حضور کے چہرہ مبارک پر نمایاں ہیں حضور نے فرمایا کہ ہاں میرے رب کی طرف سے ایک (فرشتہ) نے آکر کہا ہے - کہ آپ کی امت میں سے جو شخص آپ پر ایک بار درود بھیجیگا - اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے اس شخص کے اعمال میں دس نیکیاں لکھ دے گا - اور دس گناہ اس سے معاف کر دے گا - اور دس درجے اس کو بلند کر دے گا - اور ویسا ہی درود اس

پر بھیجے گا۔ اس حدیث کو امام احمدؒ نے روایت کیا ہے۔

(۱۵) وَ عَنْهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ جَاءَ ذَاتَ يَوْمٍ - وَ السُّرُوْرُ يُرٰى فِيْ وَجْهِهٖ - فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّا لَنَرٰى السُّرُوْرَ فِيْ وَجْهِكَ فَقَالَ إِنَّهٗ أَتَانِي الْمَلَكُ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ أَمَا يُرْضِيْكَ أَنَّ رَبَّكَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُوْلُ إِنَّهٗ لَا يُصَلِّيْ عَلَيْكَ أَحَدٌ مِنْ أُمَّتِكَ إِلَّا صَلَّيْتُ عَلَيْهِ عَشْرًا وَلَا يُسَلِّمُ عَلَيْكَ أَحَدٌ مِّنْ أُمَّتِكَ إِلَّا سَلَّمْتُ عَلَيْهِ عَشْرًا! قُلْتُ بَلٰى رَوَاهُ أَحْمَدُ وَ النَّسَائِيُّ وَابْنُ حِبَّانَ -

(ترجمہ) اور ابو طلحہ انصاری سے ہی روایت ہے۔ کہ ایک روز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو آپکے چہرہ مبارک پر (خاص طور پر) خوشی کے آثار نظر آتے تھے۔ صحابہؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! ہم حضور کے چہرہ مبارک پر (خاص طور پر) خوشی کے آثار دیکھتے ہیں۔ حضور نے فرمایا کہ میرے پاس فرشتہ (جبرئیلؑ) آیا۔ اور اس نے مجھ سے کہا کہ اے محمدؐ! کیا یہ بات آپ کے لئے خوشی کا موجب نہیں کہ خداوند تعالیٰ فرماتا ہے کہ۔

کہ تیری امت میں سے جو شخص تجھ پر ایکبار درود
بھیجیگا- میں اس پر دس بار درود بھیجوں گا-
میں نے کہا- کہ کیوں نہیں- اس حدیث کو امام
احمدؒ اور نسائی- اور ابن حبان نے روایت کیا ہے-

(۱۶) وَ عَنْ اَنَسٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ مَنْ ذُکِرْتُ
عِنْدَہٗ فَلْیُصَلِّ عَلَیَّ- وَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مَرَّۃً
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ عَشْرًا- رَوَاہُ النَّسَائِیُّ- (ترجمہ)
حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلے اللہ
علیہ وسلّم نے فرمایا- کہ جس شخص کے پاس میرا
ذکر کیا جائے وہ مجھ پر درود بھیجے- اور جو
شخص مجھ پر ایک بار درود بھیجیگا- اس پر اللہ
تعالیٰ دس بار درود بھیجے گا- اس حدیث کو
نسائی نے روایت کیا ہے-

(۱۷) وَ عَنْہُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ
اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ صَلُّوْا عَلَیَّ
فَاِنَّ الصَّلٰوۃَ عَلَیَّ کَفَّارَۃٌ لَّکُمْ فَمَنْ صَلّٰی
عَلَیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ- رَوَاہُ ابْنُ اَبِیْ عَاصِمٍ
وَ ابْنُ شَاہِیْنَ- (ترجمہ) اور حضرت انسؓ ہی
سے روایت ہے کہ آنحضرت صلّے اللہ علیہ و
سلّم نے فرمایا- کہ تم مجھ پر درود بھیجا کرو

کہ مجھ پر درود بھیجنا تمہارے گناہوں کو مٹانے والا ہے۔ سو جو شخص مجھ پر درود بھیجے گا۔ اس پر اللہ تعالیٰ درود بھیجے گا۔ اس حدیث کو ابن ابی عاصم نے اور ابن شاہین نے روایت کیا ہے۔

(۱۸) وَ عَنْهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ اِنَّ لِلّٰهِ سَيَّارَةً مِنَ الْمَلٰئِكَةِ اِذَا مَرُّوْا بحلق الذكر قال بعضهم لبعض اقعدوا فاذا دعا القوم امنوا على دعائهم - فاذا صلوا على النبي صلى الله عليه و سلم صلوا معهم حتى يفرغوا - ثم يقول بعضهم لبعض طوبى لهؤلاء يرجعون مغفورا لهم - رواه ابو سعيد القاص في فوائده

(ترجمہ) اور حضرت انسؓ ہی سے روایت ہے۔ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا۔ کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بعض ملائکہ اس کا متعین ہیں کہ وہ پھرتے رہتے ہیں۔ اور جب وہ کسی ایسی جماعت پاس سے گذرتے ہیں جو خدا تعالیٰ کو یاد کر رہی ہوتی ہے۔ تو ایک دوسرے سے کہتے ہیں۔ کہ آؤ یہاں بیٹھیں۔ پس جب وہ لوگ دعا کرتے ہیں تو وہ ملائکہ آمین کہتے ہیں۔

اور جب وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم پر درود بھیجتے ہیں۔ تو وہ بھی ان کے ساتھ ملکر درود بھیجتے رہتے ہیں۔ اس وقت تک کہ وہ لوگ فارغ ہو جائیں۔ تب وہ ایک دوسرے سے کہتے ہیں۔ کہ خوشی ہے ان لوگوں کے لئے کہ ایسی حالت میں وہ واپس جا رہے ہیں۔ کہ ان کو بخش دیا گیا ہے۔ اس حدیث کو ابو سعید قاصؒ نے اپنی کتاب فوائد میں روایت کیا ہے۔

(۱۹) وَ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ عِنْدَ قَبْرِیْ وَ کَّلَ اللّٰہُ بِہٖ مَلَکًا یُبَلِّغُنِیْ وَ کُفِیَ اَمْرَ دُنْیَاہُ وَ اٰخِرَتِہٖ وَ کُنْتُ لَہٗ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ شَھِیْدًا اَوْ شَفِیْعًا۔ رواہ السخاوی۔ (ترجمہ) اور ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص میری قبر کے پاس جا کر مجھ پر درود بھیجیگا۔ اس (درود) کے لئے اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ کو اس کام پر لگائے گا۔ کہ وہ اسے مجھ تک پہنچائے گا۔ اور یہ بات (مجھ پر درود بھیجنا) اس کے دنیا اور آخرت کے معاملہ میں اس کو مستغنی کر

دے گا۔ اور قیامت کے دن میں اس کے حق میں گواہ (ہونگا) یا (آپ نے یہ فرمایا کہ) میں اس کا شفیع ہونگا۔ (راوی کو اس لفظ کے متعلق شک ہے۔

(۲۰) وَ عَنْهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ۔ إِذَا دَخَلَ اَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلْيُسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ وَلْيَقُلْ۔ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ۔ فَإِذَا خَرَجَ فَلْيُسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ وَ لْيَقُلْ اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِيْ مِنَ الشَّيْطَانِ رَوَاهُ اِبْنُ خُزَيْمَةَ وَابْنُ حِبَّانَ فِيْ صَحِيْحَيْهِمَا۔ (ترجمہ) حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا ہے کہ جب تم میں سے کوئی شخص مسجد میں جائے تو نبیؐ پر سلام بھیجے۔ اور یہ دعا کرے اللّٰهم الخ (یعنی اے اللہ میرے لئے اپنی رحمت کے تمام دروازے کھول دے) اور جب باہر نکلے تو (اسوقت بھی) نبیؐ پر سلام بھیجے۔ اور یہ دعا کرے کہ اللّٰھم الخ (یعنی اے اللہ! مجھے شیطان (کے فتنہ) سے پناہ بخش اور محفوظ

رکھا - اس حدیث کو ابن خزیمہ نے اپنی صحیح میں اور نیز ابن حبان نے اپنی صحیح میں روایت کیا ہے

(۲۱) وَ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ صَلُّوْا عَلٰى اَنْبِيَاءِ اللّٰهِ وَ رُسُلِهٖ فَاِنَّ اللّٰهَ بَعَثَهُمْ كَمَا بَعَثَنِيْ صَلَوٰتُ اللّٰهِ وَ سَلَامُهٗ عَلَيْهِمْ رَوَاهُ ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ فِيْ مُسْنَدِهٖ (ترجمہ) ابو ہریرۃ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے تمام انبیاء پر درود بھیجا کرو - کیونکہ یقیناً انہیں بھی اللہ تعالیٰ نے مبعوث کیا تھا۔ جس طرح اس نے مجھے مبعوث کیا ہے - اس حدیث کو ابن ابی شیبہ نے اپنی مسند میں روایت کیا ہے۔

(۲۲) وَ عَنْهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ مَا قَعَدَ قَوْمٌ مَقْعَدًا لَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ فِيْهِ وَ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ اِلَّا كَانَ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ - وَ اِنْ دَخَلُوا الْجَنَّةَ لِلثَّوَابِ - رَوَاهُ ابْنُ حِبَّانَ وَ اَخْرَجَهُ الْحَاكِمُ فِيْ صَحِيْحِهٖ وَ هُوَ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ -

(ترجمہ) اور ابو ہریرہ رضؓ ہی سے روایت ہے - کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلّم نے فرمایا ہے - کہ جو لوگ بھی کسی ایسی مجلس میں بیٹھے ہوں گے جہاں انہوں نے اللہ تعالیٰ کا ذکر نہ کیا ہوگا - اور نبیؐ پہ درود نہ بھیجا ہوگا - وہ گو اپنے اجر پا کر جنت میں بھی داخل ہو چکے ہوں گے مگر ایسی مجلس ان کے لئے (باوجود اسکے بھی) حسرت کا موجب ہوگی - اس حدیث کو ابنؒ حبان اور حاکم نے روایت کیا ہے -

(۳۴) وَ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍؓ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ لَا صَلٰوةَ لِمَنْ لَا وُضُوْءَ لَهٗ - وَ لَا وُضُوْءَ لِمَنْ لَمْ يَذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ - وَ لَا صَلٰوةَ لِمَنْ لَمْ يُصَلِّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ - وَ لَا صَلٰوةَ لِمَنْ لَمْ يُحِبَّ الْاَنْصَارَ - رَوَاهُ اِبْنُ مَاجَةَ - (ترجمہ) اور سہل بن سعدؓ ساعدی سے روایت ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلّم نے فرمایا ہے - کہ جس شخص کا وضو نہیں اس کی کوئی نماز نہیں - اور جس شخص نے وضو کرتے وقت اللہ تعالے کا نام نہیں یاد کیا اس کا کوئی وضو نہیں -

اور جس شخص نے نبی پر درود نہیں بھیجا - اس کی کوئی نماز نہیں - اور جسے انصار سے محبت نہ ہو - اس کی بھی کوئی نماز نہیں - اس حدیث کو ابن ماجہ نے روایت کیا ہے -

(۲۴) وَ عَنْهُ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ فَاِذَا اَنَا بِاَبِيْ طَلْحَةَ فَقَامَ اِلَيْهِ فَتَلَقَّاهُ فَقَالَ بِاَبِيْ اَنْتَ وَ اُمِّيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ لَاَرَى السُّرُوْرَ فِيْ وَجْهِكَ قَالَ اَجَلْ - اِنَّهُ اَتَانِيْ جِبْرَائِيْلُ اٰنِفًا - فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ مَنْ صَلّٰى عَلَيْكَ مَرَّةً اَوْ قَالَ وَاحِدَةً كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ بِهَا عَشْرَ حَسَنَاتٍ وَ مَحَا عَنْهُ عَشْرَ سَيِّئَاتٍ وَ رَفَعَ لَهٗ بِهَا عَشْرَ دَرَجَاتٍ - (قَالَ ابْنُ حَبِيْبٍ وَ لا اعلمه الا قال ) وَ صَلَّتْ عَلَيْهِ الْمَلٰٓئِكَةُ عَشْرَ مَرَّاتٍ - رَوَاهُ عبد اللّٰه بن محمد البغوی - (ترجمہ) اور سہل بن سعدؓ ہی سے روایت ہے - کہ (ایک دفعہ) آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم باہر تشریف لائے تو وہاں ابو طلحہؓ بھی موجود تھے - انہوں نے آپ کی طرف آگے بڑھ کر عرض کیا - کہ یا رسول اللہ! آپ پر میرے ماں باپ فدا ہوں! میں آپکے چہرہ پر (خاص طور

پر) خوشی کے آثار دیکھتا ہوں۔ آپ نے فرمایا۔ ہاں۔ ابھی جبرئیل نے میرے پاس آ کر کہا ہے کہ اے محمدؐ! جو شخص تجھ پر ایک بار درود بھیجیگا۔ اس کے حق میں اللہ تعالےٰ دس نیکیاں لکھدیگا۔ اور اس کے دس گناہ معاف کر دے گا اور اسے دس درجے بلند کر دے گا۔ اور فرشتے اس پر دس بار درود بھیجینگے۔ اس حدیث کو عبد اللہ بن محمد بغوی نے روایت کیا ہے۔

(۲۵) وَ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ مَنْ لَمْ یُصَلِّ عَلَیَّ فَلَا دِیْنَ لَہٗ۔ رواہ محمد بن حمدان المروزی۔ (ترجمہ) اور عبد اللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلّم نے فرمایا ہے کہ جس نے مجھ پر درود نہیں بھیجا۔ اس کا کوئی دین نہیں۔ اس حدیث کو محمدؐ بن حمدان مروزی نے روایت کیا ہے۔

(۲۶) وَ عَنْہُ رضؓ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ قَالَ اِنَّ لِلّٰہِ مَلٰٓئِکَۃً سَیَّاحِیْنَ یُبَلِّغُوْنَ عَنْ اُمَّتِی السَّلَامَ۔ رواہ النسائی باسناد صحیح۔ (ترجمہ) اور عبد اللہ بن مسعود رضؓ

ہی سے روایت ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلّم نے فرمایا ہے۔ کہ اللہ تعالےٰ کے کئی فرشتے اس کام پر مقرر ہیں کہ وہ میری اُمت طرف سے مجھے سلام پہنچاتے ہیں۔ اس حدیث کو نسائی نے صحیح سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔

(۳۷) وَ عَنْ اَنَسٍؓ قَالَ. قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ فِیْ یَوْمٍ اَلْفَ مَرَّۃٍ لَمْ یَمُتْ حَتّٰی یَرٰی مَقْعَدَہٗ مِنَ الْجَنَّۃِ۔ رواہ ابن الغازی۔ (ترجمہ) اور انسؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ و سلّم نے فرمایا۔ جس شخص نے مجھ پر ایک دن میں ایک ہزار بار درود بھیجا وہ اسی زندگی میں اپنی نشست گاہ جنت میں دیکھ لیگا۔ اس حدیث کو ابن الغازی نے روایت کیا ہے۔

(۳۸) وَ عَنْہُؓ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ عَبْدَیْنِ مُتَحَابَّیْنِ یَسْتَقْبِلُ اَحَدُھُمَا الْاٰخَرَ وَیُصَلِّیَانِ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ اِلَّا لَمْ یَتَفَرَّقَا حَتّٰی یُغْفَرَ لَھُمَا ذُنُوْبُھُمَا مَا تَقَدَّمَ مِنْھَا وَ مَا تَاَخَّرَ۔ رواہ ابو یعلی الموصلی

(ترجمہ) اور انسؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت

صلّے اللہ علیہ و سلّم نے فرمایا ہے کہ جو دو شخص ایک دوسرے کے دوست ہوں۔ اور آپس میں ملنے کے وقت (اپنی باہمی محبت پر نبیؐ کریم کی محبت کو مقدم کر کے۔ اور رسول اللہ کو یاد کر کے) نبیؐ کریم پر درود بھیجنے لگیں ان کے تمام قصور پیشتر اس سے کہ وہ ایک دوسرے سے الگ ہوں۔ معاف کر دئے جائینگے۔ خواہ وہ قصور کسی نہ کرنے والے فعل کے کرنے کی قسم سے ہوں۔ یا کسی کرنے والے کام کو نہ کرنے کی قسم سے ہوں اس حدیث کو ابو یعلیٰ موصلی نے روایت کیا ہے۔

(۳۹) عَنْ عَامِرِ بْنِ رَبِیْعَۃَ رض قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّے اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ یَخْطُبُ وَ یَقُوْلُ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلوٰۃً لَمْ تَزَلِ الْمَلٰٓئِکَۃُ تُصَلِّیْ عَلَیْہِ مَا صَلّٰی عَلَیَّ فَلْیُقِلَّ عَبْدٌ مِنْ ذَالِکَ اَوْ لِیُکْثِرْ۔ رواہ احمد وابن ماجہ

(ترجمہ) عامرؓ بن ربیعہ سے روایت ہے۔ کہ میں نے آنحضرت صلّے اللہ علیہ وسلّم سے خطبہ میں یہ فرماتے ہوئے سُنا ہے۔ کہ جو شخص مجھ پر درود بھیجے وہ جب تک مجھ پر درود بھیجتا رہے۔ اس پر ملائکہ درود بھیجتے رہتے ہیں۔ اب کوئی چاہے تو اس کو تھوڑا کرے۔ اور چاہے تو زیادہ کرے۔ اس حدیث

کو امام احمدؒ اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے

(۳۰) وَ فِیْ رِوَایَةِ عبد الرزاق عنہ بلفظ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ۔ فَاَکْثِرُوْا اَوْ اَقِلُّوْا۔ (ترجمہ) اور عبد الرزاق کی روایت کے الفاظ یہ ہیں کہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ و سلّم نے فرمایا۔ کہ جو شخص مجھ پر درود بھیجے اس پر اللہ تعالیٰ درود بھیجتا ہے۔ اب خواہ اسے زیادہ کرو یا تھوڑا۔

(۳۱) وَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ فَاتَّبَعْتُہٗ۔ حَتّٰی دَخَلَ نَخْلًا۔ فَسَجَدَ فَاَطَالَ السُّجُوْدَ۔ حَتّٰی خِفْتُ اَوْ خَشِیْتُ اَنْ یَکُوْنَ قَدْ تَوَفَّاہُ اَوْ قَبَضَہٗ۔ قَالَ فَجِئْتُ اَنْظُرُ فَرَفَعَ رَأْسَہٗ فَقَالَ مَالَکَ یَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ قَالَ فَذَکَرْتُ ذٰلِکَ لَہٗ۔ قَالَ فَقَالَ اِنَّ جِبْرِیْلَ۔ قَالَ لِیْ اَلَا اُبَشِّرُکَ اَنَّ اللّٰہَ عَزَّ وَ جَلَّ یَقُوْلُ مَنْ صَلّٰی عَلَیْکَ صَلَّیْتُ عَلَیْہِ۔ وَ مَنْ سَلَّمَ عَلَیْکَ سَلَّمْتُ عَلَیْہِ۔ رواہ احمد و زاد فی روایة فسجدت لذالک شکرًا۔ (ترجمہ) اور عبد الرحمٰن بن عوف سے روایت ہے۔ کہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ و سلّم

(ایک دن) باہر کو تشریف لے جانے لگے۔ تو میں آپ کے پیچھے ہو لیا۔ حتیٰ کہ آپ ایک کھجوروں کے باغ میں تشریف لے گئے اور وہاں سجدہ میں گر گئے۔ اور بہت دیر تک سجدہ میں گرے رہے اس پر مجھے اندیشہ پیدا ہوا۔ کہ کہیں آپ کی وفات نہ ہو چکی ہو۔ چنانچہ میں دیکھنے کے لئے آپ کے پاس چلا آیا۔ تب آپ نے اپنا سر مبارک اٹھایا اور فرمایا۔ کہ عبد الرحمٰن! کیا بات ہے؟ اس پر میں نے اپنے اندیشہ کا ذکر کر دیا۔ آپ نے فرمایا کہ جبرائیل نے مجھ سے کہا ہے کہ کیا میں تجھے بشارت نہ دوں کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ کہ جو شخص تجھ پر درود بھیجیگا۔ اس پر میں درود بھیجونگا۔ اور جو تجھ پر سلام بھیجے گا۔ میں اس پر سلام بھیجونگا اس حدیث کو امام احمد نے روایت کیا ہے۔ اور ایک روایت میں یہ الفاظ زیادہ بیان کئے ہیں۔ کہ اسی وجہ سے میں نے یہ سجدہ کیا تھا۔

(۳۲) عَنْ اُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ اِذَا ذَھَبَ رُبُعُ اللَّیْلِ قَامَ فَقَالَ یَا اَیُّھَا النَّاسُ اذْکُرُوا اللّٰہَ۔ اُذْکُرُوا اللّٰہَ جَاءَتِ الرَّاجِفَۃُ تَتْبَعُھَا الرَّادِفَۃُ۔ جَاءَ الْمَوْتُ

بما فیہ - جاء الموت بما فیہ - قال ابیُّ بن
کعب قلت یا رسول اللہ ! انی اکثر
الصلوٰۃ علیک - فکم اجعل لک من صلوتی
قال ما شئت قلت الربع قال ما شئت۔
و ان زدت فھو خیر - قلت النصف
قال ما شئت - و ان زدت فھو خیر۔
قلت الثلثین - قال ما شئت - ان زدت
فھو خیر - قال اجعل لک صلوتی کلھا۔
قال اذا تکفی ھمک و یغفر لک ذنبک۔
رواہ عبد ابن حمید فی مسندہ احمد والحاکم
فی المستدرک والترمذی و قال حدیث
حسن صحیح - (ترجمہ) ابی بن کعب سے روایت
ہے کہ ایک دفعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم
کوئی چوتھا حصہ رات کا گزر چکنے کے بعد اٹھ کر
فرمانے لگے کہ اے لوگو اللہ تعالیٰ کو یاد کرو۔ اللہ
تعالیٰ کو یاد کرو۔ سخت ہلا دینے والی اور تہ و
بالا کر دینے والی گھڑی آنے والی ہے - موت
اپنے تمام ہولناک منظر ساتھ لئے ہوئے سر پر آ
پہنچی ہے - موت اپنے خوفناک حالات کو اپنے ساتھ
لئے ہوئے سر پر آ گئی ہے۔ ابی بن کعب رضی
کہتے ہیں - کہ میں نے یا رسول اللہ ! میں آپ کے لئے

کثرت سے دعائیں مانگا کرتا ہوں - مگر حضور خود فرمائیں کہ میں اپنی دعاؤں میں سے کس قدر حصہ آپ پر درود بھیجا کروں - آپ نے فرمایا - کہ جتنا چاہو اور پسند کرو - میں نے عرض کیا کہ (اپنی کل دعاؤں کا) چوتھائی حصہ ؟ آپ نے فرمایا کہ جتنا چاہو اور پسند کرو اور اگر اس سے زیادہ کرو تو اور بھی اچھا ہوگا میں نے عرض کیا کہ نصف حصہ ؟ - فرمایا کہ جتنا چاہو - اور اگر اس سے بھی زیادہ کرو تو زیادہ اچھا ہوگا - میں نے عرض کیا کہ دو تہائی ؟ - آپ نے فرمایا کہ جتنا چاہو - اور اگر اس سے بھی زیادہ کرو تو اور بھی اچھا ہوگا - میں نے عرض کیا کہ میں تمام دعائیں آپ ہی کے لئے کیا کروں گا یعنی آپ پر ہی درود بھیجا کروں گا - آپ نے فرمایا - کہ تب تو تمہارے تمام فکروں سے تمہیں آزاد کر دیا جائے گا - اور تمہارے تمام قصور اور گناہ معاف کر دئیے جائینگے - اس حدیث کو عبد الحمید امام احمدؒ - حاکم اور ترمذی نے روایت کیا ہے -

(۳۳) عَنْ اَبِیْ سَلَمَۃَ رضؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ خَیْرُ یَوْمٍ طَلَعَتْ فِیْہِ الشَّمْسُ یَوْمُ الْجُمُعَۃِ - فِیْہِ خُلِقَ اٰدَمُ وَ فِیْہِ اُھْبِطَ وَ فِیْہِ یَتُبَ عَلَیْہِ وَ فِیْہِ مَاتَ

وَ فِيهِ تَقُوْمُ السَّاعَةُ - وَ مَا مِنْ دَابَّةٍ اِلَّا وَ هِيَ مُصِيْخَةٌ يَوْمَ الْجُمُعَةِ مِنْ حِيْنِ تَطْلُعُ الشَّمْسُ - شَفَقًا مِنَ السَّاعَةِ - اِلَّا الْجِنَّ وَ الْاِنْسَ وَ فِيْهَا سَاعَةٌ لَا يُصَادِفُهَا عَبْدٌ مُسْلِمٌ وَ هُوَ يُصَلِّيْ يَسْئَلُ اللّٰهَ شَيْئًا اِلَّا اَعْطَاهُ اِيَّاهُ - رواہ مالک - (ترجمہ) اور ابو سلمہ رضؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلم نے فرمایا ہے کہ تمام دنوں میں سے بہتر دن جمعہ کا دن ہے۔ اس میں آدمؑ کو پیدا کیا گیا تھا۔ اور اس میں ان کا ہبوط ہوا۔ اور اس میں ان کی توبہ منظور ہو کر ان پر خاص رحمتیں ہوئیں اور اس میں ان کی وفات ہوئی تھی۔ اور جب جمعہ کا دن چڑھتا ہے۔ تو تمام جاندار آغاز طلوع آفتاب کے وقت سے ہی آنے والی گھڑی کے خوف اور اندیشہ کی وجہ سے ہمہ تن گوش ہو رہے ہوتے ہیں۔ باستثناء جن و انس کے کہ وہ غافل ہیں اور اس دن میں ایک گھڑی ایسی ہوتی ہے کہ جس مسلم کو وہ گھڑی درود شریف پڑھتے ہوئے آئے۔ وہ اس وقت جو دعا خدا تعالیٰ کے حضور کرے۔ وہ منظور کی جاتی ہے۔ اور جو کچھ اس نے مانگا ہوتا ہے۔ وہ اسے دیا جاتا ہے۔ اس حدیث

کو امام مالک نے روایت کیا ہے۔

(۳۴) وَ عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ اَکْثِرُوا الصَّلٰوۃَ عَلَیَّ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ۔ فَاِنَّہٗ یَوْمٌ مَّشْھُوْدٌ تَشْھَدُہُ الْمَلٰٓئِکَۃُ وَ اِنَّ اَحَدًا لَنْ یُّصَلِّیَ عَلَیَّ اِلَّا عُرِضَتْ عَلَیَّ صَلٰوتُہٗ حَتّٰی یَفْرُغَ۔ قَالَ قُلْتُ وَ بَعْدَ الْمَوْتِ؟ قَالَ اِنَّ اللّٰہَ حَرَّمَ عَلَی الْاَرْضِ اَنْ تَاْکُلَ اَجْسَادَ الْاَنْبِیَاءِ فَنَبِیُّ اللّٰہِ حَیٌّ یُّرْزَقُ۔ رواہ ابن ماجۃ۔ (ترجمہ)

ابو الدرداءؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلّم نے فرمایا ہے کہ جمعہ کے روز مجھ پر زیادہ درود بھیجا کرو۔ کیونکہ وُہ ملائکہ کے بکثرت نزول کا دن ہے۔ اس میں فرشتے خصوصیّت سے اترتے ہیں۔ اور تم میں سے جو شخص بھی مجھ پر درود بھیجیگا۔ اس کا درود (ساتھ ہی ساتھ) میرے پاس لایا جائے گا۔ یہاں تک کہ وُہ فارغ ہو جائے ابو الدرداء کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ کیا آپ کی وفات کے بعد بھی؟ آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اس بات کو زمین پر حرام کر دیا ہے۔ کہ وُہ انبیاء کے وجودوں کو کھا سکے۔ کیونکہ خدا تعالےٰ کا نبی زندہ ہوتا ہے۔ اور خدا تعالےٰ سے

رزق پاتا ہے۔ اس حدیث کو ابن ماجہ نے روایت کیا ہے
فائدہ۔ اس حدیث کے الفاظ نبی اللہ حی یرزق
میں قرآن کریم کی آیت بَلْ اَحْیَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ
یُرْزَقُوْنَ۔ کی طرف اشارہ ہے۔ اور اس میں بتایا
گیا ہے۔ کہ اس حیات اور رزق کی حقیقت اسی
کے مطابق ہے۔ جو اس آیت میں بیان ہوئی ہے۔
(۳۵) و عن حسنؓ بن علیؓ رضی اللہ عنہما
قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم۔
صلوا فی بیوتکم ولا تتخذوا قبوراً و لا
تتخذوا بیتی عیداً صلوا علی و سلموا۔ فان
صلوتکم و سلامکم۔ یبلغنی اینما کنتم۔
رواہ ابو یعلی فی مسندہ۔ (ترجمہ) امام حسن
رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ
علیہ و سلم نے فرمایا ہے کہ اپنے گھروں میں
نمازیں پڑھا کرو۔ اور انہیں قبریں مت بناؤ (یعنی
جن گھروں میں نمازیں نہیں پڑھی جاتیں اور دعائیں
نہیں کی جاتیں۔ ان میں رہنے والے حقیقی حیات سے
محروم ہوتے ہیں۔ اور نیز یہ کہ نماز تو قبرستان میں
نہیں پڑھی جاتی۔ پس اپنے گھروں کو قبرستانوں کی طرح
مت بناؤ) اور میرے گھر کو (یعنی جہاں میری قبر
ہوگی) بار بار آنے جگہ اور زیارت گاہ مت بناؤ

ہاں مجھ پر درود اور سلام بھیجنا - کیونکہ تمہارا سلام اور درود مجھے پہنچ جائے گا - خواہ تم کہیں ہو گے - اس حدیث کو ابو یعلی نے اپنی مسند میں روایت کیا ہے

(۳۶) عن حسینؓ بن علی رضی اللہ عنہما قال قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ و سلم من ذکرت عندہٗ فخطئ الصّلوٰۃ علی خطئ طریق الجنۃ - رواہ الطبرانی فی المعجم - (ترجمہ) امام حسین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے - کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلّم نے فرمایا ہے کہ جس شخص کے پاس میرا ذکر آیا - اور اسے مجھ پر درود بھیجنے کی توفیق نہ ملی - اور اس کے ہاتھ سے یہ موقع جاتا رہا اس سے اس وقت جنت تک پہنچنے کی راہ کھوئی گئی اس حدیث کو طبرانی نے معجم میں روایت کیا ہے -

## درود شریف کے الفاظ کے متعلق احادیث

(۱) عن ابی لیلیٰؓ قال لقینی کعب بن عجرہؓ فقال الا اُھدی لک ھدیۃً - خرج علینا رسول اللہ صلے اللہ علیہ و سلم فقلنا قد عرفنا کیف نسلم علیک فکیف نصلّی علیک - قال قولوا - اللّٰھمّ صلّ علے محمّدٍ وّ علیٰ اٰلِ محمّدٍ

كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا
بَارَكْتَ عَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔
متفق علیہ۔ وھو اصح حدیث فی
الباب۔ (ترجمہ) ابو لیلیٰؓ سے روایت ہے کہ مجھ سے
کعبؓ بن عجرہؓ ملے اور کہا کہ کیا میں تمہیں ایک تحفہ
نہ دوں؟ آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہٖ و سلم ایک
ہم لوگوں کے پاس باہر تشریف لائے تو ہم نے عرض
کیا آپ پر سلام بھیجنے کا طریق تو ہمیں معلوم ہو
چکا ہے۔ درود آپ پر کس طرح بھیجا جائے آپ نے
فرمایا کہ یوں کہا کرو۔ اللّٰھم صل علےٰ محمد الخ
یعنی اے اللہ! محمدؐ پر اور آپ کی آل پر درود
بھیج۔ جیسا کہ آل ابراہیمؑ پر درود بھیجنے کا تیرا
وعدہ ہے۔ تو بہت ہی تعریفوں والا اور بزرگ
شان والا ہے۔ اے اللہ محمدؐ پر اور آپ کی آل
پر برکات نازل کر جیسا کہ آل ابراہیمؑ پر برکات
نازل کرنے کا تیرا وعدہ ہے۔ تو بہت ہی تعریفوں
والا اور بزرگ شان والا ہے۔ یہ حدیث متفق علیہ
ہے۔ یعنی صحیح بخاری اور صحیح مسلم دونو میں مروی
ہے۔

فائدہ۔ مشکوٰۃ المصابیح اور ریاض الصالحین میں

اس حدیث کے درود شریف کے الفاظ اس طرح پر آئے ہیں۔ جیسا کہ عام طور پر نمازوں میں درود شریف پڑھا جاتا ہے۔ یعنی اس طرح پر۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

(ترجمہ) اے اللہ تو محمدؐ پر اور آپ کے تمام متبعین پر درود بھیج۔ جیسا کہ تو نے ابراہیمؑ پر اور آلِ ابراہیمؑ پر درود بھیجا ہے۔ تو بہت ہی تعریفوں والا اور بزرگ شان والا ہے۔ اے اللہ تو محمدؐ پر اور محمدؐ کے تمام متبعین پر برکات نازل کر۔ جیسا کہ تو نے ابراہیمؑ پر اور آلِ ابراہیمؑ پر برکات نازل کی ہیں۔ تو بہت ہی تعریفوں والا۔ اور بزرگ شان والا ہے:۔

(۳) وَعَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ اَتَانَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ وَ نَحْنُ فِیْ مَجْلِسِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَۃَ فَقَالَ لَہٗ بَشِیْرُ بْنُ سَعْدٍ قَدْ اَمَرَنَا اللّٰہُ اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْکَ فَکَیْفَ نُصَلِّیْ عَلَیْکَ۔

قَالَ قُوْلُوْا - اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ وَ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ - وَ السَّلَامُ كَمَا قَدْ عَلِمْتُمْ - (رواہ احمد و مسلم و ابو داؤد و الترمذی - و صححہ و النسائی -) (ترجمہ)

اور ابو مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے - کہ ہم (چند آدمی) سعدؓ بن عبادہؓ کی مجلس میں بیٹھے تھے - وہاں آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلم ہمارے پاس تشریف لائے - تو سعدؓ کے لڑکے بشیر نے عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں آپ پر درود بھیجنے کا حکم دیا ہے سو ہم کس طرح آپ پر درود بھیجا کریں حضور نے فرمایا کہ یوں کہا کرو - اَللّٰهُمَّ صَلِّ الخ (یعنی اے اللہ تو محمدؐ پر اور محمدؐ کے تبعین پر درود بھیج - جیسا کہ تو نے آلِ ابراہیمؑ پر درود بھیجنے کا وعدہ کیا ہوا ہے - اور محمدؐ پر اور محمدؐ کے تمام تبعین پر برکات نازل کر - جیسا کہ تو نے آلِ ابراہیمؑ پر برکات نازل کرنے کا وعدہ کیا ہوا ہے) اور سلام بھیجنے کا وہی طریق ہے جو تم معلوم کر چکے ہو - اس حدیث کو امام احمد - اور مسلم اور ابو داؤد اور ترمذی اور نسائیؒ نے

روایت کیا ہے۔ اور ترمذی نے اس حدیث کو صحیح بتایا ہے :۔

(۳) وَ عَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدٌ۔ قَالَ اَقْبَلَ رَجُلٌ حَتّٰی جَلَسَ بَیْنَ یَدَیِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ۔ وَ نَحْنُ عِنْدَہٗ۔ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَمَّا السَّلَامُ عَلَیْکَ فَقَدْ عَرَفْنَاہُ فَکَیْفَ نُصَلِّیْ عَلَیْکَ اِذَا نَحْنُ صَلَّیْنَا فِیْ صَلَاتِنَا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ۔ فَقَالَ فَصَمَتَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ حَتّٰی اَحْبَبْنَا اَنَّ الرَّجُلَ لَمْ یَسْئَلْہُ فَقَالَ اِذَا اَنْتُمْ صَلَّیْتُمْ عَلَیَّ فَقُوْلُوْا۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَ اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ وَ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ وَ السَّلَامُ کَمَا عَلِمْتُمْ (رواہ احمد) وابن ابی خزیمہ و الحاکم وَقَالَ ھو علی شرط مسلم و الدار قطنی

(ترجمہ) ابو مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ ایک دفعہ جب کہ ہم لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم کی خدمت میں حاضر تھے۔ ایک شخص نے آ کر حضور کے سامنے بیٹھ کر عرض کیا۔ کہ اللہ آپ پر درود بھیجے! آپ پر سلام بھیجنے کا طریق

تو ہم لوگوں کو معلوم ہو چکا ہے۔ درود ہم آپ پر نماز میں کس طرح سے بھیجا کریں؟ ابو مسعودؓ کہتے ہیں۔ کہ یہ سوال سنکر حضور خاموش ہو گئے۔ حتیٰ کہ ہم لوگ اپنے دلوں میں یہ کہنے لگے۔ کہ کاش اس شخص نے آپ سے یہ سوال نہ کیا ہوتا۔ اس کے بعد آپ نے فرمایا۔ کہ جب تم مجھ پر درود بھیجنا چاہو۔ تو یوں کہا کرو۔ اللھم صل الخ (یعنی اے اللہ! نبی امی محمد (صلے اللہ علیہ و سلّم) پر اور محمد کے تمام متبعین پر درود بھیج جیسا کہ تو نے ابراہیمؑ اور آلِ ابراہیمؑ پر درود بھیجا ہے۔ اور محمد پر اور محمد کی تمام آل پر برکات نازل کر جیسا کہ آلِ ابراہیمؑ پر برکات نازل کرنے کا تیرا وعدہ ہے) اور سلام کا وہی طریق ہے۔ جو تمہیں معلوم ہو چکا ہے۔ اس حدیث کو امام احمد اور ابن خزیمہ اور حاکم نے بھی روایت کیا ہے۔ کہ یہ حدیث مسلم کی شرط کے مطابق ہے۔ اور اسے دار قطنی نے بھی روایت کیا ہے۔

(۲) عَنْ اَبِیْ حُمَیْدِ السَّاعِدِیِّ۔ اَنَّهُمْ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ کَیْفَ نُصَلِّیْ عَلَیْكَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ قُوْلُوْا۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ اَزْوَاجِهٖ وَ ذُرِّیَّتِهٖ کَمَا بَارَکْتَ

کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اَزْوَاجِهٖ وَ ذُرِّیَّتِهٖ

عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ - مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ - ترجمہ
ابو حمید ساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بعض
صحابہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! ہم آپ پر
درود کس طرح بھیجا کریں؟ آپ نے فرمایا - کہ یوں کہا
کرو - اللّٰھم صلّ الخ (یعنی اے اللہ تو محمد پر اور
آپ کی بیویوں پر اور آپ کی اولاد پر درود بھیج -
جیسا کہ آل ابراہیم پر درود بھیجنے کا تیرا وعدہ ہے
اور محمد پر اور آپ کی بیویوں پر اور آپ کی اولاد پر برکات
بھیج - جیسا کہ آل ابراہیم پر برکات بھیجنے کا تیرا
وعدہ ہے - تو تو بہت ہی تعریفوں اور بزرگی شان
والا ہے) یہ حدیث متفق علیہ ہے -

(۵) وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ - قَالَ قُلْنَا یَا
رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا السَّلَامُ عَلَيْكَ عَرَفْنَاهُ
فَكَيْفَ الصَّلٰوةُ عَلَيْكَ - قَالَ قُوْلُوْا - اَللّٰهُمَّ صَلِّ
عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى
اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ - رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ
وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ - ترجمہ - اور ابو سعید
خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے - کہ ہم لوگوں
نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض
کیا - کہ یا رسول اللہ! آپ پر سلام بھیجنے کو فرمایا

تو ہم معلوم کر چکے ہیں۔ درود آپ پر کس طرح بھیجا کریں۔ آپ نے فرمایا کہ یوں کہا کرو۔ اللھم صل الخ (یعنی اے اللہ! تو اپنے بندے اور اپنے رسول محمدؐ پر درود بھیج۔ جیسا کہ تو نے ابراہیمؑ پر درود بھیجا ہے۔ اور محمدؐ پر اور محمدؐ کے تمام متبعین پر برکات نازل کر۔ جیسا کہ ابراہیمؑ کی آل پر برکات نازل کرنے کا تیرا وعدہ ہے) اس حدیث کو بخاری نسائی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

(۶) وَ عَنْ مُوْسٰی بْنِ طَلْحَۃَ رضؓ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ کَیْفَ الصَّلٰوۃُ عَلَیْکَ۔ قَالَ قُلْ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ وَ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ رواہ احمد۔

(ترجمہ) اور موسٰی بن طلحہؓ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کیا۔ کہ یا رسول اللہ! آپ پر درود کس طرح بھیجا جائے۔ آپ نے فرمایا کہ یوں کہا کرو۔ اللھم صل الخ (یعنی اے اللہ! تو محمدؐ پر اور محمدؐ کے تمام متبعین پر درود بھیج۔ جیسا کہ تو نے ابراہیمؑ پر درود بھیجا ہے۔ تو بہت ہی تعریفوں والا اور بزرگ شان والا ہے۔ اور محمدؐ پر اور محمدؐ کے تمام متبعین پر برکات

نازل کر جیسا کہ آلِ ابراہیمؑ پر برکات نازل کرنے کا تیرا وعدہ ہے۔ تو بہت ہی تعریفوں والا اور بزرگ شان والا ہے) اس حدیث کو امام احمدؒ نے روایت کیا ہے۔

(۷) وَ عَنْ مُوسٰی بْنِ طَلْحَۃَ رض۔ اَنَّ رَجُلًا اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ فَقَالَ کَیْفَ نُصَلِّیْ عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ۔ قَالَ قُوْلُوْا۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ وَ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ رواہ النسائی۔ (ترجمہ) اور موسیٰ بن طلحہؓ سے روایت ہے۔ کہ ایک شخص نے آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ اے خدا کے نبیؐ! ہم آپ پر درود کس طرح بھیجا کریں۔ آپ نے فرمایا کہ یوں کہا کرو۔ اللھم صلّ الخ (یعنی اے اللہ! تو محمدؐ پر درود بھیج۔ جیسا کہ تو نے ابراہیمؑ پر درود بھیجا ہے۔ تو بہت ہی تعریفوں والا۔ اور بزرگ شان والا ہے۔ اور تو محمدؐ پر اور محمدؐ کے تمام متبعین پر برکات نازل کر جیسا کہ تو نے ابراہیمؑ پر برکات نازل کی ہیں۔ تو بہت ہی تعریفوں والا اور بزرگ شان والا ہے

اس حدیث کو نسائی نے روایت کیا ہے۔

(۸) وَ فِی رِوَایَةٍ عَنْهُ - قَالَ قُلْنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ کَیْفَ الصَّلٰوةُ عَلَیْكَ قَالَ قُوْلُوْا - اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَ اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ - وَ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ - (رواہ النسائی) (ترجمہ) اور موسٰی ابن طلحہؓ ہی سے ایک روایت اس طرح پر ہے کہ ہم نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ آپ پر درود کس طرح بھیجا جائے - حضور نے فرمایا کہ یوں کہا کرو - اللھم صلّ الخ (یعنی اے اللہ تو محمدؐ پر درود بھیج - جیسا کہ تو نے ابراہیمؑ اور آلِ ابراہیمؑ پر درود بھیجا ہے - تو بہت ہی تعریفوں والا اور بزرگ شان والا ہے - اور تو محمد پر اور محمد کے تمام متبعین پر برکات نازل کر - جیسا کہ تو نے ابراہیمؑ پر برکات نازل کی ہیں - تو بہت ہی تعریفوں والا اور بزرگ شان والا ہے) اس حدیث کو نسائی نے روایت کیا ہے۔

(۹) وَعَنْ عَلِیٍّؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ - مَنْ سَرَّهٗ اَنْ یَّکْتَالَ بِالْمِکْیَالِ الْاَوْفٰی اِذَا صَلّٰی عَلَیْنَا اَهْلَ الْبَیْتِ فَلْیَقُلْ

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَ بَرَكَاتِكَ عَلٰى مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ وَ اَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ ذُرِّيَّتِهٖ وَ اَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ - رواہ النسائی و ابو داؤد - (ترجمہ) اور حضرت علیؓ سے روایت ہے - کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا - کہ جس شخص کے لئے یہ بات خوشی کا موجب ہو - کہ ہم اہل بیت پر درود بھیجتے وقت اپنا حصہ کامل پیمانہ کے ساتھ لے - وہ یوں کہے - اللّٰھم صل الخ (یعنی اے اللہ! اپنی تمام قسم کی صلوٰۃ یعنی خاص رحمتیں اور اپنی تمام اقسام کی برکات اپنے نبیؐ محمد پر اور آپ کی تمام بیویوں امہات المؤمنین پر اور آپ کی تمام اولاد اور تمام اہل بیت پر بھیج - جیسا کہ تو نے ابراہیمؑ پر درود بھیجا - بے شک تو بہت ہی تعریفوں والا اور بزرگ شان والا ہے -) اس حدیث کو نسائی اور ابو داؤد نے روایت کیا ہے (اس حدیث کے بعض وجوہ پر جرح کی گئی ہے)

(۱۰) وَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رضؓ - اَنَّهُمْ سَاَلُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ - كَيْفَ نُصَلِّيْ عَلَيْكَ قَالَ قُوْلُوْا - اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَ بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

فِی الْعَالَمِیْنَ - اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ - رواہ محمد بن اسحاق السراج و عبد الوھاب بن منده ۔

(ترجمہ) حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ بعض صحابہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم کی خدمت میں سوال کیا - کہ ہم آپ پر درود کس طرح بھیجا کریں آپ نے فرمایا - کہ یوں کہا کرو - اللھم صل الخ (یعنی اے اللہ! تو محمد پر اور محمد کے تمام متبعین پر درود بھیج - اور محمد پر اور محمد کے تمام متبعین پر برکات نازل کر - جیسا کہ تو نے ابراہیم اور آلِ ابراہیم پر تمام عالمین میں برکات نازل کیں - تو بہت ہی تعریفوں والا اور بزرگ شان والا ہے) اس حدیث کو محمد ابن اسحاق سراج نے اور عبد الوہاب بن مندہ نے روایت کیا ہے -

(۱۱) وَ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ کَیْفَ نُصَلِّیْ عَلَیْكَ یَعْنِیْ فِی الصَّلٰوۃِ - قَالَ تَقُوْلُوْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ ثُمَّ تُسَلِّمُوْنَ عَلَیَّ - رواہ الشافعی - (ترجمہ) اور حضرت ابو ہریرہؓ ہی سے روایت ہے - کہ میں نے عرض کیا - کہ یا رسول اللہ! (نماز میں) آپ پر درود کس طرح بھیجا جائے -

آپ نے فرمایا کہ تم یوں کہا کرو۔ اللھمّ صلّ الخ (یعنی اے اللہ! محمدؐ پر اور محمدؐ کے تمام متبعین پر درود بھیج۔ جیسا کہ تو نے ابراہیمؑ پر درود بھیجا ہے اور محمدؐ پر اور محمدؐ کے تمام متبعین پر برکات نازل کر۔ جیسا کہ تو نے ابراہیمؑ پر برکات نازل کی ہیں۔) پھر تم مجھ پر سلام بھیجا کرو۔ اس حدیث کو امام شافعیؒ نے روایت کیا ہے۔

(۱۳) وَعَنْ بُرَیْدَۃَ بْنِ الْحُصَیْبِ قَالَ قُلْنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَدْ عَلِمْنَا السَّلَامُ عَلَیْکَ۔ فَکَیْفَ الصَّلٰوۃُ عَلَیْکَ۔ قَالَ قُوْلُوْا۔ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صَلٰوتِکَ وَ رَحْمَتَکَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا جَعَلْتَھَا عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ رواہ الحسن بن شاذان۔ (ترجمہ) اور بریدہ بن حصیبؓ سے روایت ہے۔ کہ ہم نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ! آپ پر سلام بھیجنے کا طریق تو ہمیں معلوم ہو گیا ہے۔ درود آپ پر کس طرح بھیجا جائے۔ آپ نے فرمایا۔ کہ یوں کہا کرو۔ اللّٰھمّ صلّ الخ (یعنی اے اللہ! محمدؐ پر اور محمدؐ کے تمام متبعین پر ہر رنگ میں درود اور رحمتیں بھیج۔ جیسا کہ تو نے ابراہیم پر بھیجی ہیں۔ تو بہت ہی تعریفوں والا اور بزرگ شان والا ہے) اس

حدیث کو حسن بن شاذان نے روایت کیا ہے۔

(۱۳) وَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍؓ. قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ اِذَا تَشَهَّدَ اَحَدُكُمْ فِي الصَّلٰوةِ فَلْيَقُلْ - اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَ بَارَكْتَ وَ تَرَحَّمْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

رواه الحاكم في المستدرك و البيهقي في السنن

(ترجمہ) اور عبد اللہ بن مسعودؓ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلم نے فرمایا ہے۔ کہ جب تم میں سے کوئی شخص نماز میں تشہد کر چکے۔ تو یوں کہے۔ اللّٰھم صل الخ (یعنی اے اللہ! محمدؐ پر اور محمدؐ کے تمام متبعین پر درود بھیج۔ جیسا کہ تونے ابراہیم اور آل ابراہیمؑ پر درود اور برکات اور اپنی رحمتیں نازل کی ہیں۔ تو بہت ہی تعریفوں والا اور بزرگ شان والا ہے۔) اس حدیث کو حاکم نے مستدرک میں اور بیہقی نے سنن میں روایت کیا ہے:

(۱۴) وَ عَنْهُ اِنَّهٗ قَالَ عَلَّمَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ - اَلتَّشَهُّدَ كَمَا كَانَ يُعَلِّمُنَا السُّوْرَةَ مِنَ الْقُرْاٰنِ - اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَ الطَّيِّبَاتُ - اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَ

رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہٗ - اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَ عَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصّٰلِحِیْنَ - اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَ رَسُوْلُہٗ -

رواہ الدار قطنی - (ترجمہ) اور عبد اللہ بن مسعود رضؓ ہی سے روایت ہے - کہ جس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم اہتمام کے ساتھ ہمیں قرآن کریم کی کوئی نازل ہونے والی سورت سکھاتے اور پڑھاتے تھے اسی اہتمام سے حضور نے مجھے تشہد کی دعا سکھائی تھی - جو یہ ہے - التحیات للّٰہ الخ (یعنی ہماری تمام زبانی اور بدنی اور مالی عبادتیں اللہ تعالےٰ کے لئے مخصوص ہیں - اے نبی تجھ پر سلام اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکات ہوں - ہم پر اور اللہ تعالےٰ کے تمام نیک بندوں پر سلام ہو - میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہی معبود برحق ہے - اس کے سوا کوئی قابل پرستش اور حقیقی طور پر قابل محبت نہیں - اور میں شہادت دیتا ہوں کہ محمدؐ اس کا بندہ اور اس کا رسول ہے - اس حدیث کو دار قطنی نے روایت کیا ہے -

(نوٹ) ایک روایت میں اس دعا کے بعد درود شریف کے یہ الفاظ بھی آئے ہیں - اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اَھْلِ بَیْتِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ - اَللّٰھُمَّ صَلِّ

عَلَیْنَا مَعَھُمْ۔ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی
اَھْلِ بَیْتِہٖ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ
حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلَیْنَا مَعَھُمْ۔ صَلَوٰتُ
اللّٰہِ وَ صَلَوٰتُ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ
اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہٗ

(ترجمہ) اے اللہ! محمدؐ پر اور آپ کے اہل بیت پر
درود بھیج جیسا کہ تو نے ابراہیمؑ پر درود بھیجا ہے تو
بہت ہی تعریفوں والا اور بزرگ شان والا ہے۔
اے اللہ! ان کے ساتھ ہم پر بھی اپنی خاص رحمتیں
نازل کر۔ اے اللہ محمدؐ پر اور آپ کے اہلِ بیت
پر برکات نازل کر۔ جیسا کہ آلِ ابراہیمؑ پر برکات
نازل کرنے کا تیرا وعدہ ہے۔ تو بہت ہی تعریفوں والا
اور بزرگ شان والا ہے۔ اے اللہ ان کے ساتھ ہم پر بھی
برکات نازل کر۔ محمد رسول اللہ پر اللہ کی رحمتیں ہوں

(۵۸) وَ عَنْ رُوَیْفِعِ بْنِ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِیِّ رضی قَالَ
قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ۔ مَنْ
قَالَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اَنْزِلْہُ الْمَقْعَدَ
الْمُقَرَّبَ عِنْدَکَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ وَجَبَتْ لَہٗ شَفَاعَتِیْ
رواہ الطبرانی فی المعجم الکبیر و اسماعیل
بن اسحاق فی کتابہ۔ (ترجمہ) رویفع بن ثابت
انصاری رضی سے روایت ہے۔ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ

و سلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص اللھم صل الخ کہیگا۔ (یعنی اے اللہ محمدؐ پر درود بھیج اور قیامت کے دن آپ کو اپنے حضور میں کامل قرب کے مقام میں جگہ دینا) اس کے لیئے میری شفاعت یقیناً متحقق ہوگی۔ اس حدیث کو طبرانی نے معجم کبیر میں اور اسمٰعیل بن اسحاق نے اپنی کتاب میں روایت کیا ہے۔

(۱۲) وَعَنْ زَیْدِ بْنِ خَارِجَۃَ قَالَ اَنَا سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَیْفَ الصَّلٰوۃُ عَلَیْکَ۔ فَقَالَ صَلُّوْا وَ اجْتَھِدُوْا ثُمَّ قُوْلُوْا اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

رواہ النسائی۔ (ترجمہ) زید بن خارجہ سے روایت ہے کہ خود میں نے آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلم کی خدمت میں عرض کیا تھا۔ کہ آپ پر درود کس طرح بھیجا جائے۔ جس پر آپ نے فرمایا تھا کہ اس طرح پر کہ نماز پڑھو۔ اور خوب اچھی طرح پوری کوشش اور توجہ سے پڑھو۔ اور (نماز میں بیٹھ) یوں کہو۔ اللھم بارکت الخ (یعنی اے اللہ تو محمدؐ پر اور آپ کی آل پر برکات نازل کر جیسا کہ آل ابراہیم پر برکات نازل کرنے کا تیرا وعدہ ہے۔ تو بہت ہی تعریفوں والا اور بزرگ شان والا ہے) اس حدیث کو نسائی نے روایت

کیا ہے۔

# درود شریف پڑھنے کے چند خاص مواقع

(۱) نماز کے آخری تشہد میں یعنی آخری رکعت کے قعدہ میں اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ سے لیکر وَ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَ رَسُوْلُہٗ۔ پڑھ چکنے کے بعد درود شریف کا پڑھنا نہایت ضروری ہے۔ جیسا کہ ابھی بارہ تیرہ احادیث پہلے آچکی ہیں۔ جن میں سے ایک یہ ہے۔ کہ حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلم نے فرمایا ہے۔ کہ لَا صَلٰوۃَ لِمَنْ لَمْ یُصَلِّ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ جس کو طبرانی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔ یعنی درود شریف کے بغیر نماز ہی درست نہیں ہوتی۔ یہی مذہب امام شافعیؒ کا ہے۔ اور حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا ہے۔ کہ اِذَا تَشَھَّدَ اَحَدُکُمْ فِی الصَّلٰوۃِ فَلْیَقُلْ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ الخ۔ یعنی جب نماز میں تشہد پڑھ چکو۔ تو درود شریف پڑھو۔ اس حدیث کو حاکم نے مستدرک میں اور بیہقی نے سنن میں روایت

کیا ہے۔

اور عبد اللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم ہمیں تشہد کے بعد درود شریف پڑھنے کا ارشاد فرماتے تھے۔ اور بریدہؓ سے روایت ہے۔ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم نے مجھے فرمایا۔ یَا بُرَیْدَۃُ اِذَا صَلَّیْتَ فِیْ صَلٰوتِکَ فَلَا تَتْرُکَنَّ الصَّلٰوۃَ عَلَیَّ فِیْھَا۔ فَاِنَّھَا زَکٰوۃُ الصَّلٰوۃِ یعنی اے بریدہؓ جب نماز پڑھو۔ تو اس میں مجھ پر درود بالضرور بھیجا کرو۔ کیونکہ یہ نماز کو بڑھاتا اور کامل بناتا ہے۔ اس حدیث کو دار قطنی نے روایت کیا ہے۔

(۲) دوسرا نتیجہ درود شریف کے پڑھنے کا نماز کا پہلا تشہد ہے۔ لیکن یہ قول صرف امام شافعیؒ کا ہے اور ان کا استدلال انہی مذکورہ بالا احادیث سے ہے لیکن انہوں نے بھی اسے واجب نہیں قرار دیا۔ بلکہ مستحب ہی بتایا ہے۔

(۳) تیسرا نتیجہ دعاء قنوت ہے۔ چنانچہ سنن نسائی میں حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم نے نماز وتر میں پڑھنے کے لئے مجھے یہ دعا سکھائی۔ اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ فِیْمَنْ ھَدَیْتَ وَبَارِکْ لِیْ فِیْمَا اَعْطَیْتَ وَتَوَلَّنِیْ

فِیْمَنْ تَوَلَّیْتَ وَقِنِیْ شَرَّمَا قَضَیْتَ - فَاِنَّکَ تَقْضِیْ وَلَا یُقْضٰی عَلَیْکَ - اِنَّہٗ لَا یَذِلُّ مَنْ وَّالَیْتَ - تَبَارَکْتَ رَبَّنَا وَ تَعَالَیْتَ وَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ -

(۴) چوتھا موقع درود شریف کے پڑھنے کا نماز جنازہ ہے - جس میں دوسری تکبیر کے بعد درود شریف پڑھا جاتا ہے -

(۵) پانچواں موقع درود شریف پڑھنے کا خطبہ اور لیکچر ہے - جیسے جمعہ یا عیدین کا خطبہ - یا کسی اور اہم اور ذی شان موقع کا لیکچر بلکہ امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک تو درود شریف پڑھنے کے بغیر کوئی دینی خطبہ پڑھنا جائز ہی نہیں - اور خطبوں اور لیکچروں میں اس طرح درود شریف پڑھنا چاہئے کہ کلمہ شہادت سے لیکچر کو شروع کیا جائے - اور اس کے ساتھ ہی درود شریف بھی پڑھا جائے -

(۶) چھٹا مقام درود شریف کا اذان کے اختتام کا وقت ہے - جب مؤذن اذان کہ چکے - تو اس وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم کے لئے یہ دعا کرنی چاہئے -

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّامَّۃِ وَ الصَّلٰوۃِ الْقَائِمَۃِ اٰتِ مُحَمَّدَاً نِ الْوَسِیْلَۃَ وَ الْفَضِیْلَۃَ وَ ابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَا نِ الَّذِیْ وَ عَدْتَّہٗ - اور

حضرت عبد اللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم سے یہ ارشاد سنا کہ جب تم مؤذن سے اذان سنو تو جو کچھ وہ کہے وہی تم بھی کہو۔ اور اس کے بعد مجھ پر درود بھیجو۔ إِذَا سَمِعْتُمُ الْمُؤَذِّنَ - فَقُوْلُوْا مِثْلَ مَا يَقُوْلُ ثُمَّ صَلُّوْا عَلَيَّ فَإِنَّهُ مَنْ صَلَّى عَلَيَّ صَلٰوةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ بِهَا عَشْرًا ثُمَّ سَلُوا اللّٰهَ لِيَ الْوَسِيْلَةَ فَإِنَّهَا مَنْزِلَةٌ فِي الْجَنَّةِ لَا تَنْبَغِيْ إِلَّا لِعَبْدٍ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ - وَأَرْجُوْا أَنْ أَكُوْنَ أَنَا هُوَ فَمَنْ سَأَلَ اللّٰهَ لِيَ الْوَسِيْلَةَ حَلَّتْ عَلَيْهِ شَفَاعَتِيْ - رواہ مسلم -

(۷) اسی طرح جماعت کی تکبیر اقامت کے وقت درود پڑھنا بھی مسنون ہے۔ پس یہ ساتواں مقام ہے۔

(۸) آٹھواں مقام ہر قسم کی دعاء کی ابتداء ہے۔ جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا ہے۔ إِذَا دَعَاءَ أَحَدُكُمْ فَلْيَبْدَءْ بِتَحْمِيْدِ اللّٰهِ وَ الثَّنَاءِ عَلَيْهِ ثُمَّ يُصَلِّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ ثُمَّ يَدْعُ بَعْدُ بِمَا شَاءَ - یعنی جب دعاء کرتی ہو تو پہلے خدا تعالٰی کی تحمید کی جائے۔ اس کے بعد درود شریف پڑھا جائے اور پھر دعا کی جائے۔

(۹) نواں مقام دعا کا آخر ہے۔ چنانچہ آنحضرت

صلے اللہ علیہ و سلم فرماتے ہیں۔ کہ مَا مِنْ دُعَاءٍ اِلَّا بَیْنَهٗ وَ بَیْنَ اللّٰہِ حِجَابٌ حَتّٰی یُصَلّٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ۔ یعنی کوئی دعاء اللہ تعالیٰ کے اور دعاء کرنے والے کے درمیان سے حجاب دُور نہیں کرتی یعنی رسا نہیں ہوتی۔ جب تک کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلم پر درود نہ پڑھا جائے۔

(۱۰) دسواں مقام درود شریف پڑھنے کا دعاء کا وسط ہے۔ غرض دعاء کے شروع میں مذکورہ بالا حدیث اور اسی مضمون کی دیگر احادیث کی بناپر۔ اور آخر میں اس بنا پر۔ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ کہ مَا مِنْ دُعَاءٍ اِلَّا بَیْنَهٗ وَبَیْنَ اللّٰہِ حِجَابٌ حَتّٰی یُصَلّٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ اور آخر میں اسلئے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ کہ اجعلونی فی وسط الدعاء و فی اولہ و فی اٰخرہ۔

(۱۱ و ۱۲) گیارھواں مقام مسجد میں داخل ہونے کا۔ اور بارھواں مقام مسجد سے واپس جانے کا وقت ہے۔ چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلم نے فرمایا ہے کہ اِذَا دَخَلَ اَحَدُکُمُ الْمَسْجِدَ فَلْیُسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ۔ وَ لْیَقُلْ۔ اَللّٰھُمَّ

اَفْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ - فَاِذَا خَرَجَ فَلْیُسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ وَ لْیَقُلْ اَللّٰہُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ الشَّیْطَانِ - رواہ ابن خزیمہ فی صحیحہ

یعنی جب تم میں سے کوئی شخص مسجد میں جائے تو نبی پر سلام بھیجے اور یہ دعا کرے - اللھم افتح لی الخ یعنی اے اللہ اپنی رحمت کے تمام دروازے مجھ پر کھول دے - اور جب واپس نکلے - تو اس وقت بھی نبی پر سلام بھیجے اور یہ دعا کرے - اللھم اجرنی الخ یعنی اے اللہ مجھے شیطان کے شر سے محفوظ رکھ اور اپنی پناہ بخش -

(۱۳) جب آپ کا ذکر آئے تو اس وقت آپ پر درود بھیجنا ضروری ہوتا ہے -

(۱۴) لوگوں کے اجتماعات کے مواقع پر آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم پر درود بھیجنا چاہیئے - اور وہ اس طرح پر کہ اگر سلسلہ کلام میں خود بخود آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم کا ذکر مبارک آجائے تو بہتر - ورنہ خود اس ذکر کی کوئی تقریب پیدا کر کے اور آپ کا ذکر مبارک کر کے آپ پر درود پڑھنا چاہیئے - اور اپنے کسی اجتماع اور کسی مجلس کو آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم پر درود بھیجنے سے خالی نہیں گذارنا چاہیئے - صحیح ابن حبان میں حضرت ابو ہریرہؓ سے

روایت ہے۔ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلّم نے فرمایا ہے کہ مَا قَعَدَ قَوْمٌ مَقْعَدًا لَا یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ فِیْہِ وَ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ اِلَّا کَانَ عَلَیْہِمْ حَسْرَۃٌ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ وَ اِنْ دَخَلُوا الْجَنَّۃَ لِلثَّوَابِ۔ و ھٰذَا الاسناد علی شرط الصحیحین۔ یعنی جس مجلس میں خدا تعالیٰ کا ذکر نہ کیا جائے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلّم پر درود نہ بھیجا جائے وہ مجلس گو کسی ایسے نیک کام کیلئے قائم کی گئی ہو۔ جس کا اجر پا کر وہ لوگ جنت میں پہنچ جائیں۔ تا ہم یہ بات ان کے لئے افسوس اور حسرت کا موجب ہوگی۔ کہ اس مجلس میں ہم نے آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلّم پر درود نہ بھیجا۔

(۱۵-۱۶-۱۷) جب کسی کاروبار کے لئے یا اگر کسی نے دعوت دی ہو تو اس کے لئے۔ یا کسی جنازہ میں شمولیت کے لئے جانے لگیں۔ تو اس وقت بھی آنحضرت صلّے اللہ علیہ و سلّم پر درود بھیجنا چاہئے۔

(۱۸) جب سو کر اٹھیں تو اس وقت بھی آپ پر درود پڑھنا چاہئے۔ تا کہ انسان کی اس نئی زندگی کی ابتداء درود شریف کے ساتھ ہو۔ کیونکہ اس وقت انسان ایک نئی زندگی پا رہا ہوتا ہے۔

(١٩ و ٢٠) جمعہ کے دن خصوصیت سے کثرت کے ساتھ آنحضرت صلّے اللہ علیہ و سلّم پر درود بھیجنا چاہیئے۔ ابو امامہؓ سے روایت ہے۔ کہ آنحضرت صلّے اللہ علیہ و سلّم نے فرمایا ہے کہ اَكْثِرُوْا عَلَيَّ الصَّلٰوةَ فِيْ كُلِّ يَوْمِ الْجُمُعَةِ۔ فَاِنَّ صَلٰوةَ اُمَّتِيْ تُعْرَضُ عَلَيَّ فِيْ كُلِّ يَوْمِ الْجُمُعَةِ۔ فَمَنْ كَانَ اَكْثَرُهُمْ عَلَيَّ صَلٰوةً كَانَ اَقْرَبُهُمْ مِنِّيْ مَنْزِلَةً۔ رواہ البیھقی یعنی ہر جمعہ کے دن کثرت سے مجھ پر درود بھیجو۔ کیونکہ ہر جمعہ کے روز میری امت کی طرف سے درود میرے سامنے لایا جائے گا۔ اور جو مجھ پر سب سے زیادہ درود بھیجنے والا ہوگا۔ اسی کا مقام سب سے زیادہ مجھ سے قریب ہوگا۔ اس بارہ میں بکثرت احادیث مروی ہیں۔

(٢٠) مجلس سے اٹھ کر واپس جانے کے وقت۔

(٢١) مساجد کے پاس سے گذرنے کے وقت۔

(٢٢) فکر و اندوہ اور تکلیف کے موقع پر۔

(٢٣) آنحضرت صلّے اللہ علیہ و سلّم کا نام لکھنے کے وقت ساتھ ہی آپ پر درود شریف تحریر میں بھی بھیجنا چاہیئے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلّے اللہ علیہ و سلّم نے فرمایا ہے۔ کہ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ فِيْ كِتَابٍ لَمْ

تَنْزِلُ الصَّلٰوۃُ عَابِدِیَۃً لَہٗ مَادَامَ اِسْمِیْ فِیْ ذَالِکَ الْکِتَابِ۔ یعنی جو شخص کسی کتاب میں مجھ پر درود بھیجیگا۔ اس پر اس وقت تک خدا تعالیٰ کی طرف سے خاص رحمتیں نازل ہوتی رہینگی، جب تک کہ اس کتاب میں میرا نام لکھا ہوا قائم رہیگا اور حضرت ابو ہریرہؓ سے ان الفاظ میں مروی ہے کہ من صلّے علیّ فی کتاب لم تزل الملٰئکۃ یستغفرون لہٗ مَادَامَ اسمی فی ذالک الکتاب۔ یعنی جب میرا نام اس کتاب میں لکھا رہیگا۔ اس وقت تک۔ برابر فرشتے اس شخص کیلیے بخشش مانگتے رہینگے۔

(۲۴) تعلیم و تبلیغ دین کے وقت۔ کیونکہ یہ شرف اور یہ موقع بھی آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلم کے ذریعہ سے اور آپ ہی کے طفیل حاصل ہوا ہے اور اس کی قبولیت بھی اسی نسبت سے وابستہ ہے۔

(۲۵) صبح و شام کو۔ و النعم ما قالت الخنساء
یُذَکِّرُنِیْ طُلُوْعُ الشَّمْسِ صَخْرًا + وَ اَذْکُرُہٗ بِکُلِّ مَغِیْبِ شَمْس

(۲۶) جب کوئی گناہ ہو جائے تو اس کے کفارہ کے لیے دردمند دل کے ساتھ اسی وقت درود شریف سے توسل کرنا اور ساتھ ہی استغفار کرنا چاہیے۔

(۲۸) تنگدستی کے وقت آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلم پر درود بھیجنا۔ اور اس تنگی کی حالت میں بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم کے حق میں دعائیں کرنے کو ہی مقدم رکھنا خدا تعالیٰ کی خاص مہربانی کا موجب ہو کر اس تنگی اور تکلیف کے دور ہونے کا ایک بہترین ذریعہ اور وسیلہ بن جاتا ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلم فرماتے ہیں۔ کہ کثرۃ الذکر و الصلوٰۃ علیّ تنفی الفقر۔ یعنی کثرت ذکر الٰہی اور مجھ پر کثرت سے درود بھیجنا فقر و فاقہ کا بھی علاج ہے۔

(۲۹) کوئی مشکل یا کوئی احتیاج پیش آ جانے کیوقت جیسا کہ جابرؓ بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا ہے۔ من صلیّ علیّ مائۃ صلوٰۃ حین یصلی الصبح قبل ان یتکلم قضی اللہ لہ مائۃ حاجۃ۔ یعجل لہ منہا ثلاثین حاجۃ و اخر لہ سبعین۔ و فی المغرب مثل ذالک۔ یعنی جو شخص صبح کی نماز کے بعد دنیوی باتوں میں مشغول ہونے سے پہلے۔ اور اسی طرح نماز مغرب کے بعد مجھ پر سو بار درود بھیجیگا۔ اس کی سو حاجتیں اللہ تعالیٰ پوری کر دے گا۔ تیس تو دنیا میں ہی اس کی حاجتیں پوری ہونگی۔ اور باقی ستر کا اجر وہ آخرت میں پائے گا۔

(۳۰) خطبہ (نکاح کی درخواست) کے موقع پر۔

(۳۱) وضو کے بعد۔ جیسا کہ واثلہؓ بن عبداللہؓ سے مروی ہے۔ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلم نے فرمایا ہے اِذَا فَرَغَ اَحَدُکُمْ مِنْ طُهُوْرِهٖ فَلْيَقُلْ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ۔ ثُمَّ لِيُصَلِّ عَلَیَّ۔ فَاِذَا قَالَ ذٰلِكَ فُتِحَتْ لَهٗ اَبْوَابُ الرَّحْمَةِ۔ یعنی جب وضو کر لیا جائے۔ تو اس وقت کلمہ شہادت اور درود شریف پڑھنا چاہیئے۔ اس سے رحمت کے تمام دروازے کھل جاتے ہیں۔

(۳۲) ذکر الٰہی کے ہر ایک حلقہ میں۔ جیسا کہ اس بارہ میں حدیث ذکر ہو چکی ہے۔

(۳۳) جب آیت۔ اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَ سَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا۔ پڑھی جائے۔ خواہ نماز میں یا نماز سے باہر تو اس وقت بھی آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلم پر درود بھیجنا چاہیئے۔

(۳۴) آنحضرت صلّی اللہ علیہ و سلم کے فیوض سے مستفیض ہونے کے لئے جو آیت قَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَیْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقَةً میں تقدیم صدقہ کا حکم ہے۔ اگر اس کی طاقت نہ ہو۔ یا یوں بھی کوئی صدقہ کرنے کی خواہش پیدا ہو۔ مگر توفیق نہ ہو تو اس کی بجائے

آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم پر درود بھیجنا چاہئے۔ اور تمام مومنوں کو اس دعاء میں شامل کرنا چاہیئے۔ چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم فرماتے ہیں۔ کہ ایما رجل لم یکن عندہ صدقۃ فلیقل فی دعائہ اللھم صل علی محمد عبدک و رسولک و صل علی المؤمنین و المؤمنات والمسلمین و المسلمات فانھا لہ زکوٰۃ۔ یعنی جو شخص صدقہ نہ دے سکتا ہو۔ وہ اس کی بجائے دعاء میں یہ الفاظ کہے اللھم صل الخ۔

(۳۵) ہر اہمیت رکھنے والی بات کرنے کے وقت درود شریف پڑھنا چاہیئے۔ جیسا کہ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے۔ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا ہے۔ کل کلام لا یذکر اللہ فیہ فیبدأ بہ و بالصلوٰۃ علی فھو اقطع ممحوق من کل برکۃ۔ یعنی جس بات میں اللہ تعالیٰ کا ذکر نہ کیا جائے۔ یعنی اس سے پہلے اللہ تعالیٰ کا ذکر نہ کیا گیا ہو۔ اور مجھ پر درود نہ بھیجا گیا ہو وہ بیخبر اور بے برکت ہوگا۔

(۳۶) نماز دعاء حاجۃ کے بعد جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا ہے۔ کہ من کان لہ الی اللہ عز و جل حاجۃ فلیتوضاء و

ليحسن الوضوء وليركع ركعتين ولينن على الله عز و جل و ليصل على النبی صلے اللہ علیہ و سلم و ليقل لا إلہ الا اللہ الحليم الکريم - لا إلہ الا اللہ سبحان اللہ رب العرش العظيم - و الحمد للہ رب العلمين أَسْأَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَ الْغَنِيمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَ السَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ لَا تَدَعْ لِيْ هَمًّا إِلَّا فَرَّجْتَہٗ وَلَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا إِلَّا غَفَرْتَہٗ وَلَا حَاجَةً لَكَ فِيهَا رِضًا إِلَّا قَضَيْتَهَا يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ - یعنی جب انسان کو کوئی حاجت پیش آئے تو اسے چاہیئے کہ خوب اچھی طرح سے وضو کر کے اور دو رکعتیں نفل پڑھے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم پر درود بھیجے - اور اس کے بعد یہ دعاء کرے - لا إلہ الا اللہ الخ

(۳۷) اگر انسان کو کوئی ضروری بات بھول گئی ہو تو اس کے یاد آنے کے لئے بھی درود شریف دعاء ہے - چنانچہ حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا ہے کہ اذا نسيتم شيئًا فصلّوا علیّ تذکروه ان شاء اللہ -

(۳۸) اگر کان میں طنین کا عارضہ ہو جائے - یعنی دماغ پر کچھ ایسا دباؤ سا پیدا ہوا ہو کہ اس کا اثر کانوں

پھر بھی رہا ہو تو اس تکرار کی حاجت سے نجات اپنے کیلئے بھی درود شریف پڑھنا چاہیئے۔ چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلّم نے فرمایا ہے کہ اذا طنّت اذن احدکم فلیصل علےّ جب تم میں سے کسی کے کانوں میں بھوں بھوں کی سی آوازیں آئیں۔ تو اسے چاہیئے کہ مجھ پر درود پڑھے۔

(۳۹) سوتے وقت بھی آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلّم پر درود بھیجنا چاہیئے۔ کیونکہ انسان اس وقت ایک طرح پر دنیا سے رخصت ہو رہا ہوتا ہے۔ پس اس کی آخری دعا آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلّم کے لئے ہی ہونی چاہیئے

(۴۰) جانور کو ذبح کرنے کے وقت درود شریف پڑھنا امام شافعیؒ کے نزدیک مستحب اور پسندیدہ ہے۔ کیونکہ جانور کو ذبح کرنے کا سب سے اہم موقع قربانی ہے اور جانور کی قربانی تصویری زبان میں در اصل اپنی جان کی قربانی ہی ہوتی ہے۔ پس وہ بھی درود شریف پڑھنے کا ایک نہایت عمدہ مقام ہوتا ہے۔

## درود شریف کے بعض حل طلب الفاظ کی لغوی تحقیق

درود ایک فارسی لفظ ہے۔ جو اردو زبان میں ایک

اسلامی مذہبی اصطلاح کے طور پر بکثرت استعمال ہونے کی
وجہ سے اردو زبان کا ایک لفظ بن چکا ہے۔ اسلئے
کسی تشریح کا چنداں محتاج نہیں۔ بلکہ صرف اس قدر
کہہ دینا کافی ہوگا۔ کہ اس سے مراد وہ دعاء ہوتی
ہے۔ جو پیغمبر خدا (صلے اللہ علیہ و سلم) کے لئے کی
جاتی ہے۔ جس میں خاص بخشش طلب کی جاتی ہیں
فارسی زبان میں جب یہ لفظ بطور اسلامی اصطلاح کے
طور پر استعمال ہوتا ہے تو خدا تعالیٰ کی طرف منسوب
ہونے کی صورت میں **رحمت** کے معنے دیتا ہے اور
ملائکہ کی طرف منسوب ہونے کے وقت **استغفار** کے۔
اور مومن لوگوں کی طرف منسوب ہونے کے وقت **دعاء**
کے۔ اور دیگر جانداروں کی طرف منسوب ہونے کی صورت
میں **تسبیح** کے معنے۔ لیکن در اصل یہ معانی عربی
زبان کے لفظ **صلوٰۃ** کے ہیں۔ اور **درود** کا لفظ
اس لفظ **صلوٰۃ** کی جگہ پر استعمال ہونے کی وجہ سے
ان معانی کے لئے استعمال ہونے لگ گیا ہے۔ ورنہ اس
کے اپنے معنے اس قدر وسیع نہیں ہیں۔ بلکہ صرف **رحمت**
کے معنے رکھتا ہے۔

لفظ **صلوٰۃ** کے معنے ہیں۔ تعظیم۔ رحمت۔ حسن ثناء
دعاء۔ **استغفار**۔ جب اس کا فاعل اللہ تعالیٰ ہو
تو اس کے معنے **تعظیم**۔ حسن ثناء۔ اور رحمت

کے ہوتے ہیں۔ اور جب اس کا فاعل کوئی مخلوق ہو۔ اور مفعول کوئی خاص مقربین میں سے ہو تو اس کے معنے اس کے لئے خدا سے عظمت۔ رحمت اور حسنِ ثناء کی درخواست کے اور دعاء کرنے کے ہوتے ہیں۔ اور جب اس کا فاعل کوئی مخلوق ہو اور مفعول خاص مقربین میں سے نہ ہو بلکہ کوئی عامی ہو تو اسکے حق میں مغفرت کی اور رفع تکالیف اور مصائب کی دعا مراد ہوتی ہے۔ اور خدا تعالیٰ کے لئے بندہ کی طرف سے **صلوٰۃ** کے معنے اس کی تعظیم اور حسن ثناء کے متعلق اپنے جذبات کے اظہار کے ہوتے ہیں۔ جیسا کہ تشہد کی دعا میں ہے۔ التحیات للہ و الصلوات و الطیبات۔ جس کے معنے تعظیم اور حسن ثناء ہی کے ہیں۔ یہ معنے تو کتب لغت سے معلوم ہوتے ہیں۔ لیکن خود درود شریف کے الفاظ بھی اس لفظ **صلوٰۃ** کے معنے اور حقیقت کو خوب واضح کر رہے ہیں۔ کیونکہ درود شریف کے الفاظ میں **صلوٰۃ** کو اللہ تعالیٰ کی صفت حمید و مجید کے ماتحت رکھا گیا ہے۔ جس سے حسن ثناء اور عظمت کے معنے پورے طور پر واضح ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ حمد کے معنے کتب لغت میں لکھے ہیں۔ **اثنیٰ علیہ** اور مجیدہ و التمجیدہ کے معنے لکھے ہیں عظمہ و اثنیٰ علیہ۔ اسی طرح صلوٰۃ (یعنی درود) کے حکم کی تعمیل کے لئے درود شریف کے جو الفاظ آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلم نے

سکھلائے ہیں۔ ان میں برکت کی دعا بھی ہے۔ جس سے صاف طور پر ثابت ہوتا ہے کہ برکت کے معنے بھی اس لفظ کے اندر اجمالی طور پر پائے جاتے ہیں۔ جن کی تفصیل کے لئے اللّٰھم صل علیٰ محمد و علیٰ آل محمد کے بعد اللّٰھم بارک علیٰ محمد و علیٰ آل محمد کے الفاظ بڑھائے گئے ہیں۔ چنانچہ ابو مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ ہم لوگ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کی مجلس میں بیٹھے تھے۔ اور ان کا لڑکا بشیر رضی اللہ عنہ بھی وہاں موجود تھا۔ اسی اثناء میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم وہاں تشریف فرما ہوئے جس پر بشیر نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے ہمیں آپ پر درود بھیجنے کا حکم دیا ہے۔ ہمیں کس طرح پر آپ پر درود بھیجنا چاہیئے۔ آپ نے فرمایا کہ یوں کہا کرو۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ۔ وَ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ۔ اور فرمایا کہ تجھ پر سلام بھیجنے کا طریق تو تمہیں معلوم ہو ہی چکا ہے۔ یعنی اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہٗ۔ اور بریدہ بن حصیب رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ ہم نے آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم کی خدمت میں عرض کیا کہ آپ پر سلام

تسبیح کا طریقہ تو ہمیں معلوم ہو چکا ہے۔ درود آپ پر کس
طرح بھیجنا چاہیئے۔ تو آپ نے فرمایا کہ یوں کہو۔ اَللّٰھُمَّ
اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَ رَحْمَتَكَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا جَعَلْتَهَا عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ
مَّجِيْدٌ۔ جس میں رحمت کی دعا کو بھی درود کی تعلیم
میں داخل کیا گیا ہے۔ اور ایک متفق علیہ حدیث میں
آتا ہے۔ کہ اَلْمَلٰٓئِكَةُ يُصَلُّوْنَ عَلٰى اَحَدِكُمْ مَادَامَ
فِيْ مَجْلِسِهِ الَّذِيْ صَلّٰى فِيْهِ يَقُوْلُوْنَ۔ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْهُ
اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلَهٗ اَللّٰهُمَّ تُبْ عَلَيْهِ۔ جس میں صلوٰۃ
کے معنے طلب رحمت۔ استغفار اور دعاءِ توبہ کے
کئے گئے ہیں۔ دوسرا قرآن شریف میں (علاوہ نماز کے معنوں
کے) یہ لفظ زیادہ تر تعظیم و حسن ثناء۔ دعا۔ درود اور
استغفار کے معنوں میں استعمال ہوا ہے۔ چنانچہ تعظیم و ثناء
کے معنے اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ
اور كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلٰوتَهٗ وَ تَسْبِيْحَهٗ سے ظاہر ہیں۔ اور
دعا اور درود کے معنے يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
صَلُّوْا عَلَيْهِ وَ سَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا۔ سے اور خصوصاً دعا
کے معنے لَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا سے
اور يَتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَ صَلَوٰتِ
الرَّسُوْلِ سے اور دعا اور استغفار کے معنے صَلِّ عَلَيْهِمْ
اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ سے۔ کیونکہ جن کمزور لوگوں

کے متعلق یہ آیت ہے - ان کے مقابل پر یہ منافقوں
کے متعلق یہ آیت ہے - کہ اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ
اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ
اللّٰهُ لَهُمْ اس کے علاوہ اس کے معنے ہر قسم کے
ظلمات شدائد و مصائب اور تکالیف سے نکال کر نور،
سکھ اور رحمت کے مقام میں پہنچانا بھی قرآن کریم سے
ثابت ہوتے ہیں - جیسا کہ آیت هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ
وَ مَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ -
سے اور آیت وَ بَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ
مُّصِيْبَةٌ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ○
اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ رَحْمَةٌ
وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ سے ظاہر ہوتا ہے -

تسلیم کے ایک معنے تو پوری پوری فرمانبرداری کے اور
اپنے آپ کو اپنے مطاع کے حوالہ کر دینے کے ہوتے ہیں
اور نیز اس کے معنے ہیں ہر ایک نقص اور عیب سے
اور فساد سے سلامت رکھنا سلامتی کی دعا کرنا -
اور تحیۂ السلام علیکم کہنا بجانا - راضی اور خوش ہو
جانا - اور پسند کر لینا - خالص کرنا عصمت بخشنا - عصمت
کی دعا کرنا - اور آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم نے جو
سلام کے الفاظ سکھلائے ہیں - ان سے ظاہر ہوتا ہے
کہ اجمالی طور پر اس میں رحمت کو برکت کے معنے

# آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کی ضرورت

(از حضرت خلیفۃ اوّل رضی اللہ عنہ)

یاد رکھو ایک خدا کا فضل ہوتا ہے۔ اور ایک تکمیل دین ہوتی ہے۔ خدا تعالیٰ کے فضل محدود نہیں ہوتے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ خود محدود نہیں ہے۔ پس ایسا ہی اس کے فضل بھی محدود نہیں۔ اس کے گھر کا دوالہ کبھی نہیں نکلتا۔ وہ جو کچھ کسی کو عنایت کرتا ہے۔ اس سے بھی بدرجہا بڑھ کر دے سکتا ہے۔ اس واسطے مسلمانوں نے بہشت اور بہشت کی نعماء کو ابدی اور لا انقطاع ابدی مانا ہے۔ جیسے کہ خدا فرماتا ہے۔ عَطَاءً غَيْرَ مَجْذُوذٍ یعنی بخشش بے انقطاع و لا انتہا ہوگی۔ اور پھر فرمایا لَا مَقْطُوعَةٍ وَّلَا مَمْنُوعَةٍ یعنی خدا کی بخشش غیر منقطع اور غیر ممنوع ہوگی۔ غرض منجملہ کہ خدا کے فضل بے انت ٹھہرے۔ اور ہم جناب الٰہی سے اپنے محسن کے لئے درد دل سے خاص رحمتوں کا نزول طلب کرینگے۔ تو خدا تعالیٰ ہماری عرضداشت پر جناب نبی کریم صلے اللہ علیہ و سلم کے لئے خاص رحمتوں کا بھیجنا منظور فرمائے گا۔ اور

چونکہ اس دعاء کے لئے اس نے خود ہمیں حکم دیا تھا۔ اس واسطے یقیناً صلوٰۃ اور سلام کی دعاء قبول ہوگی۔ اور اس ذریعہ سے جب ہمارے نبیؐ کریم صلی اللہ علیہ و سلم کو خاص انعامات حاصل ہونگے۔ تو وہ خوش ہو کر ملاء اعلیٰ میں ہمارے لئے توجہ کرینگے۔ پس درود شریف کے پڑھنے سے مومن کو چار فائدے حاصل ہو سکتے ہیں۔

(۱) خدا تعالیٰ کی عظمت اور جلال کا نقشہ آنکھوں کے سامنے آجائے گا۔ کیونکہ وہ ایک ایسی بلند شان والی قادر اور توانا ہستی ہے۔ کہ سب کے سب انبیاء رسول اور دیگر اولی العزم ہر وقت اس کے محتاج ہیں۔

(۲) خدا تعالیٰ کا کمال غنا ظاہر ہوگا۔ کہ گو سارا جہاں اس سے سوال کرتا رہے تک اس کے خزانے ختم نہیں ہو سکتے۔ اور جتنا دیتا ہے اس سے بھی بدرجہا بڑھکر دینے کے لئے اس کے پاس موجود ہے۔

(۳) اپنے نبیؐ کریم صلی اللہ علیہ و سلم کی نسبت یہ اعتقاد پختہ ہو جائے گا۔ کہ وہ خدا کا محتاج ہے۔ اور ہر آن میں محتاج ہے۔ خدائی مرتبہ پر نہیں پہنچا۔ اور نہیں پہنچیگا بلکہ عبد کا عبد ہی ہے۔ اور عبد ہی رہیگا۔ اور خدا تعالیٰ کا فیضان ان پر بےشمار ہوتا رہتا ہے۔ اور ہوتا رہے گا

(۴) درود شریف کے پڑھنے والا اس ذریعہ سے آنحضرتؐ صلی اللہ علیہ و سلم کے ساتھ اس ترقی میں شریک

رہے گا۔

باقی رہا۔ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ تو اس کا یہ جواب ہے۔ کہ ہمارے نبیؐ کریم صلی اللہ علیہ و سلم حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل ہی میں داخل ہیں۔ اور صلوٰۃ بھیجنے والا چاہتا ہے۔ کہ جسقدر برکات اور انعامات الٰہیہ حضرت ابراہیمؑ اور اس کی اولاد پر ہوئے ہیں ان سب کا مجموعہ ہمارے نبیؐ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا ہو۔ اس سے تو یہ ثابت نہیں ہو سکتا۔ کہ ہمارے نبیؐ کریم صلی اللہ علیہ و سلم حضرت ابراہیم علیہ السلام سے کمزور درجہ پر ہیں۔ بلکہ اس سے تو انکے اعلیٰ مدارج کا پتہ لگتا ہے۔ چونکہ درود شریف پڑھنا ایک نیک کام ہے۔ اور یہ ایک حکم ہے۔ کہ جو کوئی نیکی سکھاتا ہے۔ تو اس کو بھی اسی قدر ثواب پہنچتا ہے۔ جس قدر کہ سیکھ کر عمل کرنے والے کو اس لئے دنیا میں جس قدر لوگ نمازیں پڑھتے ہیں۔ اور عبادت کرتے ہیں۔ ان سب کا ثواب ہمارے نبیؐ کریم صلی اللہ علیہ و سلم کو بھی پہنچتا ہے اور ہر وقت پہونچتا ہے کیونکہ زمین گول ہے۔ اگر ایک جگہ فجر ہے۔ تو دوسری جگہ عشا ہے ایک جگہ اگر عشا ہے۔ تو دوسری جگہ شام ہے۔ ایسے ہی اگر ایک جگہ ظہر کا وقت ہے۔ تو دوسری جگہ عصر کا وقت ہوگا۔ غرض ہر گھڑی اور ہر وقت ہمارے نبیؐ کریم صلی

اللہ علیہ و سلم کو ثواب پہنچتا رہتا ہے۔ دنیا میں کروڑ
در کروڑ رکوع اور سجود کرتے۔ اور درود پڑھتے اور دوسری
دعائیں مانگتے ہیں۔ اور پھر ان کے علاوہ دوسرے احکام
پر چلتے۔ روزے رکھتے۔ زکوٰتیں ادا کرتے ہیں۔ اس لئے
[illegible] پڑھتا۔ کہ ہر آن میں محمد رسول اللہ صلی اللہ
علیہ و سلم کو بھی ان عبادات کا ثواب پہنچتا رہتا ہے
کیونکہ انہی نے تو یہ باتیں سکھائی ہیں۔ کہ تم لوگ نمازیں
پڑھو۔ زکوٰتیں دو۔ اور مجھ پر درود بھیجو۔ اور پھر محمد
رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم کی اپنی روح جو دعائیں
مانگتی ہوگی۔ وہ ان کے علاوہ ہیں۔ اب تم سوچ سکتے ہو۔ کہ
کہ جب سے مسلمان شروع ہوئے۔ اور جب تک رہیں گے۔ ان
سب کی عبادتیں ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ و سلم کے
نامۂ اعمال میں بھی ہونی چاہئیں۔ اس لئے ماننا پڑے گا۔
کہ وہ دنیا کی کل مخلوقات کا سردار ہے۔ کیونکہ اسکے اعمال
تمام دنیا سے بڑھے ہوئے ہیں۔ وجہ یہ کہ جو کوئی مسلمان
نیکی کرے گا۔ وہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم کے
نامۂ اعمال میں ضرور لکھی جائے گی۔ اور اس سے ثابت ہوتا
ہے۔ کہ وہ تمام نبیوں اور اولیاؤں کا بھی سردار ہے۔
کیونکہ دنیا میں جس قدر رسول گذرے ہیں۔ ان کی امتیں ان
کے لئے دعائیں نہیں کرتیں۔ مگر ہمارے نبی کریم صلی اللہ
علیہ و سلم کے لئے آپ کی امت دن رات دعائیں مانگتی رہتی

چاہیے۔ اور یہ نعمت تھی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام نبیوں اور تمام مخلوقات سے بلند کر دیا گیا ہے یہ ایک ثبوت ہے ان کے عظیم ہونے جنتی ہونے کا۔

# تشہد میں درود شریف پڑھنے کی حکمت

(از حضرت خلیفہ اول رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ - اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔ (ترجمہ) اے اللہ رحمت بھیج محمدؐ اور آلِ محمدؐ پر۔ جیسا کہ تو نے رحمت بھیجی ابراہیم اور آلِ ابراہیم پر بیشک تو ستودہ صفات اور بزرگ ہے۔ اے اللہ برکت بھیج محمدؐ اور آلِ محمدؐ پر جیسا کہ تو نے برکت بھیجی ابراہیم اور آلِ ابراہیم پر بیشک تو ستودہ صفات اور بزرگ ہے۔

یہ الفاظ جو ہم نماز میں پڑھتے ہیں۔ ان کا نام ہے درود۔ واقع میں اگر ہم اللہ کے پورے پورے بندے اور عابد اور تعظیم کرنے والے ہوں۔ اور مخلوق پر شفقت اور رحم کرنے والے علوم اور عقائد سے

خوشحال ہوں۔ تو یہ سب فیضان اور احسان حقیقت میں نبیؐ کریمؐ صلی اللہ علیہ و سلّم ہی کا ہے۔ آپ کے دل میں درد اور جوش نہ ہوتا۔ تو قرآن کریم جیسی پاک کتاب کا نزول کیسے ہوتا۔ آپ کی مہربانیاں اور توجہات اور محنتیں اور تکالیف شاقّہ نہ ہوتیں۔ تو یہ پاک دین ہم تک کیسے پہنچ سکتا۔ آپ نے یہ دین ہم تک پہنچانے کی غرض سے خون کی ندیاں بہا دیں۔ اور ہمدردی خلق کے لئے اپنی جان کو جوکھوں میں ڈالا۔ تو پھر غور کا مقام ہے۔ کہ جب ادنے ادنے محسنوں سے محبت پیدا ہو جانا ہماری فطرتِ سلیم کا تقاضا ہے۔ تو پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلّم کی محبت کا جوش کیوں مسلمان کے دل میں موجزن نہ ہوگا۔

لفظ درود بھی درد ہی سے نکلا ہُوا ہے۔ یعنی خاص درد سوز گداز اور رقت سے خدا کے حضور التجا کرنی کہ اے مولیٰ تو ہی ہماری طرف سے خاص خاص انعامات اور مدارج آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلّم کو عطا کر۔ ہم خود کیا کر سکتے ہیں۔ اور کس طرح سے آپ کے احسانات کا بدلہ دے سکتے ہیں۔ بجز اس کے کہ تیرے ہی حضور میں التجا کریں۔ کہ تو ہی ان سچی محنتوں اور جانفشانیوں کا سچا بدلہ جو تو نے آپ کے واسطے مقرر فرما رکھا ہے۔ وہ آپ کو عطا فرما۔ انسان جب اس

خاص رقت اور حضور قلب اور تڑپ سے گداز ہو کر آپ
کے واسطے دعائیں کرتا ہے۔ تو آنحضرت صلّے اللہ علیہ و
سلّم کے مدارج میں ترقی ہوتی ہے۔ اور خاص رحمت کا نزول
ہوتا ہے اور پھر اس دعاء کیوجہ سے درود ان کے واسطے بھی
اِدھر سے رحمت کا نزول ہوتا ہے۔ اور ایک درود کے بدلہ
میں دس گنا اجر پاتا ہے۔ کیونکہ آنحضرت صلّے اللہ علیہ
و سلّم کی روح اس درود خوان اور آپ کی ترقی
مدارج کے طالبوں سے خوش ہوتی ہے۔ اور اس خوشی
کا یہ نتیجہ ہوتا ہے۔ کہ اس کو دس گنا اجر عطا
کیا جاتا ہے۔ انبیاء کسی کا احسان اپنے ذمہ نہیں لیتے
اب ہم حقیقت تحیہّ بیان کرنے کے بعد یہ ظاہر کرتے
ہیں۔ کہ تحیہ مذکورہ بالا وہی فقرات ہیں۔ جو ہر مسلمان
ہر دو رکعت کے بعد پڑھتا ہے۔ جو شخص دن رات
میں چالیس رکعت نماز ادا کرتا ہے۔ وہ ان فقرات کو
بیس مرتبہ پڑھتا ہے۔ تین رکعت والی نماز میں بھی یہ کلمات
دو مرتبہ پڑھے جاتے ہیں۔ اور فرائض سنن اور نوافل سب
میں ان کا پڑھا جانا ضروری ہے۔ قرآن شریف اور
احادیث میں بھی نماز کو سنوار کر اور سمجھ کر پڑھنے کی
سخت تاکید کی گئی ہے۔ حتیٰ کہ سمجھ بوجھکر نہ پڑھنے والوں
کی نماز نماز ہی نہیں ہوتی۔ اور نہ اس کو قبولیت کا درجہ
عطا کیا جاتا ہے۔ طوطے کی طرح الفاظ رٹتے رہنا۔ اور

حقیقت نماز سے بے خبر ہونا مفید نہیں - اور یہی تو منشاء خدا اور اس کے رسول کی منشاء ہے - متوالوں کو جو حالت نشہ میں ہوں - مسجد میں آنے سے بھی منع کیا گیا ہے - غرض قرآن شریف اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فعل اور قول میں غور کرنے سے بھی معلوم ہوتا ہے - کہ نمازی کے واسطے نماز کے مطالب خوب اچھی طرح ذہن نشین ہونے لازمی رکھے گئے ہیں - پس ہر انسان کو لازم ہے - کہ نماز کے مطالب اور معانی کے سمجھنے کی کوشش کرے -

(الحکم ۱۷ اپریل ۱۹۰۵ء)

# دعا تشہد اور درود شریف کی حقیقت

(از حضرت خلیفۃ اول رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ - قاعدہ کی بات ہے - کہ ہر محسن اور مربی کی محبت کا جوش انسان کے دل میں فطرتاً پیدا ہوتا ہے اور ظاہر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم پر کیسے کیسے احسانات ہیں - وہی ہیں - جن کے ذریعہ سے ہمیں خدا کے اوامرو نواہی اور اس کی خوشنودی حاصل کرنے کی راہیں بذریعہ قرآن شریف معلوم ہوئیں - وہی ہیں جن کے ذریعہ سے خدا کی عبادت کا اعلیٰ سے اعلیٰ طریقہ

اذان اور نماز جیسی بہتر ہیں - اور وہی ہیں جن کے
ذریعہ سے ہم اعلیٰ مدارج ترقی کر سکتے ہیں
حتیٰ کہ خدا سے مکالمہ و مخاطبہ ہو سکتا ہے - وہی ہیں
جن کے ذریعہ سے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کی حقیقت ہم
پر منکشف ہوئی - اور وہی ہیں جو خدا نمائی کا ذریعہ
ہیں - غرض آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم پر اتنے
احسانات اور انعامات ہیں - کہ ممکن تھا - کہ جس طرح سے
اور قومیں اپنے محسنوں اور نبیوں کو بوجہ ان کے انعامات
کثیرہ کے غلطی سے بجائے اس کے کہ ان کو خدا نمائی
اور خدا شناسی کا ایک آلہ سمجھتے - انہی کو خدا بنا لیا
اور توحید سکھانے والے لوگوں کو واحد و یگانہ مان لیا - اور
ان کی تعلیمات کو جو نہایت ہی خاکساری اور عبودیت سے
بھری ہوئی تھیں - بھول کر ترک کر دیا - اور انہیں کو
معبود یقین کر لیا - ہم مسلمان بھی ایسا کر
بیٹھتے - مگر اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل و کرم سے اور
اس امت مرحومہ پر رحم کرنے اور اسے خطرناک
ابتلاء سے بچانے کی غرض سے مُحَمَّدٌ عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ
کا فقرہ ہمیشہ کے لئے توحید الٰہی لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
کا جزو بنا کر مسلمانوں کو ہمیشہ کے لئے شرک سے بچا
لیا - بلکہ اسی باریک حکمت کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم کی قبر بھی مدینہ منورہ میں بنوائی - مکہ معظمہ میں

نہیں رکھی - کیونکہ اگر مکہ معظمہ میں آپ کی قبر ہوتی تو ممکن تھا - کہ کسی کے دل میں خیال پرستش آ جاتا - یا کم از کم دشمن اور مخالف ہی اس پر اعتراض کرتے - مگر اب مدینہ میں قبر ہونے سے جو لوگ مکہ معظمہ میں جانب شمال سے جانب جنوب منہ کرکے نماز ادا کرتے ہیں تو ان کی پیٹھ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلّم کی قبر مبارک کی طرف ہوتی ہے - اس طرح سے اللہ تعالیٰ نے قیامت تک کے لیئے یہ ایک راہ آپ کی قبر کے نہ پوجا جانے اور مسلمانوں کے شرکت میں مبتلا نہ ہونے کے واسطے بنا دی غرض اس طرح جن باتوں میں اس بات کا وہم و گمان بھی ہو سکتا تھا - کہ کوئی انسان آپ کو خدا بنائے گا - آپ کے شریک فی الذات یا صفات ہونے کا گمان بھی جن باتوں سے ممکن تھا - ان کا خود خدا نے اسلام کی سچّی اور پاک تعلیم میں ایسا بندوبست کر دیا - کہ ممکن ہی نہیں - کوئی مسلمان اس امر کا مرتکب ہو -

مگر چونکہ محسن سے محبت کرنا - اور گرویدۂ احسان ہونا - انسانی فطرت کا تقاضا تھا - اس واسطے ایک راہ کھول دی - کہ ہم آپ کے لیئے دعا کیا کریں - اور اس طرح سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلّم کے مدارج میں ترقی ہوا کرے - چنانچہ ہر مسلمان نماز میں آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے واسطے اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا

النَّبِیُّ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہٗ کا پاک تحیہ پیش کرتا ہے۔ اور دردِ دل سے گداز ہو کر گویا آپ کے احسانات اور مہربانیوں کے خیال سے آپ کی ایسی محبت پیدا کر لیتا ہے۔ جیسے آنحضرت صلّی اللہ علیہ و سلّم اس کے سامنے موجود ہیں۔ آپ کے حسن و احسان کے نقشہ اور مہربانیوں سے آپ کا وجود حاضر کی طرح سامنے لا کر مخاطب کے رنگ میں دعا کرتا ہے۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہٗ یعنی اے نبیؐ تجھ پر خدا کی رحمت اور برکات نازل ہوں۔

بِرْکَۃٌ۔ عربی زبان میں تالاب کو کہتے ہیں یہ اس نشیب کا نام ہے۔ جہاں پانی اِدھر اُدھر سے جمع ہوتا ہے۔ مبارک بھی اسی سے نکلا ہے۔ اور برکت بھی اسی سے ہے۔ مطلب یہ کہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ و سلّم کی اُمّت میں ہمیشہ کچھ ایسے پاک لوگ پیدا ہوتے رہینگے جو آنحضرت صلّی اللہ علیہ و سلّم کے حقیقی اور اصلی مذہب اور تعلیم کو قائم کرتے اور شرک و بدعات کا جو کبھی امتداد زمانہ کی وجہ سے اسلام میں راہ پا جاویں قلع قمع کرتے رہینگے۔ اور یہ ضروری بات ہے۔ کہ آپ کی سچی تعلیم و تربیت کا نمونہ ہمیشہ بعض ایسے لوگوں کے ذریعہ ظاہر ہوتا رہے۔ جو اُمّت مرحومہ میں ہر زمانے میں موجود ہوا کریں چنانچہ قرآن شریف میں بھی بڑی صراحت سے اس بات کو

بالوضاحت اُوپر بیان کیا گیا ہے

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَ لَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ وَ لَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْئًا وَ مَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ (ترجمہ) خدا تعالیٰ وعدہ کرتا ہے۔ ان لوگوں میں سے جو تم میں سے ایمان لائے۔ اور عمل صالح کئے۔ کہ ان کو زمین میں خلیفہ بنائے۔ جیسا کہ خلیفہ بنایا ان سے پہلوں کو اور ان کیلئے ان کا دین قائم کر دے۔ جو خدا نے ان کے لئے پسند کیا۔ اور خوف کے بعد ان کو امن اور پناہ دے گا۔ وہ میری عبادت کریں گے میرے ساتھ کچھ شرک نہ کریں گے اور جو کوئی اس کے بعد انکار کرے تو ایسے لوگ فاسق ہیں۔

اور حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم فرماتے ہیں۔ لا یزال اللّٰه یغرس فی هذا الدین غرسا یستعملهم فی طاعته (ترجمہ) یعنی خدا تعالیٰ ہمیشہ اس دین میں ایسے لوگوں کا ایک درخت لگاتا رہے گا۔ جن کو اپنی اطاعت میں لگا دے گا۔

اور دوسری حدیث میں آیا ہے۔ لا تقوم الساعة الا و طائفة من امتی و ظاهرون علی الناس

لا یبالون من خذلهم و لا من نصرهم - (ترجمہ) قیامت قائم ہونے تک ایک گروہ میری امت میں سے سچائی دین کے ساتھ لوگوں پر ظاہر باہر غالب رہیگا وہ کسی کی پرواہ نہ کریں گے۔ خواہ ان کا کوئی مددگار بنے یا ان کو چھوڑ کر ان سے الگ ہو جائے۔ (کذا فی ابن ماجہ) یہ گروہ مجددین اسلام اور ان کے خلفا کا ہے۔ جو قیامت تک اس امت میں رہیں گے۔

الغرض اس طرح سے اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَ عَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ کہنا چاہئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد آپ کے دین کے سچے خادموں جو صحابہ۔ اولیاء اللہ اصفیا۔ اتقیا اور ابدال کے رنگ میں آئے۔ اور قیامت تک آتے رہیں گے۔ ان کے واسطے بھی بوجہ ان کی حسن خدمات کے جن کی وجہ سے انہوں نے بعد رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم ہم پر بہت بڑے بھاری احسانات اور انعامات کئے ان کے واسطے بھی دعا کرے خدا تعالےٰ فرماتا ہے۔ اور جو کوئی اس گروہ پاک کی مخالفت کرے گا۔ اور اس کو نگاہ عزت سے نہ دیکھیگا۔ اور ان کے احکام اور فیصلوں کی پرواہ نہ کرے گا۔ تو وہ فاسق ہوگا۔ بلکہ وہاں تک جہاں تک تعظیم الٰہی اور تعظیم کتاب اللہ اور تعظیم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اجازت دے۔ اس گروہ کا ادب اور عزت کرنی اور اس خیل پاک کے حق میں دعائیں کرنے کا

بحکم قرآن سے ثابت ہے۔ چنانچہ آیت ذیل میں اس مضمون کو یوں ادا کیا گیا ہے۔

وَ الَّذِیْنَ جَآءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَ لِاِخْوَانِنَا الَّذِیْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِیْمَانِ وَ لَا تَجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ۔ (پ ۲۸۔ رکوع ۴) (ترجمہ) یعنی وہ لوگ صالحین کا گروہ جو ان کے بعد پیدا ہوئے دعا کرتے ہیں۔ اور کہتے ہیں۔ اے ہمارے پروردگار بخش۔ ہم کو اور ہمارے ان بھائیوں کو جو ہم سے پہلے ایمان کے ساتھ گزر گئے۔ اور ہمارے دلوں میں ان لوگوں کے لئے کینہ نہ رکھ جو ایمان لائے۔ اے ہمارے پروردگار تو مہربان اور رحیم ہے:-

غرض پہلے بزرگوں اور خادمانِ اسلام اور شریعتِ محمدیہ کے واسطے دعائیں کرنا۔ اور ان کی طرف سے کوئی بغض و کینہ غل و غش دل میں نہ رکھنا یہ بھی ایمان اور ایمان کی سلامتی کا ایک نشان ہے۔ پس انسان کو مرنج اور مرنجان ہونا چاہیئے۔ اور خدا کی باریک در باریک حکمتوں اور قدرتوں پر ایمان لانا چاہیئے۔ اور کسی سے بھی بغض و کینہ دل میں نہ رکھنا چاہیئے۔ خدا کی شانِ ستاری سے ہمیشہ فائدہ اٹھاتے رہنا چاہیئے۔ کیونکہ ممکن ہے۔ کہ جن کو تمہاری نظریں برا اور بد خیال کرتی ہیں۔ ان کو توبہ کی

توفیق مل جائے۔ اَللّٰهُ اَفْرَحُ بِتَوْبَةِ عَبْدِهٖ الخ ترجمہ
یعنی خدا اپنے بندے کی توبہ سے بہت خوش ہوتا ہے اس
سے بڑھ کر جس کا کسی ویران اور بھیانک وسیع جنگل میں
سامان خورش و نوش گم ہو جائے۔ اور اس لئے اسے
ہلاکت کا اندیشہ ہو۔ مگر پھر اسے سامان میسر آ جاتے
جس طرح وہ خوش ہوگا۔ اس سے بھی کہیں بڑھ کر خدا
اپنے بندوں کی توبہ سے خوش ہوتا ہے۔ ممکن ہے۔ جس
کو تم حقارت کی نظر سے دیکھتے ہو۔ اسے توبہ کی توفیق
مل جائے۔ اور دوسرا اپنے کبر کی وجہ سے راندۂ درگاہ
اور ہلاک ہو جائے۔ بعض بدیاں حبطِ اعمال کا باعث ہو
جایا کرتی ہیں۔ اور بعض اعمال جہنم میں لے جاتے ہیں
تمام صالحین کے واسطے دعائیں کرتے رہنا چاہئیے۔ ان کے
احسانات اسلام اور مسلمانوں پر بہت کثرت سے ہیں۔ غور کا
مقام ہے۔ اور انہوں نے یہ دین اور یہ کتاب اور یہ سنت
یہ نماز روزہ ہم تک پہنچانے کے واسطے کس طرح اپنی جانیں
خرچ کر دیں اپنے خون پانی کی طرح بہا دئے۔ اپنے نفسوں
پر آرام اور نیند حرام کر لی کتنے بڑے بڑے سفر پا
پیادہ ان مشکلات کے زمانہ میں کئے۔ ایک ایک حدیث کی
تحقیقات اور اس کے راوی کے منہ سے سننے کے واسطے
سینکڑوں کوسوں کے ناقابل گذر اور دشوار گذار سفر انہوں
نے کئے۔ پس ان کے احسانات ان کی مساعی جمیلہ کوششوں

محنتوں اور جانفشانیوں کو نظر کے سامنے رکھ کر ان کے واسطے دردمند دل سے تڑپ تڑپ کر دعائیں کرو۔ اگر ان کی محنتیں اور کوششیں نہ ہوتیں۔ اور وہ بھی ہماری طرح سست اور کاہل ہوتے۔ تو غور کرو کہ کیا اسلام موجودہ حالت میں ہو سکتا تھا۔ اور ہم مسلمان کہلانے کے مستحق ہو سکتے تھے؟ ہرگز نہیں۔ پس ان کے واسطے دعائیں کرنا اور نماز میں ان کے حقوق ادا کرنے کا جزو ہونا بھی لازمی اور ضروری تھا۔ بلکہ از بس ضروری تھا۔ کیونکہ مَنْ لَمْ يَشْكُرِ النَّاسَ لَمْ يَشْكُرِ اللّٰهَ یعنی جو شخص لوگوں کا شکر گزار نہ ہو۔ وہ خدا کا شکر گزار نہیں ہوتا خلاصہ یہ کہ حق سبحانہ و تعالیٰ کی عبادت کرنے والا۔ اور اس کے مقابلہ میں کسی دوسرے کی پرواہ نہ کرنے والا ہونا اور پھر نبوت اور کتب پر ایمان لانے والا بننا چاہئے۔ واللہ اعلم

۲۰ اپریل ۱۹[illegible]ء

# تسبیح و تحمید۔ استغفار۔ اور درود شریف

از حضرت سیدنا خلیفۃ المسیح ثانی ایدہ اللہ تعالیٰ

**پیدائش کی غرض و غایت**

انسان اگر غور سے دیکھے کہ وہ کیوں [illegible] پیدا کیا گیا تھا تو [illegible]

پہلے [illegible] انسان کی پیدائش کی غرض [illegible]

خلقت الجن والانس الا لیعبدون۔ میں بیان ہوتی ہے۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ انسان معبود حقیقی کا پورا پورا عبد بنے۔ اور پھر سورہ فاتحہ میں بھی خدا تعالیٰ فرماتا ہے۔ اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم۔ جس میں یہ سکھلایا گیا ہے۔ کہ ہم یہ دعا مانگتے رہیں کہ اے خدا ہمیں سیدھا راستہ دکھا۔ وہ راستہ جو تو نے ہم سے پہلے منعم علیہ گروہ کو دکھایا۔ جو تیرے پیارے مقرب کہلاتے ہیں۔ وہ راستہ جو منعم علیہ گروہ کو دکھلایا گیا تھا۔ وہ یہی راستہ تھا۔ ان کے دل خدا کی صفات کے جلوہ گاہ بن گئے تھے۔ ان کے کان خدائی آوازوں کو سنتے تھے۔ ان کی آنکھیں خدا تعالیٰ کے جلال کو دیکھتی تھیں۔ پس یہ چیز ہے۔ جس کے لئے انسان پیدا ہوا۔ جس کے لئے انبیاء آئے۔ جس کے لئے خدا تعالیٰ نے طرح طرح سے دنیا کی رہنمائی کی۔ اور جب تک یہ غرض حاصل نہیں ہوتی۔ تب تک انسان اپنی پیدائش کی غرض کو نہیں پا سکتا۔ ایسا انسان اپنی جان و مال خطرہ میں ڈالتا ہے۔ لیکن باوجود اس کے اسے یہ مقصد نہیں ملتا۔ وہ اپنا سب کچھ اس لئے قربان کرتا ہے۔ کہ اس مقصد کو پا سکے لیکن وہ سب کچھ قربانیاں کر کے باوجود صرف بعض باتوں پر سختی کر کے اس مقصد کو حاصل کر لیتا ہے۔ مگر باوجود قربانیوں کے کچھ حاصل نہ کر سکے۔

**ذکر الٰہی**

میں اپنی جماعت کو نصیحت کرتا ہوں کہ اپنی پیدائش کے مقصد کو حاصل کرنے کے لئے ہر

ایک پہلو سے احتیاط کرے۔ اور اس کے لئے نماز کے علاوہ ذکر الٰہی ایک عمدہ ذریعہ ہے۔ پس جماعت کو چاہئے کہ ذکر الٰہی میں بھی اپنے اوقات خرچ کرے۔ تا اس کا قلب خدا کی صفات کا جلوہ گاہ بن جائے۔ اور اس کے انوار کا اس پر نزول شروع ہو جائے۔ جب انسان ذکر الٰہی سے اپنے دل کی کیفیت کو بدل ڈالے تو اس کا وہ مقصد پورا ہو جاتا ہے۔ جس کے لئے اسے دنیا میں بھیجا گیا۔ پس میں پھر جماعت سے کہتا ہوں۔ کہ وہ نماز کے علاوہ ذکر الٰہی بھی کرے۔

## ذکر الٰہی کا بہترین موقع

اگرچہ ذکر الٰہی کے لئے کوئی خاص وقت مقرر نہیں۔ جس وقت بھی انسان چاہے ذکر الٰہی کر سکتا ہے۔ لیکن اس کیلئے بہترین وقت مسجد میں آکر امام کی انتظار کرنے کا جو وقت ہے وہ ہے۔ کیونکہ ایک تو اس سے مسجد میں آکر اِدھر اُدھر کی باتوں سے انسان بچا رہتا ہے۔ دوسرے یہ وقت فرصت کا ہوتا ہے۔ خواہ کوئی زمیندار ہو یا تاجر ملازم ہو۔ یا پیشہ ور ہو۔ سمجھتا ہے کہ یہ فالتو وقت ہے۔ اور جب تک نماز نہیں ہو لیتی میں مسجد سے نہیں جا سکتا۔ پس وہ اس خالی وقت میں اچھی طرح ذکر الٰہی کر سکتا ہے۔ اور اگر اس کو ضائع نہ کرے۔ اور اس میں ذکر الٰہی کرنے کی عادت ڈالے تو قلب میں بہت بڑی

اصلاح ہو جاتی ہے۔ اور پھر انوار الٰہی کا نزول شروع ہو جاتا ہے۔ پس امام کی انتظار میں جو وقت مسجد میں گذرتا ہے اس کو رائیگاں نہیں گذارنا چاہیئے۔ بلکہ اس میں ذکر الٰہی کرنا چاہیئے۔ کیونکہ ذکر الٰہی ایک ایسی چیز ہے۔ جس سے مومن کا آئینہ دل صاف ہو جاتا ہے۔ جس میں وہ خدا کی شکل کو دیکھتا ہے۔ اور انوار الٰہی کا مہبط بن جاتا ہے

**تسبیح و تحمید** ذکروں میں سے بھی بعض ذکر ایسے ہیں جو زیادہ مفید ہیں۔ اور جلد ہی ایک شخص کے دل کو پاک اور انوار الٰہی کا مہبط اور نزول گاہ بنا دیتے ہیں۔ ان ذکروں میں سے خصوصیت کے ساتھ تسبیح و تحمید ہے۔ اس سے انسان جلدی ترقی کرنی شروع کر دیتا ہے؛۔

دنیا میں ہر ایک شخص جو بات حاصل کرتا ہے۔ عام طور پر سامنے نمونہ رکھ کر حاصل کرتا ہے۔ پھر اس کے ساتھ ایک اور فرض بھی ہے۔ جو انسان کے ذمہ ہے اور وہ اس غرض کو حاصل کرنا ہے۔ جس کے لئے وہ دنیا میں بھیجا گیا ہے۔ مگر یہ غرض حاصل نہیں ہو سکتی۔ جب تک انسان ویسے عمل نہ کرے۔ جو اس غرض کو حاصل کرنے والے ہیں۔ اور چونکہ انسان اکثر نمونہ کو دیکھ کر کچھ حاصل کرتا ہے۔ اسلئے اس غرض کے حاصل کرنے کیلئے بھی وہ بعض ایسے لوگوں کے اعمال سامنے رکھ لیتا ہے۔

جنہوں نے اس غرض کو حاصل کر لیا ہو۔ پھر جب وُہ
ان پر عمل پیرا ہو تو اس غرض کو حاصل کر لیتا ہے
جس کے لئے وُہ دُنیا میں بھیجا گیا ہے۔ پس ہماری جماعت
کو بھی اس غرض کے حصول کے لئے منعم علیہ لوگوں کے
اعمال کو نمونہ بنانا چاہیئے۔ تا کہ ان کا دل بھی ایسا ہو
جائے کہ خدا کی صفات اس پر جلوہ گر ہوں۔ اور اپنی
پیدائش کی غرض کو پالیں۔ تسبیح و تحمید انسان کے دل
کو ایسا بنا دیتی ہے۔ اور وُہ غرض جو کہ انسان کے دنیا
میں آنے کی ہے۔ اس کے ذریعہ پوری ہو جاتی ہے۔
کیونکہ جب ایک شخص خدا کی تسبیح و تحمید کرتا ہے۔ تو
دونو باتیں اس کے سامنے آجاتی ہیں۔ جب ہم کہتے ہیں
خدا پاک ہے۔ تو ہمیں بھی پاک بننے کا خیال آتا ہے کیونکہ
اس کے بغیر ہم اس کو پا نہیں سکتے۔ اور چونکہ وُہ پاک
ہے۔ اور اس کے پانے کے لئے پاک ہونا چاہیے۔ اسلئے
ہم اگر اس کو پانا چاہیں۔ تو ہمیں پاک ہونا چاہیئے۔ اس
لئے جب ہم خدا کو پاک کہتے ہیں۔ تو ہمیں بھی پاک
ہونے کا خیال ہوتا ہے۔ اسی طرح جب ہم تحمید کرینگے
تو بہترین نمونہ صفات الٰہیہ کا ہمارے سامنے آ جائے
گا۔ اور خدا تعالیٰ کی صفات کے نمونہ کو دیکھ کر ہمیں
خیال پیدا ہوگا۔ کہ ہم میں بھی یہ صفات پیدا ہوں
نیز پھر اس سے یہ خیال پیدا ہوگا۔ کہ ہمیں اپنے

اپنے عیوب دُور کرنے چاہئیں اور بجائے ان کے اپنے اندر خوبیاں پیدا کرنی چاہئیں۔ ان دونوں صورتوں میں تسبیح و تحمید مفید ہوگی۔

**استغفار** دوسرا خاص ذکر الٰہی استغفار ہے۔ اس میں بظاہر ایک شخص اپنے گناہوں کی معافی مانگتا ہے۔ لیکن درحقیقت اس میں بھی خدا کی صفات ہی کا ذکر رہتا ہے۔ کبھی نہیں دیکھو گے۔ کہ ایک شخص وکیل تک جا کر کہے۔ کہ مجھے فلاں مرض ہے۔ اس کے لئے نسخہ لکھ دیجئے اسی طرح کبھی نہیں دیکھو گے کہ ایک شخص ڈاکٹر کے پاس جائے اور اپنا مقدمہ بیان کر کے اس سے کہے۔ کہ اس کے متعلق مشورہ دیجئے کیوں؟ اس لئے کہ انسان کا خاصہ ہے۔ کہ وُہ اسی کے پاس جاتا ہے۔ جس سے اُسے اُمید ہو۔ کہ میرا فلاں کام کر سکتا ہے۔ ایک وکیل چونکہ نسخہ نہیں لکھ سکتا۔ اسلئے وُہ اس کے پاس اس غرض کے لئے نہیں جاتا۔ بلکہ ڈاکٹر کے پاس جاتا ہے۔ کیونکہ وہ جانتا ہے۔ کہ ڈاکٹر نسخہ لکھ سکتا ہے۔ پس جب ہم کہتے ہیں کہ خدا ہمیں معاف فرما تو اس کا مطلب یہی ہوتا ہے کہ ہم جانتے ہیں کہ وُہ غفور ہے۔ رحیم ہے۔ حلیم ہے اور وُہ معاف کرتا ہے۔ پس استغفار بھی ذکر الٰہی ہے۔ اور ایسا ذکر الٰہی ہے۔ کہ اسے کثرت سے کرنا چاہئے۔ کیونکہ انسان بغیر خدا کی مدد و نصرت سے کچھ کر نہیں سکتا۔ اور نہ ہی بغیر اس

کے اسے کچھ مل سکتا ہے۔ پھر استغفار میں اپنی غلطیوں کی معافی بھی ہوتی ہے۔ اور خدا کی مدد و نصرت بھی ملتی ہے۔ پس استغفار میں یہ دونوں باتیں ہیں۔ کہ انسان اپنی غلطیوں کا اقرار بھی کرتا ہے۔ جس سے اسے معافی ملتی اور مدد و نصرت حاصل ہوتی ہے۔ اور صفات الٰہی کو بھی سامنے لاتا ہے۔

**درود**

اس کے علاوہ درود ہے۔ درود سے بھی انسان روحانی ترقی کرتا۔ اور روحانی فوائد پاتا ہے۔ ہماری جماعت کو چاہیئے کہ خصوصیت کے ساتھ درود کی کثرت کو اپنے لئے لازم کریں۔ اور مسجد میں آ کر بالضرور آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہ و سلّم پر درود پڑھنا چاہیئے۔

**درود کیا ہے**

درود در اصل اس احسان کا اقرار ہے۔ کہ جو آنحضرت صلّے اللہ علیہ و سلّم نے ہم پر کیا۔ اور احسان کا اقرار انسان کے لئے از حد ضروری ہے۔ کبھی کسی شخص کے اعمال میں پاکیزگی نہیں پیدا ہو سکتی۔ جب تک وہ اپنے احسان کرنے والے کا احسان مند نہیں ہوتا۔ کیونکہ تمام صفائی اعمال میں احسان مندی سے ہی پیدا ہوتی ہے۔ اس لئے ہمارے لئے یہ بہت ضروری ہے۔ کہ ہم کثرت سے درود پڑھیں۔ تا کہ ہم آنحضرت صلّے اللہ علیہ و آلہ و سلّم کے احسانوں کے لئے آپ کے احسان مند ہوں۔ اور پھر ہمارے اعمال

میں بھی پاکیزگی اور صفائی پیدا ہو۔

**شکر گذاری کا نتیجہ**

جو شخص اپنے محسن کا احسان مند نہیں ہوتا۔ وہ فتنہ و فساد کا بیج بوتا ہے کیونکہ نا احسانمندی اور نا شکر گذاری ہمیشہ فساد اور جھگڑا پیدا کرتی ہے۔ غور کر کے دیکھو تو۔ جتنی لڑائیاں اور جھگڑے پیدا ہوتے ہیں۔ وہ نا احسانمندی سے ہی ہوتے ہیں۔ پس ہمیں احسان فراموش نہیں بننا چاہیئے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کے بسیار احسان ہم پر ہیں ہمیں ان کو یاد رکھنا چاہیئے اور ان کا اقرار کرتے رہنا چاہیئے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم جب مدینہ تشریف لے گئے تو مدینہ کے بعض لوگوں نے اس سے بُرا منایا۔ حالانکہ آپکے بہت سے احسان اُن پر تھے۔ مگر ان لوگوں نے ناشکری کی۔ اور طعن وغیرہ کرنے شروع کر دیئے۔ اگرچہ بعض ان میں دبی زبان سے کرتے تھے۔ مگر ایسے لوگوں نے بھی آپ کے احسانوں کی نا شکری ضرور کی۔ جس کا نتیجہ یہ نکلا۔ کہ یہ ناشکری کا بیج بڑھتا بڑھتا ان کو منافق بنا گیا۔

**درود کا مطلب**

پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے احسانوں کو یاد کرتے ہوئے خدا تعالیٰ کے حضور میں کہنا چاہیئے۔ کہ ہم تو ان کا کچھ بدلہ نہیں دے سکتے تو ہی ان کا عوض رسول کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو دے۔ اور اسکا اجر آپ کو عطا فرمایا۔ یہی درود کا سبب

ہے۔ پس چاہئے کہ اس کی کثرت اختیار کی جائے۔ اور اس کے ذریعہ سے اپنی احسانمندی کو بہترین صورت میں ظاہر کیا جائے۔

## حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو بھی درود میں شامل کرو

میں نے بتایا ہے کہ درود رسول کریم صلی اللہ علیہ و آلہٖ و سلم کے احسانوں کو یاد کرنا۔ اور اپنی احسانمندی کا جتانا اور خدا سے اس کا عوض دینے کی درخواست کرنا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہٖ و سلم کے بعد ہم پر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ و السلام کے بھی بیشمار احسانات ہیں۔ اس لئے درود میں ان کو بھی شامل کرنا چاہئے۔ ایک یہی کیا کم احسان حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ و السلام کا ہم پر ہے۔ کہ آپ کے ذریعہ سے آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہٖ و سلم کا پتہ ہم کو ملا آج لوگوں نے جھوٹی اور بناوٹی اور ہتک آمیز روایتوں سے آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہٖ و سلم کو کچھ کا کچھ بنا دیا تھا۔ نہ صرف یہ بلکہ مختلف قسم کی باتوں سے آپ کی اصل شان کو بھی گھٹا دیا تھا۔ اور بعض ایسی غلط اور بیہودہ باتیں آپ کی طرف منسوب کر رکھی تھیں جو ہرگز آپکے شایان شان نہ تھیں۔ غرض لوگوں کی غلط روایتوں نے آپ کو ایسے پردہ چھپا دیا تھا۔ لیکن حضرت

مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ و السلام نے آکر ان سب پردوں کو اٹھا دیا۔ اور اس مبارک اور خوبصورت چہرہ پر سے تمام پردے اٹھا کر ہمیں دکھا دیا۔ پس یہ کیا کم احسان ہے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ و السلام کا کہ آپ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کی اصل شان کو ظاہر فرما دیا۔ اور ان سب باتوں سے آپ کو پاک کر دیا۔ جو آپ کی طرف ... کی جاتی تھیں۔ پس درود میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ و السلام کو بھی شامل کرنا چاہئے۔ اور بھی احسان حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ہیں۔ اور بے شمار احسان ہیں۔ پس ہمارا یہ بھی فرض ہونا چاہئے کہ ہم ان کو بھی درود میں شامل کریں۔ ہم مختلف اوقات میں آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہ و سلم پر درود بھیجیں اور اس درود میں آپ کے خلیفہ مسیح اور مہدی کو بھی شامل کریں۔ اور ان پر درود پڑھیں تا ان کے احسانوں کا بھی اقرار ہو۔ اور شکریہ ادا ہو سکے

## درود پڑھنے میں اپنا فائدہ

کچھ یہی نہیں کہ درود میں صرف احسان کا اقرار یا شکریہ ہی ہے۔ بلکہ اس میں ہمارا بھی فائدہ ہے۔ اور اس فائدہ کو اگر الگ بھی کر دیا جائے جو اقرار احسان سے حاصل ہوتا ہے۔ تو بھی درود بہت فائدے کی چیز ہے۔ کیا ہم درود میں یہ نہیں کہتے۔ اللھم صل علی محمد

وعلیٰ آل محمد۔ پھر کیا ہم خود آل میں شامل نہیں؟
یقیناً ہم بھی آل میں شامل ہیں۔ اور اس صورت میں درود
نہ صرف آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کے احسانوں
کا اقرار ہے بلکہ اپنے لئے بھی ایک دعا ہے۔

## تیرے بڑھنے سے قدم آگے بڑھایا ہم نے

پھر ہم درود میں اور دعاؤں
میں رسول کریم صلی اللہ علیہ
و آلہ وسلم کے لئے یہ
دعا تو نہیں کرتے کہ یا الٰہی یا تو ان کو جائداد دے۔
باغ دے زمین دے مکان دے دولت دے۔ یہ چیزیں
تو آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اس دنیا میں
جمع نہ کیں۔ پھر وہاں آپ کو ان کی کیا ضرورت ہے۔ جب دنیا
میں جہاں سے ان چیزوں کا تعلق ہے۔ آپ نے ان کی پرواہ نہیں کی۔
آپ نے مال نہیں جمع کیا۔ جائیداد نہیں بنائی۔ باغ نہیں لگائے۔ محل نہیں
بنائے۔ تو اگلے جہاں میں آپکو ان کی کیا احتیاج ہو سکتی ہے؟

پس ہم اگر آپ کے لئے دعا کرتے ہیں۔ تو یہی کہ
آپ کے روحانی مدارج میں ترقی ہو۔ خدا آپ کو اور
بھی ترقی دے۔ اور یہ صاف بات ہے۔ کہ جب آپ
روحانیت میں ترقی کرینگے۔ تو امت بھی آپ کے ساتھ
ترقی کریگی۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ و السلام فرماتے
ہیں ۔ ؎ ۔ تیرے بڑھنے سے قدم آگے بڑھایا ہم نے ۔ پس
جوں جوں آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم آگے بڑھینگے

توں توں ہم بھی بڑھینگے - اس لئے درود نہ صرف آپ کے مدارج بڑھنے کے لئے ہے - بلکہ ہمارے لئے بھی ہے -

### درود اجابت دعاء کی کلید ہے

پھر درود سے ایک بڑا فائدہ یہ بھی ہے - کہ جو شخص درود کثرت سے پڑھتا ہے - اس کی دعائیں کثرت سے قبول ہوتی ہیں - دنیا میں یہ طریق ہے - کہ اگر کسی سے کچھ کام کرانا ہوتا ہے - تو اس کی پیاری چیز سے پیار کیا جاتا ہے - کسی عورت سے اگر کوئی کام کرانا ہو تو اس کے بچے سے محبت کرو - پھر دیکھو وہ کیسا مہربان ہوتا ہے فقیر بھی جب خیرات لینے کے لئے دروازہ پر جاتا ہے - تو یہ صدا کرتا ہے " مائی تیرے بچے جئیں " کیونکہ فقیر بھی جانتے ہیں - کہ اس صدا کا ماں پر بہت اثر ہوتا ہے جب ماں یہ آواز سنتی ہے - تو دوڑی آتی ہے - اور فقیر کو خیرات دیتی ہے - دیکھو اس آواز کے سنتے ہی - جو اس کے پیارے بچے کے لئے ایک دعاء ہوتی ہے - وہ کس طرح دوڑی آتی ہے - اسی طرح درود پڑھنے والے شخص کے متعلق جب خدا دیکھتا ہے - کہ اس نے اس کے پیارے کے لئے دعاء کی ہے - تو کہتا ہے - تو نے میرے پیارے کے لئے دعاء کی - آ ! میں تیری دعاء بھی قبول کرتا ہوں پس جو شخص کثرت سے درود پڑھتا ہے - وہ نہ صرف آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم پر درود پڑھیں

اور اس درود میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام
کو بھی شامل کریں۔ ہم مسجدوں میں جب آئیں۔ تب بھی
درود پڑھیں۔ اور گھروں میں جب جائیں تب بھی آنحضرت
صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم پر درود پڑھیں۔"

(الفضل ۱۱۔ دسمبر ۱۹۲۵ء جلد ۱۳ ع ۷۸)

# قبولیت دعا کا ایک طریق

(از حضرت خلیفۃ المسیح ثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز)

"دعا کرنے سے پہلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجیں۔ رسول
کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم وہ انسان ہیں۔ جو خدا تعالیٰ کے حضور
تمام بنی نوع انسان سے زیادہ مقبول ہیں۔ خواہ وہ آپ سے پہلے گذرے یا
بعد میں آئے۔ یا آئینگے۔ ہر ایک انسان کی نظر میں اس کا استاد یا اس کے
خاندان کا بزرگ بڑا ہوتا ہے۔۔۔ مگر ہم کو جس انسان سے اس زمانہ میں نور
ملا ہے۔ ہم اس کو بھی مستثنیٰ نہیں کرتے۔ اور علی الاعلان کہتے ہیں۔ کہ سب
انسانوں کی نسبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کا مقام اعلیٰ و ارفع ہے
اور آپ ایک ایسے مقام پر پہنچ گئے کہ گویا سب سے علیحدہ ہو کر آپ اکیلے نظر
آجاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے [illegible] کے ساتھ آپ کا
نام بھی رکھ دیا ہے۔ ایسے انسان کی [illegible] خدا تعالیٰ سے
برکات چاہے۔ خدا تعالیٰ [illegible] جوش [illegible] شروع کر دیتی
ہے۔ خدا تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کو تمام انعامات کا وارث

کرنے اور سب سے بڑا رتبہ عطا کرنے کے لئے اس طریق سے بھی کام لیا ہے کہ جو لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ و علی آلہ وسلم پر درود بھیجکر دعا کرینگے اُن کی دعائیں زیادہ قبول ہونگی"۔ (رسالہ قبولیت دعا کے طریق)

# ایک سوال متعلق درود شریف

## (از حضرت خلیفۃ المسیح ثانی)

درود میں یہ دُعا سکھائی گئی ہے۔ اللھم صل علی محمد و علی آل محمد کما صلیت علی ابراھیم و علی آل ابراھیم انک حمید مجید۔ اسی طرح یہ دعا ہے۔ اللھم بارک علی محمد و علی آل محمد کما بارکت علی ابراھیم و علی آل ابراھیم انک حمید مجید۔

حالانکہ رسول کریم صلعم کا درجہ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے بڑا ہے۔ ایک بڑے درجہ والے کے لئے یہ دعا کرنا۔ کہ اسے وہ کچھ ملے۔ جو اس سے چھوٹے درجہ والے کو ملا۔ اور نہ صرف ایک دفعہ بلکہ یہ دعا کرتے ہی چلے جانا۔ اور قیامت تک کرتے چلے جانا [illegible] اور [illegible] [illegible] ہے۔ [illegible] میں اگر اس بات

کی حقیقت پر غور نہ کریں۔ تو یہ بات ایسی ہی معلوم ہوتی ہے۔ جیسے کہتے ہیں۔ کوئی فقیر تھا۔ ایسے لوگ چونکہ اِدھر اُدھر پھرتے رہتے اور کوئی مستقل ٹھکانا نہیں رکھتے۔ اس لئے علے العموم پولیس کی دست برد میں آتے رہتے ہیں۔ اور تھانیدار کو سب سے زیادہ اختیارات کا مالک سمجھتے ہیں۔ کہتے ہیں۔ اس نے ایک۔ ای۔ اے۔ سی سے کچھ مانگا۔ مگر اس نے مانگنے سے زیادہ اُسے دے دیا۔ اس پر فقیر کا دل دعا کی طرف مائل ہوا۔ اور اس نے اس کے لئے یہ دُعا کی۔ کہ خدا تمہیں

## تھانیدار بنا دے

چونکہ اس کے نزدیک یہی درجہ سب سے بڑا تھا۔ کیونکہ جہاں وہ جاتا تھا۔ سپاہی اس کے پیچھے پڑ جاتے۔ اور تھانیدار کے سامنے پیش کر دیتے۔

پس رسول کریم صلے اللہ علیہ و آلہ و سلم کے لئے یہ دعا کرنا کہ آپ کو حضرت ابراہیم علیہ السلام والا درجہ دیا جائے۔ ایسی ہی دعا ہے۔ جیسے ای۔ اے سی کے لئے یہ کہا گیا تھا۔ کہ خدا تمہیں تھانیدار بنا دے۔ اور حقیقت یہ ہے۔ کہ اس طرح یہ دعا نہیں۔

بلکہ یہ دعا [illegible]

میرا خیال ہے کہ [illegible] اس کے [illegible] کیا ہے۔ مگر سوال کرنے والے ایسے دوست ہیں جو اختیارات

سے تعلق رکھتے ہیں۔ اور تحریریں پڑھنے والے ہیں۔ ممکن ہے ان کے حافظہ کی غلطی ہو۔ اور ان کو میری بیان کردہ باتیں یاد نہ رہی ہوں۔ یا ممکن ہے میں نے ایسی وضاحت نہ کی ہو۔ جس کی ضرورت ہو۔ اس لئے پھر بیان کرتا ہوں۔

بات یہ ہے۔ کہ اعتراض دو جگہ پڑا کرتے ہیں۔ ایک تو وہاں جو

## محل اعتراض

ہو اور دوسرے ایسی جگہ جو محل اعتراض نہ ہو۔ جو محل اعتراض جگہ ہوتی ہے۔ وہاں بھی دو صورتیں ہوتی ہیں۔ اول یہ کہ اعتراض غلط ہو۔ اور دوسری یہ کہ اعتراض صحیح ہو مگر وہ بات نا درست ہو۔ جس پر اعتراض پڑتا ہے۔ مگر درود تو رسول کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے سکھایا ہے۔ اور آپ نے ہی نہیں سکھایا۔ بلکہ خدا تعالیٰ نے قرآن کریم میں اس کا ذکر کیا ہے۔ اب ہم یہ تو کہہ نہیں سکتے کہ درود میں غلطی ہے۔ اس وجہ سے دوسرا پہلو ہی اختیار کرنا پڑیگا۔ کہ ایسی جگہ پر اعتراض کیا جاتا ہے۔ جو

## محل اعتراض نہیں

ہے۔ اس کے بھی دو پہلو ہیں۔ ایک یہ کہ جن معنوں کے لحاظ سے اعتراض کیا جاتا ہے۔ وہ غلط ہیں۔ یا یہ

کہ وہ معنی تو صحیح ہیں۔ مگر جو اعتراض کیا جاتا ہے۔ وہ غلط ہے۔ مگر ہم جتنا بھی غور کرتے ہیں۔ یہ اعتراض غلط معلوم نہیں ہوتا۔ اس میں کوئی شبہ نہیں۔ کہ رسولؐ کریم صلے اللہ علیہ و آلہٖ و سلم حضرت ابراہیم علیہ السلام سے افضل ہیں۔ اور اللہ تعالےٰ نے کھلے لفظوں میں سب انبیاء سے افضل آپؐ کو بتایا ہے۔ کیونکہ

## اکمل اور اتم دین

آپؐ کو ہی دیا گیا۔ اور ممکن نہیں کہ بڑا کام چھوٹے کے سپرد کیا جائے۔ اور چھوٹا کام بڑے آدمی کے۔ بڑا کام بڑے کو ہی دیا جاتا ہے۔ اور چھوٹا چھوٹے کو۔ کبھی کوئی عقلمند یہ نہ کرے گا۔ کہ گھسیارے کا کام تو ایک تعلیم یافتہ آدمی کے سپرد کر دے۔ اور دفتر کا کام گھسیارے کے سپرد کوئی بادشاہ یہ نہیں کریگا۔ کہ وزیر کا کام ایک معمولی آدمی کے سپرد کر دے۔ اور وزیر کو کسی ادنےٰ سے کام پر لگا دے۔ حتّٰی کہ وہ یہ بھی نہ کریگا۔ کہ وزیر اعظم بننے کے لائق انسان کو وزیر بنا دے۔ اور وزیر کو وزیراعظم بنا دے۔ جب کوئی انسان اس طرح نہیں کر سکتا۔ تو اللہ تعالیٰ سے کس طرح ممکن ہے۔ کہ جو نبیؐ خاتم النبیین ہونے کی قابلیت رکھتا تھا۔ اسے نبیؐ بنا دے۔ اور جو نبیؐ ہونے کی قابلیت رکھتا تھا۔ اسے خاتم النبیین کا درجہ دے

ہے۔ اگر یہ مانا جاتا ہے۔ کہ رسول کریم صلّی اللہ علیہ و آلہ و سلّم کا کام سب انبیاء سے بڑا تھا۔ آپ کو کامل شریعت دی گئی۔ آپ کو وُہ مقامِ شفاعت عطا ہوا جو کسی اَور نبی کو نہیں دیا گیا۔ تو پھر یہ سمجھنا کہ حضرت ابراہیم علیہ السّلام یا کسی اَور نبی کو آپ پر فضیلت حاصل تھی۔ یہ رسولِ کریم صلّی اللہ علیہ و آلہ و سلّم پر ہی اعتراض نہیں۔ بلکہ

## خدا تعالیٰ پر اعتراض

ہے۔ کہ اس نے رسول کریم صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کو کام تو سب انبیاء سے بڑھ کر سپرد کیا۔ مگر سب سے بڑا درجہ نہ دیا۔

پس میں یہ مانتا ہوں۔ کہ اعتراض غلط نہیں ہے۔ مگر اس صورت میں ہمارے لئے یہی پہلو رہ جاتا ہے۔ کہ جو معنی سمجھے جاتے ہیں۔ وُہ غلط ہیں۔ اَور

## اصل معنی و مفہوم

کچھ اَور ہے
اس کے لئے ہمیں یہ دیکھنا چاہئے۔ کہ اعتراض کیس نقطہ سے پڑتا ہے۔ اعتراض پڑنے کی وجہ یہ ہے۔ کہ رسول کریم صلّی اللہ علیہ و آلہ و سلّم اَور حضرت ابراہیمؑ کی

## ذاتی فضیلت

کا مقابلہ کیا جاتا ہے۔ اور سمجھا جاتا ہے۔ رسول کریم صلے اللہ علیہ و آلہ و سلّم کی ذات چونکہ اعلےٰ ہے اس لئے درود میں یہ دعا کرنے سے کہ آپؐ کی ذات کو وہ کچھ دیا جائے۔ جو حضرت ابراہیم علیہ السّلام کو دیا گیا۔ اس سے آپ کی ہتک ہے۔

مگر ہم دیکھتے ہیں۔ کہ ذاتی فضیلت کے علاوہ اور بھی کئی باتیں ہوا کرتی ہیں۔ جو

## درجہ کی بلندی

کا ثبوت ہوتی ہیں۔ اور جب کہ ذاتی فضیلت کے لحاظ سے اعتراض پڑتا ہے۔ اور ادھر قرآن کریم میں درود پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے۔ اور رسول کریم صلّی اللہ علیہ و آلہ و سلّم نے درود پڑھنے کا طریق بھی بتایا ہے۔ تو پھر دیکھنا یہ چاہیئے۔ کہ کس طرح اور کس لحاظ سے رسول کریم صلے اللہ علیہ و آلہ و سلّم کی فضیلت ثابت ہوتی ہے اور درود پر اعتراض نہیں پڑتا۔

"قرآن کریم کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ اس میں حضرت ابراھیم علیہ السّلام کے متعلق

## دو قسم کی فضیلتیں

بیان کی گئی ہیں۔ ایک تو ذاتی ہیں۔ مثلاً یہ کہ ابراہیمؑ حلیم ہے۔ اواب ہے۔ صدیق ہے۔ خدا کا مقرب ہے ان فضیلتوں کے لحاظ سے لازماً ماننا پڑے گا۔ کہ رسول کریم صلے اللہ علیہ و آلہ و سلّم حضرت ابراہیم علیہ السّلام سے بڑھ کر تھے۔ ورنہ آپ خاتم النبیین اور سیّد ولد آدم نہیں ہو سکتے۔ مگر ایک چیز حضرت ابراہیمؑ میں ایسی پائی جاتی ہے۔ جو ان کی ذاتی خوبی نہیں۔ بلکہ انکی

## قوم کی فضیلت

ہے اور وہ یہ ہے۔ کہ خدا تعالیٰ فرماتا ہے وجعلنا فی ذرّیتہ النبوۃ۔ کہ ہم نے ابراہیمؑ کو ہی نبوّت نہیں دی تھی۔ بلکہ اس کی ذرّیت کو بھی بڑا درجہ دیا تھا۔ اس میں نبوّت رکھ دی تھی۔ یہ وہ فضیلت ہے۔ جو حضرت ابراہیمؑ کی نسل کو خاص طور پر حاصل ہوئی۔ کہ اس میں نبوّت رکھی گئی۔ اس کے ساتھ ہی ہم

## ایک اور بات

دیکھتے ہیں۔ اور وہ یہ ہے۔ کہ حضرت ابراہیمؑ علیہ السّلام نے خدا تعالیٰ سے دعا مانگی ہے۔ کہ ربنا واجعلنا مسلمین لک

ومن ذریتنا امۃ مسلمۃ لک (۲-۱۲۱) کہ میری اور اسمٰعیل کی اولاد سے امت مسلمہ پیدا کر دے۔ اب دیکھو حضرت ابراہیم تو یہ دعاء مانگتے ہیں۔ کہ ان کو اُمت مسلمہ ملے۔ مگر خدا تعالیٰ اس دعاء کو اس رنگ میں قبول کرتا ہے۔ کہ ہم

## نبیوں کی جماعت

پیدا کرینگے۔ گویا حضرت ابراہیم علیہ السلام نے خدا تعالیٰ سے جو مانگا۔ اس سے بڑھ کر خدا تعالیٰ نے دیا۔ اس سے کیا معلوم ہوتا ہے۔ یہ کہ خدا تعالیٰ کا حضرت ابراہیم علیہ السلام سے یہ سلوک تھا۔ کہ آپ نے جو مانگا۔ خدا تعالیٰ نے اس سے بڑھ کر دیا۔ سوائے اس کے جو اس کی سنت اور قضا کے مقابلہ میں آکر ٹکرانے والا تھا۔ ایسے موقعہ پر بیشک انکار کر دیا۔ ورنہ ان سے یہ معاملہ ہوا۔ کہ انہوں نے مانگے مسلم۔ اور خدا تعالیٰ نے دئیے نبی۔ اب یہی بات رسول کریم صلے اللہ علیہ و آلہ و سلم کے متعلق سمجھو۔ اور درود کے یہ معنی کرو۔ کہ خدایا جو معاملہ تونے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے کیا وہی محمد صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم سے کرنا۔ یعنی حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جو مانگا اس سے بڑھ کر ان کو دیا۔ اسی طرح محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے جو مانگا۔ اس سے بڑھکر دینا۔ اب

## درجہ کے لحاظ سے فرق

یہ ہوا۔ کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے عرفان کے مطابق

اللہ تعالیٰ سے دعائیں کیں۔ اور رسول کریم صلے اللہ علیہ و آلہ و سلّم نے اپنے عرفان کے مطابق۔ کیونکہ جتنی جتنی معرفت ہوتی ہے۔ اس کے مطابق مطالبہ کیا جاتا ہے۔ ایک چھوٹا بچّہ "بیچی" مانگتا ہے۔ لیکن جب ذرا بڑا ہوتا ہے۔ تو مٹھائی مانگنے لگتا ہے۔ جب جوان ہونے پر آتا ہے۔ تو اچھے کپڑے طلب کرتا ہے۔ جوان ہو کر یہ مطالبہ کرتا ہے۔ کہ ماں باپ اس کی کسی اچھی جگہ شادی کریں۔ پھر یہ مطالبہ کرتا ہے۔ کہ اُسے جائداد کا حصّہ دے دیا جائے۔ غرض جوں جوں عرفان بڑھتا ہے۔ مطالبہ بھی بڑھتا جاتا ہے اسی طرح جتنا کسی کا خدا تعالیٰ کے متعلق عرفان ہوتا ہے۔ اسی کے مطابق وہ دعا کرتا ہے۔ جب رسول کریم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلّم عرفان میں حضرت ابراہیم علیہ السّلام سے بڑھے ہوئے تھے۔ تو یقینی بات ہے۔ کہ آپ کی دعائیں بھی حضرت ابراہیم علیہ السّلام کی دعاؤں سے بڑھی ہوئی ہونگی۔ اور درود میں جو دعا مانگی جاتی ہے۔ اس کا

## صحیح مطلب

یہ ہوا۔ الٰہی حضرت ابراہیمؑ نے آپ سے جو مانگا۔ انہیں آپ نے اس سے بڑھ کر دیا۔ اب محمّد صلی اللہ علیہ و آلہ و سلّم نے جو مانگا۔ انہیں بھی مانگنے سے بڑھ کر عطا کیجئے۔ دوسرے لفظوں میں اس کے یہ معنی ہوئے۔ کہ جو کچھ حضرت ابراہیم علیہ السّلام کو ملا۔ محمّد صلی اللہ علیہ و آلہ

و سلم کو اس سے بڑھ کر دیا جائے۔ اور وہ چیز جس کے لئے حضرت ابراہیمؑ سے بڑھ کر رسول کریم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کو دینے کی دعا کی گئی ہے۔ یہی ہے۔ کہ حضرت ابراہیمؑ نے امت مسلمہ مانگی۔ ان کی

## نسل میں نبوت

قائم کر دی گئی۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے اپنی امت کے لئے ان سے بڑھ کر دعا کی۔ اس لئے آپ کی امت کو ان کی امت سے بڑھ کر نعمت دی جائے۔

اس نکتہ کو مدّ نظر رکھتے ہوئے درود کو دیکھو۔ تو معلوم ہو سکتا ہے۔ کہ کتنے

## عظیم الشان مدارج

کے حصول کے لئے اس میں دعاء سکھائی گئی ہے۔ اور جب ہم درود پڑھتے ہیں۔ تو رسول کریم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم پر احسان نہیں کر رہے ہوتے۔ بلکہ اپنے لئے دعا کر رہے ہوتے ہیں۔ کیونکہ اس میں رسول کریم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کی امت کی ترقی کی دعا ہے۔ اور اتنی

## جامع دعاء

ہے کہ اس سے بڑھ کر خیال میں بھی نہیں آ سکتی۔ اسمیں

یہ سکھایا گیا۔ کہ وُہ رحمتیں جو حضرت ابراہیم علیہ السّلام کے ذریعہ نازل ہوئیں۔ ان سے بڑھ کر رسول کریم صلّی اللّٰہ علیہ و آلہٖ و سلّم کے ذریعہ نازل کی جائیں۔ یعنی جس طرح ان کو مانگنے سے بڑھ کر دیا گیا۔ اسی طرح رسول کریم صلّی اللہ علیہ و آلہٖ و سلّم نے جو کچھ مانگا۔ اس سے بڑھ کر دیا جائے۔ چونکہ وسعت فیض کے لحاظ سے رسول کریم صلّے اللہ علیہ و آلہٖ و سلّم کی دعائیں بڑھی ہوئی تھیں۔ اسلئے ان سے بڑھ کر دینے کا یہ مطلب ہؤا۔ کہ آپ کی شان سب سے بڑھی ہوئی تھی۔ دیکھو حضرت ابراہیم علیہ السّلام نے خواہش کی۔ کہ

## ایک بچّہ ملے

جو نسل چلائے۔ مگر خدا تعالیٰ نے اس کے مقابلہ میں فرمایا۔ میں تیری نسل کو اتنا بڑھاؤنگا۔ کہ جس طرح آسمان کے ستارے گنے نہیں جاتے۔ اسی طرح وُہ بھی گنی نہ جائیگی۔ چنانچہ ایسا ہی ہؤا۔ رسول کریم صلّی اللّٰہ علیہ و آلہٖ و سلّم نے ایک بچّہ نہ مانگا۔ بلکہ یہ فرمایا۔ انی مکاثر بکم الامم۔ کہ میں

## اپنی امّت کی کثرت

پر فخر کرونگا۔ اس وجہ سے خدا تعالےٰ نے آپ کو حضرت ابراہیم علیہ السّلام سے بھی زیادہ امّت دی۔

پس درود کی دعا رکا یہ مطلب ہے۔ کہ جس طرح حضرت ابراہیمؑ

کی دعائیں ان کی امّت کے متعلق اس سے بڑھ کر قبول ہوئیں
جس قدر کہ کی گئی تھیں۔ اسی طرح

## امّتِ محمدیہ

کو کیفیّت اور کمیّت کے لحاظ سے ان دعاؤں سے بڑھ کر دیا جائے
جو رسول کریم صلّی اللہ علیہ و آلہٖ و سلّم نے کی ہیں۔
اب یہ سوال ہو سکتا ہے۔ کہ اس کے لیئے

## درود کیوں رکھا

مسلمان یہ دعائیں کر سکتے تھے۔ کہ جو کچھ پہلی امّتوں کو ملا۔
اس سے بڑھ کر انہیں دیا جائے۔ میرے نزدیک درود کے ذریعہ
دعا سکھانے میں بہت بڑی حکمت ہے۔ اور وہ یہ کہ مسلمانوں
کو یہ دھوکا لگنے والا تھا۔ کہ حضرت ابراہیم علیہ السّلام کی امّت
کو جو کچھ ملا وہ محمّد صلی اللہ علیہ و آلہٖ و سلّم کی ذرّیت کو نہیں
مل سکتا۔ حضرت ابراہیمؑ کے متعلق تو خدا تعالیٰ نے فرمایا تھا۔ کہ ہم
تمہاری ذرّیت میں نبوّت رکھتے ہیں۔ مگر مسلمانوں نے یہ دھوکہ کھانا
تھا کہ امّت محمدیہ اس نعمت سے محروم کر دی گئی ہے۔ اور
اس طرح رسول کریم صلّی اللہ علیہ و آلہٖ و سلّم کی ہتک ہوتی تھی
اسلیئے یہ دعا سکھائی گئی۔ کہ جو کچھ حضرت ابراہیمؑ علیہ السّلام کی
امّت کو ملا۔ اس سے بڑھکر رسول کریم صلّی اللہ علیہ و آلہٖ و
سلّم کی امّت کو ملے۔ اور اس میں نبوّت بھی آ گئی۔ پس جب

کوئی مسلمان

# درود کی دعاء

پڑھتا ہے۔ تو گویا یہ کہتا ہے۔ کہ وجعلنا فی ذریتہ النبوۃ کا جو وعدہ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے تھا۔ وہ محمد صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کی امت میں بھی پورا ہو۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی چونکہ جسمانی ذریت بھی تھی۔ اور رسول کریم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کا کوئی جسمانی بیٹا نہ تھا۔ اس لئے خیال کیا جا سکتا تھا۔ کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے جو وعدہ کیا گیا۔ وہ یہاں پورا نہ ہوگا۔ اس خیال کو دور کرنے کے لئے درود کے ذریعہ یہ بتایا گیا۔ کہ اے مسلمانوں! تم ہی محمد صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کی ذریت ہو۔ تمہیں یہ انعام دیا جا سکتا ہے۔

پس درود میں یہ دعا کی جاتی ہے۔ کہ جو کچھ حضرت ابراہیم کی امت کو دیا گیا۔ اس سے بڑھ کر ہمیں دے۔ اور یہ اسی طرح ہو سکتا ہے۔ کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کی امت میں جو نبی آئے۔ وہ

## ابراہیمی سلسلہ کے نبیوں سے بڑھ کر

ہو۔ ہاں ان میں یہ بھی فرق ہوگا۔ کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کی روحانی ذریت میں نبوت رکھی۔ اور حضرت

ابراہیم علیہ السلام کی جسمانی ذریت میں۔ اس میں بھی رسول کریم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کا کمال ظاہر ہوتا ہے۔ کیونکہ خدا تعالےٰ نے قرآن کریم میں فرمایا ہے۔ کہ اگر مومن سے کسی کو جسمانی رشتہ ہو۔ تو اس کا بھی لحاظ رکھا جاتا ہے۔ اس وجہ سے حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نسل کو جو نبوت ملی۔ اس میں جسمانی رشتہ کا بھی لحاظ رکھا گیا تھا۔ مگر رسول کریم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کی امت پر جو فیض ہوا۔ وہ

## صرف روحانی تعلق

کی وجہ سے اور روحانیت میں کمال حاصل کرنے کے باعث ہوا۔

پس درود مسلمانوں کو یہ بتانے کے لئے ہے۔ کہ تمہارے اندران فیوض سے بڑھ کر جو حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ و السلام کی امت پر جاری ہوئے۔ جاری رہینگے۔ اور یہ دعا مسلمانوں کی حوصلہ افزائی کے لئے تھی۔ کہ تمہیں وہ کچھ ملنا ہے۔ جو مانگنے سے بڑھ کر ہوگا۔ کیونکہ حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ و السلام کے متعلق ایسا ہی ہوا۔

رسول کریم صلے اللہ علیہ و آلہ و سلم سے بڑھ کر عرفان کس کو ہو سکتا ہے۔ اور آپ نے اپنی امت کے لئے کیا کیا دعائیں نہ کی ہونگی۔ مگر باوجود اس کے خدا تعالیٰ

آپ کی امت سے یہ دعا کراتا ہے۔ کہ جس طرح حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ و السلام کو ان کے مانگنے سے بڑھ کر دیا۔ اسی طرح رسول کریم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے جو دعائیں کیں۔ ان سے بڑھ کر دیا جائے۔ یہ کیسی جامع دعا ہے۔ اس سے بڑھ کر کوئی کیا مانگ سکتا ہے یہی وجہ ہے۔ کہ صوفیا کہتے چلے آئے ہیں۔ کہ

## روحانی ترقی کا گُر

درود ہے۔ یہ سنکر نادان کہتے ہیں کہ محمد صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کے لئے رحمت و برکت درود میں مانگی جاتی ہے۔ اپنے لئے اس میں کیا ہے۔ کہ اس کے ذریعہ روحانی ترقی ہو سکتی ہے۔ مگر درود در اصل اپنے ہی لئے دعا ہے۔ اور حضرت ابراہیم علیہ السلام سے نسبت دے کر اس دعا کی وسعت اور جامعیت کو اور زیادہ بڑھا دیا گیا ہے

پس

## درود بہترین دعا ہے

اور اس پر جتنا زور دیا جائے اتنا ہی تھوڑا ہے۔ میں سمجھتا ہوں۔ اس نکتہ کو یاد رکھ کر۔ اگر کوئی درود پڑھے گا۔ تو اسے دعاؤں میں خاص لطف اور مزا آئے گا۔ کیونکہ اب پڑھنے والے کے لئے اس کے الفاظ گویا

## چیستاں اور معمہ نہیں

بلکہ خدا تعالیٰ تک پہنچنے کے لئے کھلا ہوا راستہ ہے۔ غور و فکر کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ورنہ خدا اور رسول کی طرف سے جتنی باتیں سکھائی گئی ہیں۔ ان میں بڑی بڑی حکمتیں ہیں۔ انسان اپنی نادانی سے انہیں قابل اعتراض سمجھتا ہے۔ مگر وہ بڑی بڑی برکتیں اپنے اندر رکھتی ہیں۔"

(خطبہ جمعہ منقول از اخبار الفضل ۲۳ جنوری [illegible]ء)

# حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود بھیجنے کے متعلق وحی الٰہی

(۱) نَحْمَدُكَ وَ نُصَلِّيْ (ترجمہ) ہم تیری تعریف کرتے۔ اور تجھ پر درود بھیجتے ہیں

(۲) اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ۔ اِنَّا اَنْزَلْنَاكَ بُرْهَانًا۔ وَ كَانَ اللّٰهُ قَدِيْرًا۔ عَلَيْكَ بَرَكَاتٌ وَ سَلَامٌ۔ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِيْمِ۔ (ترجمہ) تجھ پر سلام ہو۔ ہم نے تجھے برہان بنا کر بھیجا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کامل قدرتوں کا مالک ہے۔ تجھ پر برکات اور سلام ہو۔ رب رحیم کی طرف سے تجھ پر سلام ہے

(۳) اَصْحَابُ الصُّفَّةِ۔ وَ مَا اَدْرٰكَ مَا اَصْحَابُ الصُّفَّةِ تَرٰى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ يُصَلُّوْنَ عَلَيْكَ

(ترجمہ) اصحاب صفہ - اور تم کیا جانو کہ اصحاب الصفہ کیسے ہیں
تم ان کی آنکھوں کو دیکھتے ہو۔ کہ کثرت کے ان کے آنسو بہتے
ہیں۔ وہ تجھ پر درود بھیجتے ہیں۔

(۴) یُصَلُّوْنَ عَلَیْكَ اَبْدَالُ الشَّامِ - (ترجمہ) تجھ
پر شامی ابدال درود بھیجینگے۔

(۵) سَلَامٌ عَلَیْكَ یَا اِبْرَاهِیْمُ اِنَّكَ الْیَوْمَ
لَدَیْنَا مَکِیْنٌ اَمِیْنٌ - (ترجمہ) تجھ پر سلام ہو۔ اے
ابراہیم - آج تو ہمارے نزدیک مکین و امین ہے۔

(از براہین احمدیہ)

## حضرت مسیح موعود پر درود بھیجنے کے الفاظ

(از حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَصْحَابِ
مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی عَبْدِكَ الْمَسِیْحِ الْمَوْعُوْدِ وَ بَارِكْ
وَ سَلِّمْ - (بروایت مولوی عبد الستار صاحب کابلی مہاجر -)

(ترجمہ) اے اللہ محمدؐ پر اور آل محمدؐ اور اصحاب محمدؐ
پر اور اپنے بندے مسیح موعود پر درود اور برکات
اور سلام بھیج

# ناظرین کرام کی خدمت میں درخواست دعا

اس مضمون کو میں نے سیدی ومحسنی ومربی حضرت صاحبزادہ میرزا بشیر احمد صاحب کے ایک ایماء کی بناء پر رسالہ کی صورت میں شائع کیا ہے۔ اور ایک محرک اس کا میرے محسن اور نہایت ہی محسن بزرگ حضرت مولوی عبداللہ صاحب سنوری رضی اللہ عنہ کا مرض الموت سے قبل کی اپنی آخری ملاقات میں اس خاکسار کے پاس اپنے ایک ارادہ اور ایک نیت کا اظہار ہوا ہے۔ جسے پورا کرنے کی غرض اور خواہش سے میں نے اس رسالہ میں پچاس سے کچھ اوپر احادیث درج کی ہیں۔ اور اس کی تیاری اور ترتیب میں مجھے مخدومی حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل صاحب کی ہدایات اور اخویم مکرم شیخ یعقوب علی صاحب کے اخبار الحکم۔ اور اخویم مولوی محمد فضل خان صاحب چنگوی کی کتاب نہج المصلی۔ اور اخویم شیخ فضل احمد صاحب بٹالوی کی نوٹ بک اور حافظ ابن قیم رحمتہ اللہ علیہ کی کتاب جلاء الافہام سے بہت مدد ملی ہے۔ بلکہ احادیث تو میں نے تمام کی تمام اسی کتاب سے اور امام نووی کی نہایت ہی قابل احترام اور پیاری کتاب ریاض الصالحین سے لی ہیں۔ اور مخدومی مکرمی مولوی محمد الدین صاحب احمدی گوجرانوالہ کی توجہ اور خواہش سے بھی مجھے اس کام میں مدد ملی ہے۔ پس ناظرین کرام سے درخواست ہے کہ وہ ان بزرگان دین کو بھی اور خاکسار کو بھی اپنی دعاؤں میں شریک فرماویں۔ ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم وتب علینا انک انت التواب الرحیم۔ آمین

# ایک الہامی دُعا

## مشتمل بر تسبیح و تحمید و درود شریف

ایک مرتبہ میں سخت بیمار ہوا۔ یہاں تک کہ تین مختلف وقتوں میں میرے وارثوں نے میرا آخری وقت سمجھ کر مسنون طریقہ پر مجھے تین مرتبہ سورہ یٰسین سنائی۔ جب تیسری مرتبہ سورہ یٰسین سنائی گئی تو میں دیکھتا تھا کہ بعض عزیز میرے جو اب دنیا سے گذر بھی گئے۔ دیواروں کے پیچھے بے اختیار روتے تھے۔ اور مجھے ایک قسم کا سخت قولنج تھا۔ اور بار بار دمبدم حاجت ہو کر خون آتا تھا۔ سولہ[16] دن برابر ایسی حالت رہی۔ اور اسی بیماری میں میرے ساتھ ایک اور شخص بیمار ہوا تھا۔ وہ آٹھویں دن راہیٔ ملکِ بقا ہو گیا۔ حالانکہ اس کے مرض کی شدت ایسی نہ تھی جیسی میری۔ جب بیماری کو سولہواں دن چڑھا تو اس دن بکلّی حالات یاس ظاہر ہو کر تیسری مرتبہ مجھے سورہ یٰسین سنائی گئی۔ اور تمام عزیزوں کے دل میں یہ پختہ یقین تھا کہ آج شام تک یہ قبر میں ہوگا۔

تب ایسا ہوا کہ جس طرح خدا تعالیٰ نے مصائب سے نجات پانے کے لئے اپنے نبیوں کو دعائیں سکھلائی تھیں مجھے بھی خدا نے الہام کر کے ایک دعا سکھلائی اور وہ یہ ہے۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ۔

اور میرے دل میں خدا تعالیٰ نے یہ الہام کیا کہ دریا کے پانی

میں جس کے ساتھ ریت بھی ہو ہاتھ ڈال اور یہ کلمات طیبہ پڑھ اور اپنے سینہ اور پشت سینہ اور دونوں ہاتھوں اور منہ پر اس کو پھیر۔ کہ اس سے تو شفا پائیگا۔ چنانچہ جلدی سے دریا کا پانی مع ریت منگوایا گیا۔ اور میں نے اسی طرح عمل کرنا شروع کیا جیسا کہ مجھے تعلیم دی تھی۔ اور اسوقت حالت یہ تھی کہ میرے ایک ایک بال سے آگ نکلتی تھی اور تمام بدن میں دردناک جلن تھی اور بے اختیار طبیعت اس بات کی طرف مائل تھی کہ اگر موت بھی ہو تو بہتر۔ تا اس حالت سے نجات ہو۔ مگر جب وہ عمل شروع کیا تو مجھے اس خدا کی قسم ہے جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ ہر ایک دفعہ ان کلمات طیبہ کے پڑھنے اور پانی کو بدن پر پھیرنے سے میں محسوس کرتا تھا کہ وہ آگ اندر سے نکلتی جاتی ہے۔ اور بجائے اس کے ٹھنڈک اور آرام پیدا ہوتا جاتا ہے یہاں تک کہ ابھی اس پیالہ کا پانی ختم نہ ہوا تھا کہ میں نے دیکھا کہ بیماری بکلی مجھے چھوڑ گئی۔ اور میں سولہ دن کے بعد رات کو تندرستی کے خواب سے سویا۔ جب صبح ہوئی تو مجھے یہ الہام ہوا :- وَإِنْ كُنْتُمْ فِي رَيْبٍ مِمَّا نَزَّلْنَا عَلَىٰ عَبْدِنَا فَأْتُوا بِشِفَاءٍ مِنْ مِثْلِهِ۔ یعنی اگر تمہیں اس نشان میں شک ہو جو شفا دیکر ہم نے دکھلایا تو تم اس کی نظیر کوئی اور شفا پیش کرو"۔

(تریاق القلوب طبع اول صفحہ ۳۷ و ۳۸ نشان نمبر ۱۵)